ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور بیک وقت شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | ہفتہ 17 ربیع الثانی 1447ھ 11 اکتوبر 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 96
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

سیکورٹی فورسز کا آپریشن اورکزئی حملے میں ملوث تمام 30 بھارتی اسپانسرڈ خوارج ہلاک

7 اکتوبر کو ضلع اورکزئی میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعے میں وطن کے بہادر سپوت، لیفٹیننٹ کرنل جنید طارق اور میجر طیب راحت سمیت پاک فوج کے 11 جوان شہید ہوئے تھے

انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر ضلع اورکزئی کے علاقے جمال مایہ میں کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد بھارت کے حمایت یافتہ تمام 30 خوارج کو انجام تک پہنچا دیا گیا

پاکستان کی سیکورٹی فورسز ملک سے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم اور ثابت قدم ہیں، آئی ایس پی آر، علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشنز جاری

راولپنڈی (شاکر رحمان) سیکورٹی فورسز نے مصدقہ خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے اورکزئی حملے میں 2 افسران سمیت 11 جوانوں کی شہادت میں ملوث تمام 30 بھارتی اسپانسرڈ خوارج ہلاک کردیے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکورٹی فورسز نے 7 اکتوبر کو ضلع اورکزئی میں پیش آنے والے ہولناک واقعے میں ملوث خوارج کے خلاف مسلسل کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، اس واقعہ میں وطن کے بہادر سپوت، لیفٹیننٹ کرنل جنید طارق اور میجر طیب راحت سمیت 11 جوان شہید ہوئے تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز نے مصدقہ انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر ضلع اورکزئی کے علاقے جمال مایہ میں کی جانے والی کارروائی کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد بھارت کے حمایت یافتہ تمام 30 خوارج کو انجام تک پہنچا دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ کامیاب آپریشن نہ صرف اس سفاکانہ واقعے کا بدلہ ہے بلکہ اس کے اصل منصوبہ سازوں کو کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا ہے۔ علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشنز جاری ہیں تاکہ کسی بھی بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد کو تلاش کرکے ختم کیا جاسکے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کی سیکورٹی فورسز ملک سے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم اور ثابت قدم ہیں

آئی ایم ایف کی شرط پر ترقیاتی منصوبوں کی منظوری پر پابندی عائد

پابندی کی وجہ نامناسب جانچ اور تجزیے کے بغیر منصوبوں کی منظوری بنی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی شرط پر وزارتوں پر ڈیپارٹمنٹل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری پر پابندی عائد کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف کی پابندی کی وجہ نامناسب جانچ اور تجزیے......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کررہے ہیں

سیاحت کو فروغ دیکر بلوچستان کا مثبت تشخص اجاگر کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

نجی و سرکاری اشتراک کے تحت سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی

تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہیں، توجہ رسل و رسائل، انفراسٹرکچر کی ترقی اور نجی شعبے کی شمولیت پر مرکوز ہے

مثبت اقدامات سے صوبے کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں، بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں سیاحت کے شعبے کو ترقی دے کر بلوچستان کے مثبت اور پرامن تشخص کو اجاگر کیا جائے گا صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سیاحت کے فروغ کے لیے نجی و سرکاری اشتراک کے تحت......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، جنگ بندی کے بعد ہزاروں فلسطینی اپنے تباہ حال گھروں کو واپس لوٹ رہے ہیں

غزہ میں امن قائم، فلسطینی تباہ شدہ گھروں کو لوٹ آئے، اسرائیلی فوجیوں نے کچھ علاقے خالی کردیئے

اپنے فوجیوں کو معاہدے کے تحت طے شدہ لائن سے پیچھے ہٹانا شروع کردیا، حماس کے 11 قیدی رہا کیے جائینگے، اسرائیلی فوج

تقریباً 2 ہزار فلسطینی قیدیوں کی رہائی اور اسرائیلی فوج کے جزوی انخلا کے بدلے یرغمالیوں کو رہا کیا جائے گا، اسرائیلی وزیراعظم دفتر

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی فوج کی جانب سے غزہ جنگ بندی معاہدہ نافذ العمل ہونے کا اعلان کردیا گیا ہے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ حماس کے 11 قیدی رہا کیے جائیں گے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیل نے اپنے فوجیوں کو غزہ معاہدے کے تحت طے شدہ لائن سے پیچھے ہٹانا شروع کردیا ہے جب کہ غزہ کے لوگوں نے اپنے علاقوں کی جانب واپس جانے کا آغاز کردیا ہے۔ اس سے قبل اسرائیلی حکومت......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کلچرل فیسٹیول کی اختتامی تقریب کے دوران میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

پاکستان کو فرد واحد کی سیاست کی بھینٹ نہیں چڑھا سکتے، کے پی میں دہشتگردی کے پیچھے سیاسی مجرمانہ گٹھ جوڑ ہے، سرحد پار بھی دہشتگردوں کا پیچھا کرینگے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

سیاست ریاست سے بڑی نہیں، دہشتگردوں اور ان کے سیاسی سہولت کاروں کیلئے زمین تنگ کرینگے، ڈی جی آئی ایس پی آر

یہاں گورننس اور عوامی فلاح و بہبود کو جان بوجھ کر کمزور کیا گیا، جس کا خمیازہ آج تک خیبرپختونخوا کے بہادر اور غیور عوام اپنے خون سے بھگت رہے ہیں، جرائم کے ناسوروں کو بچانے کیلئے سیاسی آوازیں آتی ہیں

افغانستان کی سرزمین کو پاکستان پر حملے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، پاکستان کے عوام کی جان و مال کی حفاظت کرنے کیلئے جانے کیلئے جو ضروری اقدامات کئے جانے چاہئیں وہ کریں گے اور کئے جاتے رہیں گے

دہشت گردوں کے سہولت کار کسی بھی عہدے پر ہوں ان کیخلاف کارروائی ہوگی، دہشتگرد عناصر سانپ کی طرح، جو سانپ پالے گا وہ اس پر بھروسہ نہیں کرسکتا، دہشتگردی خود افغانستان کے عوام کیلئے بھی خطرہ ہے

صرف ریاست، افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ہی پاکستان کے عوام کی سلامتی کے ضامن ہیں، پاکستان کی فوج اور اس کے اداروں کو کسی سیاسی شعبدہ بازی سے پریشان نہیں کیا جاسکتا

فوج کو گھٹیا سیاست اور بیانیے میں نہ گھسیٹا جائے، ہمیں سیاست میں نہ لائیں، اگر فرد واحد سمجھتا ہے کہ اس کی سیاست ریاست سے بڑی ہے تو ہمیں یہ قبول نہیں، ترجمان پاک فوج کی پریس کانفرنس

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے خیبرپختونخوا میں سوچے سمجھے منصوبے کے تحت دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو جگہ دی گئی، گمراہ کن بیانیہ بنایا گیا، گورننس اور......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان، شرپسندوں کا پولیس ٹریننگ سنٹر پر حملہ، دوطرفہ فائرنگ میں 3 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں نے مین گیٹ سے خودکش گاڑی ٹکرائی اور بھاری ہتھیاروں سے سنٹر میں داخل ہوگئے، فائرنگ سے 1 پولیس اہلکار زخمی ہوگیا

پولیس ٹریننگ سنٹر پر 3 راکٹ لانچر بھی داغے گئے، فورسز نے فوری سنٹر کو گھیرے میں لے لیا، کلیئرنس آپریشن تا حال جاری ہے، حکام

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) دہشت گردوں نے ڈی آئی خان پولیس ٹریننگ سنٹر پر حملہ کردیا اور اندر داخل ہوگئے، سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں اور سنٹر کو گھیر لیا جس کے بعد دوطرفہ فائرنگ کے نتیجے میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ ڈی پی او سجاد احمد صاحبزادہ نے بتایا......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

شاہ محمود قریشی کی ضمانتیں روکی جارہی ہیں، زین قریشی

پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے درمیان نورا کشتی ہے، مہر بانو قریشی

لاہور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما زین قریشی نے کہا ہے کہ ضمانت کے معاملے پر ٹال مٹول جاری ہے۔ لاہور میں زین قریشی نے انسداد دہشت گردی کی......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بلغاری جیولری سیٹ ادائیگی کرکے اپنے پاس رکھا، بشریٰ

اٹلی سے لگائی گئی قیمت کو بطور شہادت پیش نہیں کیا جاسکتا، اہلیہ عمران خان

ایف آئی اے کو سائفر سے کچھ نہیں ملا تو اب یہ کیس بنا دیا، توشہ خانہ ریفرنس میں بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے توشہ خانہ ریفرنس میں 342 کے بیان میں کہا ہے کہ بلغاری جیولری سیٹ رولز کے مطابق ادائیگی کرکے اپنے پاس رکھا۔ انعام اللہ شاہ کو صہیب عباسی سے کم قیمت لگانے کا بھی نہیں کہا، انعام اللہ شاہ پہلے پی ٹی آئی سیکرٹریٹ پھر وزیراعظم ہاؤس میں بھی ملازم تھا، اسے 2 جگہوں سے تنخواہیں لیتے پر......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ترجمان پاک نے خارجیوں کے سہولت کاروں کو تین آپشن دے دیے

سہولت کاری کرنے والا خوارجیوں کو ریاست کے حوالے کرے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

پشاور (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے خارجیوں کے سہولت کاروں......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کے دائرہ اختیار کے حوالے سے توشہ خانہ رولز مکمل خاموش ہیں، عمران خان

نومبر 2022 سے میرے خلاف من گھڑت کیسز بنائے جارہے ہیں، جعلی کیس میں مجھے اور میری بیوی کو بری کرنا بنتا ہے

انعام اللہ مرکزی گواہ، اعتماد کچھ وجوہات کی بنا پر نہیں کیا جاسکتا، بانی پی ٹی آئی کا توشہ خانہ ریفرنس میں بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) توشہ خانہ ٹو کیس میں عمران خان نے اپنے دفاع میں عدالت میں دیے گئے 342 کے بیان میں کہا ہے کہ کیا 2018 میں توشہ خانہ پالیسی کے مطابق تحفے سے متعلق صرف رپورٹ نہ کرنے پر ایکشن لیا جاسکتا؟ توشہ خانہ تحائف 7 سے......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کا استعفیٰ منظور کرنے کیلئے آئین میں کوئی مدت نہیں، بیرسٹر گوہر

گورنر سے مطالبہ ہے وزیراعلیٰ کا استعفیٰ فوری منظور کریں، چیئرمین پی ٹی آئی

استعفیٰ موصول نہیں ہوا، آیا تو منظور کرنے میں وقت نہیں لگاؤں گا، گورنر فیصل کنڈی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے وزیراعلیٰ کا استعفیٰ منظور کرنے کی مدت کے حوالے سے آئین میں کوئی شق موجود نہیں۔ گورنر سے......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری محکمے سروس ڈلیوری کو موثر بنے، ضابطگیوں کا خاتمہ کریں، گورنر

انصاف کی فراہمی، حقوق کا تحفظ اور معاشرے کی اکثریت کی سیاسی و معاشی سرگرمیوں میں شمولیت یقینی بنانا ہی گڈ گورننس ہے

سستے اور فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے صوبائی محتسب کا ادارہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کرے، شیخ جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ انصاف کی فراہمی میں تاخیر ناانصافی کے مترادف ہے یہ وہ تلخ حقیقت ہے جس کا سامنا آج بھی بہت سارے سائلین کرتے ہیں جب بھی انصاف میں تاخیر ہوتی ہے تو غریب و نادار سائلین کو وہ مختلف بار نقصان اٹھانا پڑتا ہے پہلی مرتبہ خود جرم سے جبکہ دوسری دفعہ دوست روی اور تکلیف دہ قانونی عمل سے دو چار ہو جاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ سستا اور......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

شبلی فراز کی خالی نشست پر سینیٹ الیکشن کیلئے امیدواروں کی فہرست جاری

پی ٹی آئی، ن لیگ، جے یو آئی اور پیپلز پارٹی کے 5 امیدوار میدان میں

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز کی خالی نشست پر سینیٹ الیکشن کے لئے امیدواروں کی فہرست جاری کردی گئی۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جاری......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ریٹرن فائل کی تاریخ میں مزید کوئی توسیع قابل غور نہیں، ایف بی آر

15 کے بعد گوشوارے جمع کرانے والے "لیٹ فائلر" کیٹگری میں آجائیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کو وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی اور اسلام آباد کے داخلی و خارجی راستے بند، موبائل انٹرنیٹ سروس معطل

مذہبی جماعت کے احتجاج کے پیش نظر پنجاب یونیورسٹی کے زیراہتمام ہونے والے لا کے امتحانات ملتوی کردیے گئے

دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی، فضائی نگرانی کی جاری رہی

اسلام آباد راولپنڈی (زاہد احمد خان) مذہبی جماعت کے احتجاجی ریلی نکالنے کے اعلان کے بعد راولپنڈی اور اسلام آباد کے داخلی اور خارجی راستوں کو کنٹینرز لگا کر مختلف مقامات سے بند کردیا گیا ہے، لاہور تا......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر مینا مجید اثر کے سالانہ امتحانات میں پوزیشن ہولڈر طالبہ کو الیکٹرک سکوٹی دے رہی ہیں، صوبائی وزیر بخت کاکڑ بھی موجود ہیں

ذہنی صحت انسانی وقار، امید اور ترقی کی بنیاد ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ ذہنی صحت انسانی وقار، امید اور ترقی کی بنیاد ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یوم ذہنی صحت پر پیغام دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

فیض حمید حتمی اور منصفانہ انجام تک پہنچے گا، ترجمان پاک فوج

پشاور (بیورو رپورٹ) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ سابق ڈی جی آئی ایس آئی ریٹائرڈ جنرل فیض حمید کا کورٹ مارشل جاری ہے۔ پریس......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی، پشتونخوا میپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی صوبائی کمیٹی کے اجلاس کے افتتاحی سیشن سے خطاب کررہے ہیں

نوبل انعام وینزویلا کی رہنما ماریہ کورینا کے نام

ٹرمپ کو نوبل انعام نہ دے کر سیاست کو امن پر ترجیح دی گئی، وائٹ ہاؤس

ٹرمپ انسان دوست رہنما، جنگوں کا خاتمہ اُن کی پہچان ہے، امریکی ترجمان کا دعویٰ



واشنگٹن (م ڈ) وائٹ ہاؤس نے نوبل امن انعام کمیٹی کے فیصلے کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا، جس نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بجائے وینزویلا کی اپوزیشن رہنما ماریہ کورینا مچادو کو امن کا نوبل انعام دینے کا اعلان کیا۔ وائٹ ہاؤس کے ترجمان اسٹیون چیونگ نے سوشل میڈیا پلیٹ......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

علی امین گنڈاپور نے وزیراعلیٰ ہاؤس خالی کردیا

پشاور (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے وزیراعلیٰ ہاؤس خالی کردیا۔ خاندانی ذرائع کے مطابق علی امین گنڈاپور نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ ضمنیا بائی گاؤں چلے جائیں گے۔ دوسری طرف......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے افغانستان سے مکمل سفارتی تعلقات بحال کردیے

کابل میں بھارتی سفارتخانہ دوبارہ فعال، جے شنکر اور امیر خان متقی کی ملاقات

کابل/نئی دہلی (م ڈ) بھارت نے افغانستان کے ساتھ اپنے مکمل سفارتی تعلقات بحال کرتے ہوئے کابل میں اپنے ٹیکنیکل مشن کو باضابطہ طور پر سفارت خانے......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پی این ایس سی نے نئے جہازوں کی خریداری کا عمل تیز کردیا

سمندری لاجسٹکس صلاحیت کو مستحکم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، جنید انوار چوہدری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری کی ہدایت پر پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) نے نئے جہازوں......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور میں اورنج لائن ٹرین اور میٹرو بس سروس معطل

بس اڈے بھی بند، پنجاب پبلک سروس کمیشن میں ایس ڈی او پیرا کے پیپرز ملتوی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر اورنج لائن ٹرین اور میٹرو بس سروس معطل کردی گئی، شہر میں سٹی ٹرمینل اور ریہبر ٹرمینل سمیت......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

افغان مہمان نوازی کی قیمت اپنے خون سے ادا کی، اب واپس جائیں، خواجہ آصف

عمران خان نے ہزاروں طالبان کو پاکستان لاکر بسایا اور آج بھی پی ٹی آئی دہشتگردوں سے مذاکرات کی بات کررہی ہے، بیان

افغان مہمان اپنے گھروں کو جائیں اور یہ مفت بری اور محسن کشی بند کریں، یہ کیسے مہمان ہیں جو میزبانوں کا خون بہاتے ہیں، وزیردفاع

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمران خان نے ہزاروں طالبان کو پاکستان لاکر بسایا اور آج بھی پی ٹی آئی دہشت گردوں سے مذاکرات کی بات کررہی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں خواجہ آصف نے کہا کہ افغان حکومت کے ساتھ سالوں پر محیط مذاکرات اور وفود کے کابل......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

دشمن ممالک پی ایل اے کو فنڈنگ دے کر مضبوط کررہے ہیں، سرفراز بنگلزئی

کالعدم تنظیم خونریزی جیسے واقعات انجام دے کر ذمہ داری ریاست پر ڈال دیتی ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہتھیار ڈالنے والے دہشت گرد سرفراز بنگلزئی نے انکشاف کیا ہے کہ دشمن ممالک کی ایجنسیاں......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر داخلہ کا پشاور میں فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر کا دورہ

ایف سی کے جوانوں کو ٹریننگ کیلئے بیرون ممالک بھی بھیجا جائے گا، محسن نقوی کا اعلان

راولپنڈی (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پشاور میں فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا جہاں انکی زیرصدارت منعقدہ اجلاس میں امن و امان کی......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف کیساتھ مذاکرات مثبت رہے، کوئی بڑی رکاوٹ نظر نہیں آرہی، محمد اورنگزیب

سعودی عرب کے وژن 2030 سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں، سعودی سرمایہ کاروں کا خیر مقدم کرتے ہیں، وزیرخزانہ

حکومت برآمدات بڑھانے کیلئے پرعزم ہے، تین بڑی عالمی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستانی معاشی اشاریوں کو مثبت قرار دیا

سیلاب زدگان کی بحالی کا چیلنج درپیش ہے، وزیرخزانہ کا نے سعودی سرمایہ کاروں اور اوورسیز چیمبر آف کامرس سے ورچوئل

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ حالیہ مذاکرات مثبت رہے ہیں، اب تک کوئی بڑی رکاوٹ نظر نہیں آرہی، پاکستان میں سعودی سرمایہ کاروں کا خیر مقدم کرتے ہیں اور سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، فلک جاوید کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا

ملزمہ کے وکیل کی جسمانی ریمانڈ کی مخالفت، جوڈیشل کرنے کی استدعا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی مقامی عدالت نے پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا ایکٹوسٹ فلک جاوید کو جوڈیشل ریمانڈ پر......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ اللہ یار، بم دھماکے کے بعد سکیورٹی اہلکار جائے وقوعہ کا معائنہ کررہے ہیں

کوئٹہ، 20 لاوارث لاشیں دشت تیرامیل میں امانتاً سپرد خاک

ایف سی ہیڈکوارٹر کے حملہ آور اور اغبرت میں آپریشن سمیت مختلف کارروائیوں میں مارے جانے والے شامل

4 لاشیں منگچر سے کوئٹہ سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کی گئیں، چھیپا فاؤنڈیشن کی جانب سے تمام لاشیں رکھی گئیں تھیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سول سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ میں پڑی ہوئی 20 لاوارث لاشوں کی گزشتہ روز دشت تیرامیل کے قبرستان میں تدفین کردی گئی ہے۔ چھیپا فاؤنڈیشن کی جانب سے سول ہسپتال کوئٹہ میں پڑی ہوئی 20 لاشیں جن میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر حملے کے دوران جوابی کارروائی اور کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ میں آپریشن سمیت مختلف کارروائیوں......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ اللہ یار، بائی پاس پر بم دھماکہ، 1 بچہ جاں بحق، بھائی زخمی

پانچ بیچنے والے دو سگے بھائیوں کو روڈ پر ڈبہ ملا، کھولتے ہیں زوردار دھماکہ ہوگیا

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ دستی بخش ملسی) ڈیرہ اللہ یار بائی پاس کے قریب بم دھماکے میں ایک بچہ جاں بحق اور دوسرا زخمی ہوگیا دھماکہ ڈبے کو کھولتے ہوئے ہوا، پولیس حکام کے مطابق بائی پاس زیرو پوائنٹ کے قریب پانچ بیچنے والے دو سگے بھائیوں کو ایک ڈبہ ملا جسے کھولتے......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

وطن و وسائل کے تحفظ کیلئے متحد ہوکر جدوجہد کرنی چاہیے، محمود خان اچکزئی

منظم سیاسی جدوجہد ہی ہمیں بچا سکتی ہے ورنہ سب کچھ ہاتھ سے نکل جائیگا، شہدا کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرسکتے

پاکستان ہمارا ملک ہے، ملک میں پشتون علاقوں پر مشتمل قومی صوبہ پشتونوں کا حق ہے، صوبائی کمیٹی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے جنوبی پشتونخوا کی صوبائی کمیٹی کے دو روزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں تمام اقوام اپنے حقوق......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

دیوالی تہوار، سندھ میں 20 اکتوبر کو تعطیل کا اعلان

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ حکومت نے اقلیتی برادری کے تہوار کو......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم نے کیش لیس پاکستان اسٹریٹجی کی منظوری دیدی

وزیرخزانہ نے حکومتی حکمت عملی سے متعلق تحریری رپورٹ پارلیمان میں پیش کردی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) کیش لیس اکانومی کے فروغ کیلئے......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

امن معاہدے کے باوجود غزہ پر اسرائیلی فضائی حملے جاری

غزہ (بیورو رپورٹ) حماس اور اسرائیل کے درمیان امن معاہدہ ہو جانے کے باوجود غزہ کے مختلف علاقوں میں اسرائیلی فضائی حملے جاری ہیں۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق جنگ بندی کا مقصد یہ تھا کہ اسے اسرائیلی حکومت کی جانب سے گزشتہ رات منظور کیے جانے کے فوراً بعد نافذ کیا جائے......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی سے جے یو آئی کے امیر مولانا فضل الرحمٰن ملاقات کررہے ہیں

ایک ہفتے کے دوران 21 اشیاء کی قیمتیں بڑھ گئیں، ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی میں 0.17 فیصد اضافہ

9 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں صارفین کیلئے قیمتوں کا حساس اشاریہ 332.75 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا

چکن کی قیمت میں 8.92 فیصد، پیاز 7.47 فیصد، آٹا 5.74 فیصد، انڈے 2.25 فیصد، گڑ 1.70 اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں ضروری اشیاء کی قیمتوں میں ہفتہ وار بنیادوں پر 0.17 فیصد اور سالانہ بنیادوں پر 4.34 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایک ہفتے کے دوران 21 اشیاء کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ پاکستان بیورو برائے شماریات (پی بی ایس) کی جانب سے......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اے سی سریاب مصور احمد کی نگرانی میں افغان مہاجرین کو گرفتار کرکے لے جایا جارہا ہے

بی ایف اے کی ٹیم نے 50 میٹ شاپس کی چیکنگ کی

قواعد کی خلاف ورزی پر 45 گوشت فروشوں کو جرمانے، متعدد کو نوٹسز جاری

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا غیر معیاری اور مضر صحت گوشت کی فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ شہر میں جاری مہم کے تحت جوائنٹ روڈ کے مختلف علاقوں میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے متعدد گوشت کی دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دوران انسپکشن کل 50 دکانوں کی چیکنگ کی گئی، 3 مٹن، 32 فش اسٹالز، 4 بیف شاپس اور 6 پولٹری شاپس مالکان پر جرمانے عائد جبکہ 5 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ اتھارٹی حکام کے مطابق جرمانہ کردہ مراکز میں حفظان صحت کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزیاں سامنے آئیں جن میں صفائی کی مجموعی حالت کی خرابی، آلودہ فریزرز، مکھیوں کی بھرمار، دکانوں کے باہر گوشت گرد و غبار میں لٹکا ہوا اور بغیر لائسنس کاروبار جیسے عوامل شامل تھے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق مہم کا مقصد عوام کو محفوظ، تازہ اور معیاری گوشت کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ اس ضمن میں مختلف انسپکشن ٹیموں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر انسپکشنز کو موثر بناتے ہوئے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔ سرفراز بگٹی صاحب سے درخواست ہے کہ فوری ایکشن لیتے ہوئے کوالٹی کے حساب سے دودھ کا ریٹ جاری کروایا جائے کیونکہ کوئیڈ وار الکلاف ہے اس کو دیکھ کر سائیڈوں کے تمام اضلاع میں ریٹ بڑھ جاتا ہے۔

ڈائریکٹر جاپان قونصلیٹ اسرار احمد عدیل پچلاک ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین ملک رشید کاکڑ کو جاپان کی جانب سے پچلاک ہیلتھ کیئر ہسپتال کیلئے ایمبولینس دے رہے ہیں

بچوں کے لیے علیحدہ جیل کا قیام اہم سماجی ضرورت ہے، اے ڈی سی (ریونیو)

اس منصوبے سے بچوں کے اصلاح و تربیت کے بہتر مواقع فراہم ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق کی زیر صدارت بچوں کے جیل (Juvenile Centre) کے قیام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیلدار سٹی، تحصیلدار سریاب، نائب تحصیلدار سٹی سمیت دیگر نائب تحصیلداران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران نقشوں کے ذریعے مجوزہ مقامات کا جائزہ لیا گیا اور اس بات پر غور کیا گیا کہ بچوں کے جیل کے لیے مناسب زمین فراہم کی جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جلد از جلد زمین کی نشاندہی مکمل کر کے محکمہ جیل خانہ جات کے حوالے کی جائے تاکہ یہ منصوبہ جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے لیے علیحدہ جیل کا قیام ایک اہم سماجی ضرورت ہے جو اصلاح و تربیت کے بہتر مواقع فراہم کرے گا۔

وزیراعلیٰ پختونخوا کی تبدیلی پارٹی کے عظیم تر مفاد میں ہے، حاجی سیف اللہ کاکڑ

سہیل آفریدی کی قیادت میں صوبہ خیبر پختونخوا ترقی کریگا، کارکن ہمیشہ کی طرح پرعزم ہیں

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ کے پی کے کی تبدیلی کا پارٹی کے عظیم تر مفاد میں ہے، سہیل آفریدی کی قیادت میں کے پی کے نہ صرف ترقی کریگا بلکہ پارٹی کارکنوں کے تحفظات و خدشات کا بھی ازالہ ہوگا۔ تحریک انصاف متحد ہے بانی پی ٹی آئی کے اس فیصلے کے بعد مخالفین کی صفوں میں صف ماتم بچھ گئی۔ ان خیالات کا اظہار تحریک انصاف کے رہنما حاجی سیف اللہ خان کاکڑ نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی کے کی تبدیلی کے بعد پی پی اور ن لیگ کی فرینڈلی لڑائی کا بھی خاتمہ ہوا اور یہ فیصلہ ان جماعتوں پر بجلی بن کر گرا ہے اور محاذ آرائی بھلا کر دونوں مسترد شدہ جماعتیں سر جوڑ کر بیٹھ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف بانی عمران خان کی قیادت میں متحد و منظم ہے، طویل وصبر آزما جدوجہد اور بدترین مصائب و مشکلات اور مظالم سہنے کے باوجود کارکنوں کے عزم میں کوئی کمی نہیں آئی، انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف اقتدار کی نہیں ملک و قوم کی حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہی ہے۔

سابق صدر پریس کلب عبدالخالق رند، سینئر نائب صدر افضل مغل، نور الہیٰ بگٹی اور صحافیوں سے سینئر سیاستدان نوابزادہ لشکری رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں

او پی ایف اور بیسٹ ویسٹرن ہوٹل کے درمیان معاہدہ

ممبران کو خصوصی رعایتیں اور پریمیئر ریوارڈ پروگرام میں شمولیت ملے گی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) او پی ایف اور بیسٹ ویسٹرن ہوٹل کے درمیان معاہدہ طے پا گیا، ممبران خاطر خواہ رعایتیں حاصل کریں گے، مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر دیئے گئے۔ اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) نے اپنے فلیگ شپ اقدام، "بیرون ملک پاکستانیوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ڈسکاؤنٹ پروگرام" کے تحت بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ہوٹل، اسلام آباد کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ اس تعاون کے تحت، او پی ایف ممبران بیسٹ ویسٹرن پریمیئر کی طرف سے پیش کردہ مہمان نوازی کی خدمات پر خاطر خواہ رعایتیں حاصل کریں گے۔ متفقہ رعایتوں میں رہائش پر 40 فیصد، فوڈ آؤٹ لیٹس پر 20 فیصد، سیلون اور لانڈری کی خدمات پر 15 فیصد، اور ضیافت کی سہولیات پر 10 فیصد شامل ہیں۔ مزید برآں، او پی ایف ممبران کو بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ریوارڈ پروگرام میں بھی شامل کیا جائے گا، جو دنیا بھر میں 4500 سے زیادہ ہوٹلوں میں قابل ادائیگی ہے۔ یہ رعایتیں اور فوائد او پی ایف ملازمین تک بھی پہنچیں گے۔ مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر او پی ایف کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل ویلفیئر اینڈ سروسز/ ایچ آر، ایڈ اے مصطفیٰ حیدر اور جنرل منیجر بیسٹ ویسٹرن راشد رو ؟ ف بانڈے نے دستخط کیے۔ دستخط کی تقریب کی صدارت چیئرمین بورڈ ؟ ف گورنرز، او پی ایف، سید قمر رضا، اور مینیجنگ ڈائریکٹر، او پی ایف، جناب افضال بھٹی نے کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، چیئرمین او پی ایف، سید قمر رضا نے اس بات پر زور دیا کہ سمندر پار پاکستانیوں کی فلاح و بہبود اور انہیں سہولت فراہم کرنا مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، اور سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان اس طرح کے تعاون سمندر پار کمیونٹی کو پہچاننے اور ان کی خدمت کے لیے اجتماعی عزم کی علامت ہے۔ مینیجنگ ڈائریکٹر او پی ایف، محمد افضال بھٹی نے بیسٹ ویسٹرن پریمیئر کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ شراکت داری عملی، قدر پر مبنی اقدامات کے ذریعے سمندر پار پاکستانیوں اور ان کے خاندانوں کے لیے اپنے سہولت کاری کے نیٹ ورک کو بڑھانے کے لیے او پی ایف کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتی ہے۔ یہ شراکت داری تعاون کے ایک ماڈل کی نمائندگی کرتی ہے جس کا مقصد او پی ایف کے فلاح و بہبود، شناخت اور خدمت کی عمدہ کارکردگی کے مشن کو مضبوط بناتے ہوئے سمندر پار کمیونٹی کو ٹھوس فوائد فراہم کرنا ہے۔

کوئٹہ میں گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت کھلے عام جاری ہے، رحیم کاکڑ

بی ایف اے کی کارکردگی عوامی صحت کے تحفظ کے بجائے محض اخباری بیانات تک محدود ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میرواعس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، توقیر بھٹی، ضیا الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول، سردار احمد اور بشیر احمد نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص کارکردگی پر شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوڈ اتھارٹی برائے نام کی اتھارٹی بن چکی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ میں گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت کھلے عام جاری ہے، لیکن فوڈ اتھارٹی خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ عوامی صحت کے تحفظ کے بجائے محض اخباری بیانات تک ان کی کارکردگی محدود ہے۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ ایسے غیر قانونی اور مضر صحت اقدامات کے خاتمے کے لیے قانون سازی کی جائے تاکہ عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کو سخت ترین سزائیں دی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کوئٹہ شہر کے تمام ہوٹلوں اور بیکریوں میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کی جانچ لازمی قرار دی جائے۔ تحریک انصاف عوام کی صحت کے تحفظ کے معاملے پر کسی قسم کی سودے بازی قبول نہیں کرے گی اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔

قومی خطاطی نمائش 23 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقد ہوگی

عنوان سیرت النبی ﷺ ہوگا، نظامت ثقافت حکومت بلوچستان کا تعاون حاصل ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے فن خطاطی سے وابستہ ممتاز تنظیم کیلگرافرز ایسوسی ایشن آف بلوچستان کے زیر اہتمام اور نظامت ثقافت حکومت بلوچستان کے تعاون سے سیرت النبی ﷺ کے عنوان سے قومی خطاطی نمائش 23 اکتوبر 2025 بروز جمعرات کو منعقد ہوگی۔ نمائش کا افتتاح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں نوری فزیکل کمپلیکس، سبزل روڈ پر کیا جائے گا۔ صوبائی صدر حافظ اکرم حافظ محمد صادق اور سیکرٹری جنرل استاد محمد رفیق نے اپنے مشترکہ بیان میں بتایا کہ ربیع الاول کی بابرکت ایام کی مناسبت سے اس عظیم الشان خطاطی نمائش کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ اس موقع پر ملک بھر کے نامور خطاط شرکت کریں گے اور حضور نبی کریم ﷺ کے اسمائے مبارکہ کو خوبصورت و دلآویز انداز میں مختلف خطاطی کے اسالیب میں پیش کریں گے۔ رہنماؤں نے کہا کہ اس نوع کی علمی و فنی سرگرمیاں نہ صرف نوجوان نسل میں فن خطاطی کی ترویج کا باعث بنتی ہیں بلکہ عشق رسول ﷺ کے جذبات کو بھی مزید مہمیز دیتی ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بڑی تعداد میں شرکت کر کے فن خطاطی سے وابستگی رکھنے والے افراد حصہ لیں گے۔

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے رہنما داراحسین خان اچکزئی UC5 میں ایک بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کاموں کیلئے برقی لائنوں کی شفٹنگ اور بجلی کھمبوں کی تنصیب کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 11 اکتوبر سے 13 اکتوبر تک (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11Kv جیل نور خروٹ آباد، ویسٹرن بائی پاس، ایئرپورٹ روڈ، تکاتو، عمر، دو شمین، کنڈنی سینٹر، بی اے ایف آریا اور دو اریم فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب تو، اولڈ جان محمد، نیو جان محمد، اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہے گی۔ اسکے علاوہ 12 اکتوبر کو (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے ہزارہ ٹاؤن، کراچی، پی ایم سی، اے ون سٹی، سمنگلی ایکسپریس، اختر محمد، مری، مچ، سارا اے ون سٹی، سری روڈ، واسا، انڈسٹریل فیڈرز صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم فیڈر صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں 12 اکتوبر کے روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان روڈ، حالی روڈ، نئی لیاقت بازار ایکسپریس فیڈرز دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اس کے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کام کیے جا رہے ہیں اس سلسلے میں 11 اکتوبر (بروز ہفتہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے کراچی، سریاب ون، انڈسٹریل، ہزارہ ٹاؤن، جائنٹ روڈ، سادات واسا، منی مارکیٹ، پی ایم سی، کراچی ایکسپریس، گرڈ کالونی فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 12 اکتوبر کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11Kv اولڈ سمنگلی، پی ٹی وی، ملک پلانٹ، جناح روڈ، سورج گنج بازار، ایم ای ایس، کیسکو، عالم خان، مارک فیکٹری، ایف سی ہسپتال، مالک، کسٹم فیڈروں سے صبح 8 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ علاوہ ازیں 13 اکتوبر کو (بروز پیر) مستونگ گرڈ اسٹیشن کے فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اسی روز منجھو شوری اور گلستان گرڈ اسٹیشن کے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

دریچہ، ادب کوئٹہ چیپٹر کی نئی کابینہ منتخب ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) دریچہ، ادب پاکستان کوئٹہ چیپٹر بلوچستان کے انتخابات کے سلسلے میں بانی ممبران کا ایک اجلاس گزشتہ روز ہوا جس میں اتفاق رائے سے سمیرا سحر کو سرپرست اعلیٰ، صدف غوری کو صدر، نادرہ ضمیر کو نائب صدر، شاہ محمد شاہی کو جنرل سیکرٹری، علی رند کو ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، فرخ شہزاد کو پریس سیکرٹری، محمد موسیٰ سومرو کو چیف آرگنائزر منتخب کیا گیا۔ چیپٹر کے چیف ایگزیکٹو سحر ملتانی نے نو منتخب عہدیداروں کو دلی مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی تمام عہدیدار اس پلیٹ فارم سے ادب ترویج و ترقی کے لئے بھرپور محنت کریں گے۔

جمعیت طلباء اسلام خلفائے راشدین یونٹ کلی چلتن کا اجلاس ہو

کوئٹہ (اے این این) جمعیت طلبہ اسلام خلفائے راشدین یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے مجلس عاملہ کا اہم اجلاس الجمعیت ہاؤس میں زیر صدارت یونٹ کے صدر اعجاز الرحمن جنگ منعقد ہوا اجلاس میں 16 اکتوبر کو جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام عظیم الشان سیمینار کو کامیاب بنانے پر غور و خوض دوسرا ایجنڈا جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام عظیم الشان پیغام امن کانفرنس کی کامیابی اور تشہیری مہم پر غور و خوض کیا گیا اجلاس میں اہم فیصلے کیے فیصلہ نمبر 1/15 اکتوبر بروز بدھ رات کو 9 بجے تمام کارکنان جتھہ مہم میں بھرپور شرکت کریں گے فیصلہ نمبر 2/16 اکتوبر کو جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام عظیم الشان سیمینار میں امیر صاحب کی مسجد سے 2 بجے اجتماعی طور پر روانہ ہونگے فیصلہ نمبر 3/17 اکتوبر کو جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام عظیم الشان پیغام امن کانفرنس میں شرکت کرنے کے لیے تین بجے فاروقیہ مسجد کے سامنے جمع ہو جائے گی۔

وزیراعظم شہباز شریف کا جنرل اسمبلی میں خطاب تاریخی تھا، مسلم لیگ ن

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات و ترجمان چوہدری شبیر نے کہا ہے کہ جنرل اسمبلی میں پاکستان کو جو وقار، عزت، احترام اور پذیرائی ملی ہے وہ تاریخ میں سنہرے الفاظ میں یاد رکھا جائے گا۔ یہ بات وزیراعظم کے خطاب پر تبصرہ کرتے ہوئے کہی انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اپنے خطاب میں نہ صرف پاکستان کا موقف جرات مندی سے پیش کیا بلکہ عالمی برادری کو انصاف، ترقی اور امن کے حقیقی تقاضوں کی یاد دہانی بھی کرائی۔ ان کے خطاب میں کشمیر کا مسئلہ، فلسطینی عوام پر مظالم، خطے میں دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلیوں، معاشی چیلنجز اور ترقی پذیر ممالک کے مسائل کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا، جو نہ صرف قابل تحسین ہے بلکہ ہر پاکستانی کے جذبات کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔ وزیراعظم نے عالمی قوتوں پر واضح کیا کہ پاکستان امن کا داعی ہے، لیکن "اپنے قومی مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا"۔ یہ خطاب دراصل "ایک قومی بیانیہ تھا متوازن، حقیقت پسند اور عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے والا"۔ ہم وزیراعظم کے اس بصیرت افروز خطاب کو قوم کی فتح سمجھتے ہیں۔

الحاج عبدالخالق لہڑی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) لیاقت بازار کوئٹہ کے تاجر الحاج عبدالخالق لہڑی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے، وہ حافظ عبدالناصر لہڑی، حاجی عبدالسلام لہڑی، حافظ محمد لقمان لہڑی کے والد، الحاج مولانا قاری عبدالصمد لہڑی، کے بھائی، شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ عبدالواحد لہڑی کے چچا زاد بھائی، تبلیغی جماعت کے مولانا عبدالهادی لہڑی، حافظ عبدالحلیم لہڑی، حافظ عبداللہ لہڑی، حافظ مسعود احمد لہڑی کے چچا، حافظ عبدالقدیر لہڑی، حاجی عبدالوحید لہڑی، حاجی عبدالودود لہڑی، حاجی حبیب الرحمن لہڑی، حافظ زبیر احمد لہڑی، حافظ بشیر احمد لہڑی کے ماموں، قبائلی رہنما ملک عبدالغفار لہڑی، ڈاکٹر عطاء اللہ لہڑی، ڈاکٹر عبدالحق لہڑی، قاری عبدالحفیظ لہڑی، حافظ عثمان غنی لہڑی، حاجی اسحاق لہڑی، حاجی عبدالمنان لہڑی کے کزن تھے۔ فاتحہ خوانی جامع مسجد بلوچی اسٹریٹ کوئٹہ میں جاری ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورزم فیسٹیول میں شرکت کیلئے آ رہے ہیں

زیارت ضلعی انتظامیہ طبی سہولیات کی بہتری کیلئے کوشاں ہے، ڈی سی

غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کی جائے گی، بلا جواز غیر حاضری ناقابل برداشت ہے

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت محمد ریاض داوڑ نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال زیارت کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر بلوچ ایم ایس ڈاکٹر عرفان بھی موجود تھے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی، لیبارٹری اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مریضوں سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا اور ہسپتال عملے سے ان کی کارکردگی پر بھی گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے ہسپتال انتظامیہ کو عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ صحت عامہ کی سہولیات میں مزید بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی انہوں نے کہا کہ غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کی جائے گی ڈاکٹرز اور مددگار اسٹاف کی غیر حاضری کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے مریضوں کا بروقت علاج کیا جائے ان کی داد رسی کی جائے تاکہ مریضوں کو مشکلات نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔

پشتون قوم کی محرومیوں کا خاتمہ سیاسی جدوجہد سے ہی ممکن ہے، احمد خان

منقسم پشتون وطن کو ایک لڑی میں پرونے کیلئے اکابرین کی نقش قدم پر چلنے کی ضرورت ہے

پشتون بلوچ اقوام کی جغرافائی حدود روز روشن کی طرح عیاں ہیں، نفرتیں محض سازش ہے

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے قائد تحریک صدر احمد خان نے کارکنوں سے خطاب کرتے کہا ہے کہ پشتون قوم کی محرومی سے نکلنے کیلئے اجتماعی نظریاتی سیاسی جدوجہد ناگزیر ہے پشتون بلوچ صوبے میں اقوام صدیوں سے اخوت بھائی چارے کی زندگی گزار رہے ہیں سب سے پہلے پشتون قوم و مذہب پرستوں یکسو ہو کر منقسم پشتون وطن کو ایک لڑی میں پرونے کی نظریاتی سیاست کا اہتمام کرے پشتون بلوچ اقوام کی جغرافائی حدود روز روشن کی طرح عیاں ہیں اس لئے نفرت انگیز انتقامی نعرے اور بیانیہ اب پرسودہ ہو گئے ہیں ماضی میں برادر اقوام کو اپنی ذاتی مفادات اور کرسی تک رسائی کیلئے مولی گاجر کی طرح کاٹنے کے حربے استعمال کئے گئے اب ایسا نہیں ہونے دیں گے قوم کی محرومی سے نکلنے کیلئے اجتماعی جدوجہد ناگزیر ہے۔ منقسم پشتون وطن کو ایک لڑی میں پرونے کیلئے پختہ عزم اور ٹھوس ارادے کی اشد ضرورت ہے ملک میں مختلف حصوں میں منقسم پشتون افغان قوم کیلئے ایک متحدہ صوبہ پشتونستان کے قیام میں کردار ادا کرنا ہمارا نصب العین ہے کیونکہ پشتون قوم کی افرادی قوت اکٹھے ہو کر مظلوک الحال قوم کی بہتر رہنمائی کر سکتے ہیں غیر تسند پشتونوں کو اپنوں اور غیروں نے آپنی آپنی مذموم مقاصد کیلئے مختلف اوقات میں آگ کی ایندھن کے طور پر استعمال کیا ہے پشتون سیاسی قوتیں یکسو ہو کر ڈیڑھ کروڑ پشتونوں کی آفرادی و جغرافائی قوت و وحدت کو ملک کے دیگر پشتون علاقوں کے ساتھ ملانے کیلئے اگر متحد ہو جائے پشتون دشمن سامراجی و استعماری قوتیں بعض پشتون قوم و مذہب کے دعویداروں کے کندھوں پر بندوق رکھ کر استین کی سانپ کا کردار ادا کرنے والوں کو استعمال کر رہے ہیں

مسائل کا حل مشترکہ جدوجہد کا متقاضی ہے، غفار جمالی

ایگریکلچر ایمپلائز یونین رانی باغ زون کی نو منتخب کابینہ نوجوان قیادت پر مشتمل ہے

کوئٹہ (پ ر) ایگریکلچر ایمپلائز یونین رانی باغ زون کے عہدیداروں نے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی دفتر کوئٹہ میں اللہ سلطان، عبدالستار، عبدالحلیم خان، عبدالستار، عبدالولید اور دیگر عہدیداروں سے ملاقات کی اور باہمی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس دوران ایگریکلچر ایمپلائز یونین کے مرکزی صدر غفار جمالی، جنرل سیکرٹری منظور احمد، شاہنواز زہری اور رانی باغ زون کے تمام عہدیداران موجود تھے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے نو منتخب کابینہ رانی زون صدر اعجاز مینگل، جنرل سیکرٹری ریاض بلوچ، جوائنٹ سیکرٹری نیاز جاموٹ، جونیئر نائب صدر شاہ زمان حسنی، فنانس سیکرٹری سید تیمور شاہ، آفس سیکرٹری نصیر کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سلمان اشون کو مبارکباد پیش کی۔ دریں اثناء انہوں نے ایگریکلچر ورکروں کو درپیش مسائل، محکمانہ ترقیاں اور سروس رول کا نہ ہونا، ملازمین کے ساتھ امتیازی سلوک، تنخواہوں کی بروقت، ٹرانسفر پوسٹنگ، ریٹائرمنٹ کے مسائل، انتظامیہ کے ساتھ ملازمین کا کٹھ مکاؤ، سودے بازی، عدالتی معاملات، یونینوں پر پابندیاں وغیرہ جیسے مسائل زیر بحث لائی گئی۔ مسائل کا تدارک کیلئے مل جل کر کام کرنے اور باہمی جد و جہد پر زور دیا گیا۔ انہوں نے ایگریکلچر ایمپلائز یونین رانی باغ زون کے نو منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے یہ امید ظاہر کی کہ رانی باغ زون کا کابینہ پڑھے لکھے اور نوجوان قیادت پر مشتمل ہے جو ورکروں کیلئے دن رات محنت اور جہد و جہد کو یقینی بنائینگے۔ کیونکہ بغیر تنظیم سازی اور یکجہتی سے ہم اپنے جائز حقوق حاصل نہیں کر سکتے نہ ہی ورکروں کے فلاح و بہبود کیلئے کام اور مراعات لے سکتے ہیں۔ لہذا روایتی معاملات سے ہٹ کر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم ملکی اور بین الاقوامی معیارات پر پورا اترنے کیلئے اپنے آپ کو اور اپنے محنت کشوں کو یکجا کر کے ٹیم ورک، تعلیم تربیت اور شعور و آگاہی کے ان معیارات کو حاصل کر سکیں۔ آخر میں انہوں نے یہ عہد کیا کہ ہم آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے بینر تلے ٹیم ورک کریں گے اور زرعی محنت کشوں اور ساتھیوں کو آرگنائز کریں گے۔

قلندرانی قبیلے کے دو فریقین کے مابین تنازعے کا تصفیہ ہوگیا

5 سال قبل سریاب روڈ پر جھگڑے میں منور قلندرانی جاں بحق ہوگئے تھے

کوئٹہ (آن لائن) قلندرانی قبیلے کے دو فریقوں کے درمیان پرانا خونی تنازعہ کا تصفیہ ہوگیا۔ بلوچی رسم و رواج کے مطابق میڑھ سردار زادہ میر ضیا الرحمن قلندرانی، سردار زادہ میر حسین احمد ہنگورگی، چیئرمین قلندرانی اتحاد مراد ندیم قلندرانی کی موجودگی میں حل ہو گیا یاد رہے کہ 5 سال قبل سریاب روڈ پر جھگڑے میں منور قلندرانی جاں بحق ہو گئے تھے گزشتہ روز نگری ظہور احمد قلندرانی کی جانب سے بلوچی میڑھ محمد عمر قلندرانی کے گھر گیا جس پر بلوچی میڑھ کو عزت بخشتے ہوئے خون معاف کر دیا گیا اور دونوں فریق شیر و شکر ہو گئے اس موقع پر میڑھ میں شریک مفتی ممتاز احمد قلندرانی، میر صحبت خان ہنگورگی، نور احمد قلندرانی، حاجی غلام رسول قلندرانی، میر ناصر قمبرانی، نگری نذیر احمد ہنگورگی، نگری مراد خان ہنگورگی، حاجی منظور احمد قلندرانی، حاجی صالح محمد قلندرانی، خدا رحیم قلندرانی، ملک عبدالرحمن ہنگورگی، محمد یونس قلندرانی، میر رؤف قلندرانی، محی الدین قلندرانی، عدیل مراد قلندرانی، میر ہزار سالانہ میر وحید احمد ہنگورگی، میر عبدالرحمن قمبرانی، حبیب قلندرانی، سرفراز ہنگورگی سمیت دیگر درجنوں قبائلی معتبرین موجود تھے۔

کوئٹہ، ہیلپ کے زیر اہتمام جاری ورکشاپ بی ایس فیکلٹی ٹریننگ (مپل) کے گیارہویں روز ریسورس پرسن ڈائریکٹر بیکٹ شہزاد انور، سید جمیل اصغر اور ڈاکٹر غلام رسول خواتین شرکا کو بریفنگ دے رہے ہیں

جنگیں ہتھیاروں سے نہیں جذبوں سے لڑی جاتی ہیں، طارق جعفری

میجر سبطین شہید قوم کے وہ ہیرو ہیں جنہوں نے مادر وطن پر جان قربان کر دی



کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان لسان تحریک طارق جعفری غلام مصطفیٰ چنگیزی علی مردان چنگیزی فدا حسین ہزارہ نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر سبطین حیدر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا جنگیں ہتھیاروں سے نہیں جذبوں سے لڑی جاتی ہیں جو فقط نشان حیدر کی متمنی پاک فوج کا خاصہ ہے پوری قوم جذبہ حیدری سے سرشار نشان حیدر والی دلیر بہادر افواج پاکستان کی پشت پر ایستادہ ہے امن کی چھاں میں رہنے والا ہر پاکستانی افواج کا مقروض ہے۔ میجر سبطین حیدر ہزارہ شہید قوم کے وہ ہیرو ہیں جنہوں نے مادر وطن پر جان قربان کر دی ہے کہ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے میجر سبطین حیدر نے اپنی جان کا نذرانہ دیکر یہ ثابت کر دیا ہے کہ بلوچستان کے عوام بھی دہشت گردوں کے خلاف ہیں، حکومت نیشنل ایکشن پلان کی تمام شقوں پر من و عن عملدرآمد کو یقینی بنائے تاکہ ملک سے دہشت گردی کا قلع قمع ہوسکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں طارق احمد جعفری نے کہا کہ پاکستان سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاک فوج اور دیگر سیکورٹی اداروں کے جوان اور افسران اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کے دوران کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے پاک فوج کے میجر سبطین حیدر نے جام شہادت نوش کیا جنہیں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عساکر پاکستان سپوتوں، پولیس ایف سی کے جوانوں اور شہدا دین و وطن کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، پاکستان کی سلامتی کی جانب اٹھنے والی اس کی میلی آنکھ پھوڑ دی جائے گی پوری قوم عساکر پاکستان کی پشت پر ایستادہ ہو کیونکہ اندرونی دشمن پر قابو پا کر بیرونی دشمن سے نمٹا جا سکتا ہے۔ طارق احمد جعفری نے شہید سبطین حیدر کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ایک گھر میں ایک سے زائد بجلی کنکشنز منقطع کرنا غیر منصفانہ ہے، شمس کرد

مشترکہ خاندانی نظام کے باعث زیادہ تر گھروں میں ایک سے زائد خاندان رہتے ہیں

ایسے گھروں میں دو یا تین بجلی اور گیس کے کنکشن معمول کی بات اور ان کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی ترجمان میر شمس کرد نے کیسکو کی جانب سے ایک گھر میں ایک سے زائد کنکشنز منقطع کرنے سے متعلق نئی پالیسی کو غیر منصفانہ، ظالمانہ اور عوام دشمن اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ خاندانی نظام کے باعث زیادہ تر گھروں میں ایک سے زائد خاندان رہتے ہیں جس کے باعث ایک گھر میں دو یا تین بجلی اور گیس کے کنکشن معمول کی بات ہے مگر اب کیسکو کی جانب سے فی گھر ایک کنکشن کی پالیسی شہریوں کو مزید مشکلات میں دھکیلنے کے مترادف ہے۔ کیسکو کی نااہلی اور ناقص انتظامی کارکردگی کو چھپانے کے لیے عوام پر نئے بوجھ ڈالے جا رہے ہیں۔ بجلی چور مافیا کے خلاف کارروائی کے بجائے عام صارفین کو نشانہ بنانا کھلی زیادتی ہے۔ میر شمس کرد نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر علاقے پہلے ہی لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور خراب ٹرانسفارمرز کے عذاب میں مبتلا ہیں اب اس پالیسی سے عام صارف کیلئے مزید مشکلات پیدا کی جا رہی ہیں۔

چپسا بلوچستان کا دو روزہ سپریم کونسل اجلاس 11، 12 اکتوبر کو ہوگا

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن (چپسا رجسٹرڈ 2076) بلوچستان کا دو روزہ سپریم کونسل اجلاس 11/12 اکتوبر 2025 کو سول اسپتال کوئٹہ میں ہونے جا رہا ہے چپسا رجسٹرڈ 2076 بلوچستان کی صوبائی قیادت کی طرف سے بلوچستان کے تمام ممبران مجلس عاملہ کو کونسل میں آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

جمعیت نے وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے ہر محاذ پر جنگ لڑی ہے، محمد طاہر توحیدی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام 17 اکتوبر کو پیغام امن کانفرنس ہوگی جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی صوبائی نائب امیر سابق وزیر مولانا محمد سرور ندیم خصوصی خطاب کریں گے 17 اکتوبر کو ہونے والے پیغام امن کانفرنس انعقاد سے دور رس نتائج برآمد ہونگیں خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کے سیکرٹری اطلاعات نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ سرپرست اعلیٰ مولانا داز محمد حسنی مولانا شیخ عبدالحق حاجی محمد سلیمان جنگ مولانا مفتی عبدالوہاب قاری شاہ محمد مولانا عبدالاحد ریگی سینئر نائب امیر مولانا محمد صادق نائب امیر مولانا عبدالمنان سعادت نائب امیر سوئم مولانا نصیب اللہ حقانی نائب چہارم مولانا مفتی حسین احمد سرپرست مولانا محمد قاسم مولانا حافظ محی الدین مولانا عبدالواسع مولانا حافظ ولی محمد مولانا محمد نسیم مدنی نے کہا کہ 17 اکتوبر کو جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام پیغام امن کانفرنس کے مثبت نتائج برآمد ہونگے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکن 17 اکتوبر کو ہونے والے پیغام امن کانفرنس کی کامیابی کے لیے تیاریوں کا آغاز کریں عوام کو بھرپور انداز میں تیار کریں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ وطن عزیز کی دفاع اور سلامتی کے لیے ہر محاذ پر جنگ لڑی ہے 17 اکتوبر کو پیغام امن کانفرنس سے اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔

جماعت اسلامی کا آل بلوچستان جائزہ اجلاس اتوار کو کوئٹہ میں طلب

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی کا آل بلوچستان جائزہ اجلاس اتوار کو کوئٹہ میں طلب۔ مرکزی سیکرٹری جنرل خصوصی طور پر شریک ہوں گے۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے اضلاع برادر تنظیمات اور خواتین نظم کا ایک روزہ اجلاس اتوار 12 اکتوبر صبح 10 سے رات تک مدرسہ دارالرشاد چمن پھاٹک کوئٹہ طلب کیا گیا ہے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ سمیت صوبہ و اضلاع اور برادر تنظیمات کے ذمہ داران شریک۔ جبکہ مرکزی سیکرٹری جنرل امیر العظیم خصوصی طور پر شرکت کریں گے۔ اس اہم اجلاس میں اضلاع و صوبہ تنظیمی ورکنگ، مارچ ریورس مرکزی اجتماع عام کی تیاری و آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے مشاورت و اہم فیصلے کیے جائیں گے۔

انصاف دلانے پر وفاقی محتسب کے مشکور ہیں، سائلین

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالمجید کے بھائی کا چار سال سے بلاک شناختی کارڈ کھلوا دیا گیا۔ درخواست گزار عبدالمجید نے بتایا کہ ان کے بھائی کا شناختی کارڈ غیر منصفانہ طور پر پچھلے چار برس سے بلاک ہے۔ وہ متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹ چکے ہیں کئی کمیٹیاں کر چکے ہیں لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام ڈاکومنٹس تمام ریکارڈ کمیٹی اور نادرا دفتر میں پیش کر چکے ہیں اس کے باوجود ہماری شکایت کا ازالہ نہیں کیا جا رہا۔ لہذا مجبور ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی بلا وجہ تاخیر پر درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے بھائی کا بلاک شناختی کارڈ جلد کھول دیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے بھائی کا بلاک شناختی کارڈ ان بلاک کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے ذریعہ ویڈیو پیغام وفاقی محتسب کا بے حد شکریہ ادا کیا۔

مقامات مقدسہ کی حفاظت کی ذمہ داری ملنا پوری قوم کیلئے اعزاز ہے، جلات خان اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کسٹم بونڈیڈ کیریئر ایسوسی ایشن کے مرکزی جنرل سیکرٹری اور چیمبر آف کامرس کے سابق صدر حاجی جلات خان اچکزئی نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دو طرفہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ حرمین پاک اور مقامات مقدسہ کی سرزمین کی حفاظت کی ذمہ داری پاکستان کو ملنا پورے قوم کیلئے اعزاز ہے انہوں نے کہا ہے کہ بھارت کے مذموم عزائم کو میدان جنگ میں شکست سے دوچار کرنے کے بعد پورے عالم اسلام کی نظریں پاکستان اور اس کے پیشہ ورانہ مہارتوں کے حامل فوج کے جانب ہے۔

مسترد شدہ نااہل لوگوں کو مسلط کر کے سیاست کو بدنام کیا گیا، زاہد اختر بلوچ

صوبے میں قلت آب، بجلی، گیس لوڈشیڈنگ، بدامنی حکومتی ناکامی کے ثبوت ہیں

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر سیاسی کمیٹی کے صدر زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان میں قلت آب بجلی، گیس لوڈشیڈنگ، بدامنی، شاہراہوں کی بندش، معصوم لاتعلق لوگوں کی جبری گمشدگی کا نوٹس لیا جائے۔ عوام کے مسترد شدہ نااہل لوگوں کو مسلط کر کے جمہوریت و سیاست کو بدنام کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں اجلاس سے خطاب وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا اسلام آباد کے بااختیار مسلط طبقات پانی کا نظام ٹھیک کر کے زراعت میں جدت لا کر عوام کے معیار زندگی بہتر بنائیں بجز بنا کر ذخیروں پر توجہ دیکر بجلی سستی کریں بلوچستان کے عوام و تاجر طبقات کو ایران سے سستا تیل و گیس سمیت قانونی تجارت کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ لاء اینڈ آرڈر ٹھیک کر کے بلوچستان کو امن و سکون دیں۔ بلوچستان کیٹو ورزم کو بہتر بنا کر اور امن و امان قائم کر کے فی کس آمدنی بڑھ جائے۔ بہتر اور معیاری نظام تعلیم دیکر قوم کو ترقی و خوشحالی دی جا سکتی ہے۔ غربت اور جہالت اور بے روزگاری ختم کر کے بلوچستان کو خوشحال بنا سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے اسلام آباد کے طاقتور طبقات اور بلوچستان پر مسلط فارم 47 والوں کا مقصد صرف اور صرف دولت سمیٹنا ہے۔ اسی وجہ سے عوام نان نفقہ، امن، روزگار اور ترقی کے محتاج ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی سے سینئر سردار عمر گورگیج کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی اتحاد کر کے کوئٹہ کو اپنا گڑھ بنائیں گے، نور احمد

موجودہ حکومت اتحادی جماعتوں کے ساتھ ملکر مسائل کے حل کیلئے اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما نور احمد محمد حسنی نے گزشتہ روز پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر سردار محمد عمر گورگیج سے ملاقات کی اس موقع پر سینئر رہنما ارشد علی اور شہزاد کاسی بھی موجود تھے۔ نور احمد محمد حسنی نے کہا کہ گزشتہ حکومتوں کے ادوار میں ضلع کوئٹہ میں مختلف پارٹیاں اقتدار میں آئی لیکن عوام کیلئے کچھ نہیں کیا سڑکیں کھنڈرات میں تبدیل ہو گئے آب نوشی اسکیمیں غیر فعال ہونے کے باوجود فنڈز جاری کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے کوئٹہ میں پانی کی قلت ہے اور لوگ بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ اسکیمات صرف کاغذی کارروائی تک محدود تھے ان کے ثمرات عوام تک منتقل نہیں کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت اتحادی جماعتوں کے ساتھ ملکر مسائل کے حل کیلئے اقدامات کر رہی ہے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی اتحاد کر کے ضلع کوئٹہ کو اپنا گڑھ بنائیں گے۔ دونوں جماعتوں کی اتحاد آنے والے الیکشن میں بھی ہونا چاہئے تاکہ زیادہ سے زیادہ نشستیں حاصل کر سکیں۔ دونوں رہنماؤں نے آئندہ بھی ایک دوسرے ملنے اور مسائل کے حل کو آئندہ بات چیت کے ذریعے آگے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔

پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ فیگو کی ٹرسٹی کے عہدے پر منتخب ہوگئیں

ڈاکٹر عائشہ پاکستان کی تاریخ میں اس عہدے پر منتخب ہونے والی پہلی خاتون ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے تعلق رکھنے والی سینئر گائنا کالوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ انٹرنیشنل فیڈریشن آف گائنا کالوجی اینڈ آبسٹیٹرکس فیگو کے انتخابات میں ٹرسٹی کے عہدے پر منتخب ہو گئیں۔ ڈاکٹر عائشہ پاکستان کی تاریخ میں اس عہدے پر منتخب ہونے والی پہلی خاتون ہیں۔ ڈاکٹر عائشہ صدیقہ کو حال ہی میں فیگو ویمنز ایوارڈ 2025 سے بھی نوازا گیا، یہ ایوارڈ طبی شعبے میں نمایاں کارکردگی اور خدمات کے اعتراف میں دیا جاتا ہے۔ اس حوالے سے ڈاکٹر عائشہ کا کہنا ہے کہ انٹرنیشنل فیڈریشن آف گائنا کالوجی اینڈ آبسٹیٹرکس کی جنرل اسمبلی کی رکنیت حاصل ہونا اعزاز ہے، یہ اعزاز صرف میرا نہیں بلکہ بلوچستان سمیت پاکستانی میڈیکل کمیونٹی کی تاریخی کامیابی ہے۔ فیگو دنیا بھر کی گائنا کالوجی اور زچگی سے متعلق تنظیموں کا سب سے بڑا عالمی ادارہ ہے، فیگو کی جنرل اسمبلی میں 142 ممالک سے صرف 10 نمایاں شخصیات کو شامل کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر عائشہ صدیقہ بولان میڈیکل یونیورسٹی میں پروفیسر اور اسپتال میں گائنی کے شعبے کی سربراہ رہ چکی ہیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حافظ محمد طارق ڈسٹرکٹ جیل کو زمین کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تحصیل دفاتر میں پرائیویٹ ایجنٹس کا داخلہ بند کیا جائے، سکندر لہڑی

ڈی سی آفس میں تعینات نان کیڈر کمپیوٹر آپریٹر کو عہدے سے ہٹایا جائے

کوئٹہ (آئی این پی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) کمشنر، ڈپٹی کمشنر آفس یونٹ کوئٹہ کے صدر سکندر لہڑی نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر آفس میں تعینات نان کیڈر کمپیوٹر آپریٹر کو عہدے سے ہٹا کر مستقل سپرنٹنڈنٹ ریونیو برانچ تعینات کیا جائے ایک نان کیڈر شخص جو کہ کمپیوٹر آپریٹر ہے اور بطور سپرنٹنڈنٹ ریونیو برانچ پورے نظام کو یرغمال بنائے ہوئے ہیں اسے فوری طور پر ہٹایا جائے تاکہ نظام میں بہتری آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل دفاتر میں پرائیویٹ ایجنٹس کا داخلہ بھی فی الفور بند کیا جائے تاکہ سرکاری امور میں شفافیت اور نظم و ضبط کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے سرکاری زمین پر پی ڈی ایم اے کی جانب سے جاری کام پر بھی شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ زمین پر عدالت کی جانب سے حکم امتناعی جاری ہونے کے باوجود کام جاری ہے، جسے فی الفور روکا جائے۔ ایپکا صدر نے حکام بالا سے اپیل کی کہ تمام تحصیل دفاتر (صدر، سریاب، کچلاک، سٹی سمیت) میں تعینات لیویز اہلکاروں کو کلریکل پوسٹوں سے ہٹا کر اصل ذمہ داریوں پر مامور کیا جائے اور دفاتر میں نجی ایجنٹس کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کی جائے۔

فرح عظیم شاہ ایک غریب پرور مدبر سیاستدان ہیں، رہنما بی اے پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما محمد سلیم نے اپنے جاری کردہ بیان میں رکن صوبائی اسمبلی و منزلہ بے باک مخلص لیڈر محترمہ میڈم فرح عظیم شاہ کو بلوچستان عوامی پارٹی کے بلا مقابلہ صوبائی خواتین ونگ کے صدر منتخب ہونے پر دلی کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میڈم فرح عظیم شاہ ایک غریب پرور مدبر سیاستدان ہے وہ ہمیشہ بلوچستان اور بلوچ قوم خصوصا نوجوانوں کے فلاح و بہبود اور بلوچستان میں خواتین کے حقوق کیلئے عمل کر ہر فارم پر آواز بلند کی ہے موصوفہ بلوچستان اسمبلی میں بھی بلوچ قوم کے توانا آواز بن کر بلوچستان کے محرومیوں کے خاتمے اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اپنے موثر کردار ادا کر دی ہے میڈم فرح عظیم شاہ بطور خواتین ونگ کی صوبائی وہ بلوچستان عوام پارٹی کو بلوچستان میں مزید منظم و فعال کرنے اور بلوچستان عوامی پارٹی کے قائدین کے پیغام کو گھر گھر پہنچا کر بلوچستان کے عوام کو بلوچستان عوامی پارٹی کے جھنڈے تلے متحد کر کے بلوچستان کے عوام کے حقوق کا جنگ جمہوری و سیاسی انداز میں لڑیں گی۔

مشاورتی/سپریم کونسل کے اعلان کردہ کنونشن کو مسترد کرتے ہیں، ینگ ڈاکٹرز

منتخب کابینہ کی عدم موجودگی میں مشاورتی/سپریم کونسل کی سرگرمیوں کی کوئی آئینی حیثیت نہیں

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے کہا ہے کہ مشاورتی/سپریم کونسل کے اعلان کردہ غیر آئینی کنونشن کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں ایک الیکٹڈ کابینہ کی عدم موجودگی میں مشاورتی/سپریم کونسل کی جانب سے پالیسی بیان، پریس کانفرنس، کنونشن یا اس نوعیت کی دیگر سرگرمیوں کی کوئی آئینی حیثیت نہیں ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ مشاورتی/سپریم کونسل جمہوری طرز پر نئی کابینہ کی تشکیل کیلئے ڈاکٹر کمیونٹی کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی بجائے کنونشن کے نام پر ڈرامہ رچا کر تنظیم پر قبضہ برقرار رکھنا چاہتی ہے کابینہ تحلیل ہونے کے بعد نئی کابینہ کی تشکیل کے لیے موبلائزیشن کرنے کے بجائے، ان غیر آئینی سرگرمیوں کے ذریعے تنظیم کو مزید تقسیم کیا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ صحت اور صوبائی حکومت کے جانب سے ڈاکٹروں کے ساتھ ناانصافی کیے گئے انتہائی نامناسب رویے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ انتخابات سے پہلے اور الیکٹڈ کابینہ کی غیر موجودگی میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے نام سے ہونے والی ہر قسم کی سرگرمی غیر آئینی قرار دی جائے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ تنظیم کو موجودہ آئینی بحران سے نکالنے کے بجائے، مشاورتی/سپریم کونسل اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے تنظیم کو مزید کمزور کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ صحت کی میجر اسٹیک ہولڈر تنظیم ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی کھوئی ہوئی ساکھ کو بحال کرنے کا واحد راستہ صاف شفاف اور غیر جانبدار انتخابات ہیں تمام ممبران سے اپیل ہے کہ وہ ان غیر آئینی سرگرمیوں کی مکمل طور پر حوصلہ شکنی کریں اور ایک الیکٹڈ کابینہ کے قیام تک کسی بھی غیر آئینی سرگرمی کا حصہ نہ بنیں۔

بی ایم سی ہسپتال کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے، ایم ایس

ایم ایس نے ہسپتال کا دورہ کیا، ایمرجنسی، لیبارٹریز، وارڈز اور دیگر شعبوں کا معائنہ کیا

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر محمد نسیم ککیزئی اور ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر یارس مینگل نے بی ایم سی ہسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور او پی ڈیز کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران طبی سہولیات، صفائی، سیکیورٹی اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر محمد نسیم ککیزئی نے اس موقع پر کہا کہ دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے ہسپتال کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا تاکہ مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ راؤنڈ کے دوران ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ، لیبارٹریز، وارڈز، نرسنگ اسٹاف اور دیگر شعبوں کی حاضری بھی چیک کی گئی۔ راؤنڈ کا مقصد طبی خدمات کو مزید موثر بنانا اور ہسپتال میں عوامی توقعات کے مطابق سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا تھا۔

ڈیری فارمرز مالکان دودھ براہ راست 170 روپے فی لیٹر فروخت کر رہے ہیں، عابد جدون

اکثر فارمرز دودھ فروشوں کو مکس دودھ کے نام پر گائے کا دودھ دے رہے ہیں جس کی قیمت 125 روپے ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) آل ڈیری ملک شاپ اینڈ سپلائر ایسوسی ایشن کے رہنما عابد جدون و دیگر نے الزام عائد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اکثر ڈیری فارمرز خود دکانیں بنا کر دودھ 170 روپے لیٹر فروخت کر رہے ہیں اور ہمیں کہتے ہیں کہ دودھ کا ریٹ بڑھا دیا۔ اکثر فارمرز مکس دودھ کے نام پر صرف گائے کا دودھ، دودھ فروشوں کو دے رہے ہیں ضلعی انتظامیہ نے گائے کے دودھ کا ریٹ 125 روپے فی لیٹر ہول سیل دیا ہوا ہے جبکہ فارمرز ہمیں یہی دودھ 175 روپے لیٹر دے رہے ہیں۔

کوئٹہ، قلندرانی قبیلہ کے دو فریقوں کے درمیان خونی مسئلے کا حل سردار زادہ میر ضیاء الرحمن قلندرانی، سردار زادہ میر حسین احمد ہنگورگی، چیئرمین قلندرانی مراد ندیم قلندرانی کی موجودگی میں بلوچی میڑھ دعا کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

میجر سبطین حیدر نے وطن پر جان نچھاور کی، شہادت عظیم قومی نقصان ہے، نسیم الرحمن

ہماری بہادر افواج نے ہمیشہ ہر محاذ پر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے اور کسی بھی دشمن کی سازش ہمارے عزم، حوصلے اور اتحاد کو متزلزل نہیں کر سکتی

دہشت گردی درحقیقت دہشت و وحشت پر مبنی ایک ذہنیت کا نام ہے، جس کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمن خان ملاخیل نے میجر سبطین حیدر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ میجر سبطین حیدر دلیر، فرض شناس اور مادر وطن پر جان قربان کرنے والے سپاہی تھے جنہوں نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر خدمات انجام دیں۔ نسیم الرحمن ملاخیل نے کہا کہ میجر سبطین حیدر کی شہادت ایک عظیم قومی نقصان ہے۔ اور پوری قوم ان کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاک فوج قوم کا فخر ہے۔ ہماری بہادر افواج نے ہمیشہ ہر محاذ پر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہے اور کسی بھی دشمن کی سازش ہمارے عزم، حوصلے اور اتحاد کو متزلزل نہیں کر سکتی۔ صوبائی مشیر نے میجر سبطین حیدر کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور اس عظیم شہید کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی، اور قوم ہمیشہ ان کے جذبہ حب الوطنی کو یاد رکھے گی صوبائی مشیر نسیم الرحمان ملاخیل نے گذشتہ روز تیرہ چونخوا میں ہونے والے تمام شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی درحقیقت دہشت و وحشت پر مبنی ایک ذہنیت کا نام ہے جن کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کل کے تمام شہدا کو سوگوار خاندانوں کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ پوری قوم آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹورزم فیسٹیول میں ایک اسٹال کا دورہ کر رہے ہیں

شکر گڑھ میں بندروں نے شہریوں اور محکمہ وائلڈ لائف کو بے بسی کا ناچ نچا دیا

شکر گڑھ (این این آئی) شکر گڑھ میں بندروں نے شہریوں اور محکمہ وائلڈ لائف کو بے بسی کا ناچ نچا دیا۔ شکر گڑھ کے محلہ قادری محلہ اور سکھو چک میں بندر گھس آئے ہیں۔ شہریوں کے مطابق بندروں کی حرکتوں سے گلی محلوں میں رہائشی آبادی کے مکین تنگ آچکے ہیں۔ شہریوں کے مطابق بندر بچوں سے چیزیں چھین کر لے جاتے ہیں جس سے بچے خوف کا شکار ہو جاتے ہیں، بندروں کو پکڑنے کے لیے محکمہ وائلڈ لائف اور ریسکیو اہلکار کوششوں میں مصروف ہیں۔

چمن شہر میں ترقیاتی منصوبوں کو بلاتفریق جاری رکھا جائے گا، عبدالخالق اچکزئی

نکاسی آب کے نظام کی بہتری، اسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں فعال نظام قائم رکھنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

کہ چمن میں پینے کے صاف پانی کی قلت ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے، جس کے حل کے لئے جامع منصوبہ تیار کیا جا رہا ہے، اسپیکر

چمن (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے چمن کا مختصر دورہ کیا ترقیاتی منصوبوں اور امن وامان کے قیام کے عزم کا اظہار چمن اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے چمن کے دورے کے موقع پر اپنی رہائشگاہ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چمن شہر میں ترقیاتی کاموں کو ترجیحی ... اداروں میں فعال نظام قائم رکھنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ چمن شہر میں امن و امان کو کسی صورت خراب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انتظامیہ، پولیس اور لیویز فورس کو ہدایت کی گئی کہ وہ 24 گھنٹے عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ چمن میں ترقیاتی منصوبے تیزی ... علاقے کے نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے مواقع میسر آ سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گورنمنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول چمن کو کوئٹہ کے معروف سنڈیمن ہائی اسکول کے معیار کے برابر لانے کے لئے اقدامات جاری ہیں، اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کی تعیناتیاں کی جا رہی ہیں تاکہ طلبہ کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کیا جا ...

وندر پولیس نے منشیات سپلائنگ گروہ کا سرغنہ گرفتار، 140 گرام آئس شیشہ برآمد

اقتدار کی رسہ کشی نے ملک کا بیڑہ غرق کردیا ہے، پروفیسر حلیم صادق

ملک میں جاری نئی سیاسی ہلچل اور اقتدار کی جنگ نے عوام کو شدید مایوس کردیا ہے

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ ملک میں ایک مرتبہ پھر ... زبوں حالی اور صحت کے شعبے کی ابتری پر کوئی توجہ دینے کے بجائے سیاسی جماعتیں صرف اقتدار کے حصول اور اپنے مفادات کی جنگ میں ...

اسرائیل کو کھلی چھوٹ سب کو چھبنے لگی تھی، شیری رحمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ اسرائیل کو کھلی چھوٹ سب کو چھبنے لگی تھی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیری رحمان نے کہا کہ اقوام ...

قلعہ عبداللہ میں 35 سال بعد عظیم الشان تبلیغی اجتماع کا انعقاد

وندر، مہنگائی کا جن بے قابو خودساختہ نرخوں نے عوام کی کمر توڑ دی

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

اسپیکر قومی اسمبلی سے بی آر اے کے وفد کی ملاقات

سحر کامران نے حکومتی پالیسیوں پر اظہار تشویش

کوئٹہ کراچی بس ٹرمینل منصوبہ پچاس کروڑ روپے ضائع!

وندر، ڈام بندر کے سمندر میں کشتی سے گر کر سندھ کا ماہی گیر جاں بحق

دنیا بھر کی طرح بیلہ میں بھی ذہنی صحت کا عالمی دن منایا گیا

پاک فوج نے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کی کمر توڑ دی ہے، بخت کاکڑ

پاک افواج نے پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر خدمات انجام دیں

صوبے کی ترقی عوامی خوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، عاصم کرد گیلو

جی سی سی آئی کا گوادر میں چھوٹی صنعتیں قائم کرنے کا اعلان

مشکوک خاتون کی 2 طالبات کو زبردستی لے جانے کی کوشش

عالمی امن انصاف اور قانون کی حکمرانی پر منحصر ہے، پاکستان

ہنڈائی پاکستان نے ایلانٹرا 2.0 لمیٹڈ ایڈیشن متعارف کرا دیا

... Imperial آپشنز متعارف کرائے ہیں: Regal Cappuccino، Burgundy اور Nobel Beige، جو کیبن کو زیادہ پرکشش اور نفیس بناتے ہیں۔ لمیٹڈ ایڈیشن میں خصوصی اپ گریڈز جیسے اسپورٹی ریئر اسپوائلر، بلیک سائیڈ مررز، ڈور وائزرز، ٹرنک میٹ، اور شارک فن انٹینا شامل کیے گئے ہیں، جو گاڑی کو مزید پریمیم اور اسپورٹی لک دیتے ہیں۔ کمپنی کے مطابق، ایلانٹرا 2.0 لمیٹڈ ایڈیشن ہنڈائی کی اس پالیسی کا حصہ ہے جس کے تحت صارفین کو جدید فیچرز، بہترین کارکردگی، اور دلکش اسٹائلنگ کے امتزاج کے ساتھ پاکستانی سیڈان مارکیٹ میں بہتر انتخاب فراہم کیا جا رہا ہے۔

اپنی مقبول سیڈان گاڑی ایلانٹرا 2.0 لمیٹڈ ایڈیشن باضابطہ طور پر متعارف کرا دی ہے، جو جدید خصوصیات اور منفرد ڈیزائن اپ گریڈز کے ساتھ پیش کی گئی ہے۔ کمپنی کے مطابق، ایلانٹرا لمیٹڈ ایڈیشن کی بکنگ ملک بھر میں ہنڈائی ڈیلرشپس پر شروع ہو چکی ہے، جس کی ابتدائی قیمت 68 لاکھ 50 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ نئی ایلانٹرا میں 2.0 لیٹر MPI انجن دیا گیا ہے جبکہ وائرلیس چارجنگ، سن روف، 16 انچ الائے رمز، ڈوئل زون کلائمیٹ کنٹرول، اور 10 وے پاورڈ ڈرائیور سیٹ جیسی جدید سہولیات شامل ہیں۔ ڈرائیورز اپنی پسند کے مطابق چار مختلف ڈرائیونگ موڈز میں سے انتخاب کر سکتے ...

یونیورسٹی آف تربت کے وفد کا الفلاح کالج کا دورہ، اے ڈی پی امتحانات کا معائنہ

... (پی) کے امتحانات کا معائنہ کیا۔ وفد میں ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات شکیل احمد اور اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات ندیم جان شامل تھے۔ وفد نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر اور گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج پسنی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اے ڈی اور بی ایس پروگرامز کے فال سمسٹر 2025 کے مڈٹرم امتحانات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وفد نے امتحانات کے شفاف اور منظم انعقاد کو یقینی بنانے ...

... وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے خصوصی پروگرام کے تحت فراہم کیے گئے ہیں۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل کمشنر حیدر آباد فیاض حسین عباسی تھے جنہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ دن ان باصلاحیت طلبہ کی کاوشوں اور کامیابیوں کے اعتراف کا دن ہے جنہوں نے اپنی محنت، لگن اور ثابت قدمی سے اپنے اداروں اور والدین کا نام روشن کیا۔

... رہے ہیں جو بھی مقدس سمجھے جاتے تھے۔ پاکستانی سفیر نے جموں وکشمیر اور فلسطین میں طویل قابضانہ تسلط اور جبر کی مثال دی

... تہذیب کی اساس اور سماجی و اقتصادی ترقی و خوشحالی کے لیے قوت افزا عنصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک قانونی تصور نہیں بلکہ عالمی امن ...

ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

CANCELLATION

It is hereby notified for general information that the tenders invited by this office TSE-252608811973 (Flood Protection Bund Miri Bug) and TSE-252608811993 (Flood Protection Bund Ghina) PRQ No.665/18-8-2025 are opened and Cancelled due to some reason and it will be re-tenders soon

PRQ No.1848/10-10-2025

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION TURBAT

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE TO RESUME WORK – CONSTRUCTION OF FOOTBALL STADIUM IN SURBANDAR.

To, M/S A.S.M Enterprises, Government Contractor(Owned by Ali Sanaullah)

It is hereby notified that the construction work at "Construction of Football Stadium in Surbandar" (PSDP Sports Sector scheme), scheme awarded to your firm during the Financial Year 2021–2022, remains incomplete to date.

Despite multiple reminders, no significant progress has been observed at the project site.

Through this public notice, you are formally directed to resume the pending work within seven (07) days from the date of this notice.

Failure to comply will result in the **cancellation of the contract, forfeiture of the security deposit**, and initiation of **further action as per departmental rules and regulations**.

PRQ No.1843/10-10-2025

Executive Engineer-Building
CW, PP&H Department District
Gwadar

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی نوشکی

FIR نمبر 55/2025 CTD ... 11F (i) (ii) 302,427,147,148,149- 7 ATA

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ نوشکی

PRQ No1859/10-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

Refer to the two No. Notice Inviting Tenders (NITs) published by the undersigned vide PRQ No. 1579/26-9-2025 and 1586/27-9-2025 having TSE-252609876443, TSE-252609876503, TSE-252609876573, TSE-252609876603, TSE-252609876633, TSE-252609876683 and TSE- ,252609877963, TSE-252609877513, TSE-252609877563, TSE-252609877573, TSE- 252609877593, TSE-252609877643, TSE-252609877743, TSE-252609878033, TSE-252609877793, TSE-252609877833, TSE-252609877873 respectively, wherein, the corrigendum has been made in the technical evaluation criteria so tender submission and opening deadlines of above mentioned tenders are extended and will be on 21 st Oct, 2025. Whereas, the closing and opening time of the tenders will be on the same day at 12.00pm and 01.00pm respectively.

PRQ No.1847/10-10-2025

(SENIOR ASSISTANT DIRECTOR)
Local Govt & Rural Dev Dept,
Naseerabad

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM/EXTENSION DATE

With reference to Tenders TSE-252609873063, TSE-252609873173 & TSE-252609873313 published in Daily newspapers vide PRQ No.1476/24-09-2025, the tender opening date has been extended from 10th October 2025 to 17thOctober2025 due to unavoidable circumstances. All other terms and conditions shall remain the same.

PRQ No.1853/10-10-2025

Executive Engineer,
Patfeeder Canal Division
Dera Murad Jamali

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 11 اکتوبر 2025ء

آئی ایم ایف مذاکرات: اصلاح احوال کا سلسلہ اور معاشی استحکام کا ہدف

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ مذاکرات مثبت رہے ہیں اور اب تک کوئی بڑی رکاوٹ نظر نہیں آ رہی۔ آئی ایم ایف مشن کی سربراہی چیف ایوا پیٹروا نے کی، جنہوں نے 24 ستمبر سے 8 اکتوبر تک کراچی اور اسلام آباد میں پاکستان کی اقتصادی ٹیم سے ملاقاتیں کیں، ان ملاقاتوں میں 7 ارب ڈالر کے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) اور ایک ارب 10 کروڑ ڈالر کے موسمیاتی تبدیلیوں کے پروگرام (آر ایس ایف) کے نفاذ کا جائزہ لیا گیا۔ مبصرین و تجزیہ کار اس امید کا اظہار کر رہے ہیں کہ سٹاف لیول معاہدہ جلد طے پانے کا قوی امکان ہے۔ گزشتہ روز ایک انگریزی اخبار نے اپنی رپورٹ میں سرکاری ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ بیرونی ترسیلات زر کے تازہ ترین اعداد و شمار نے پاکستان کے موقف کو مستحکم کیا ہے۔ اس وقت اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) اپنی محتاط مالیاتی پالیسی برقرار رکھے گا، کیونکہ مہنگائی میں دوبارہ اضافہ ہو رہا ہے اور سیلاب سے متعلق نقصانات کو ابھی حتمی شکل دینا اور تصدیق کرنا باقی ہے دیکھا جائے تو ملک اس وقت اقتصادی بحالی اور پائیدار ترقی کے سفر میں ایک اور اہم سنگ میل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ کے ساتھ جاری مذاکرات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں سٹاف لیول معاہدہ جلد ہی متوقع ہے اور عین حقیقت یہ بھی ہے کہ اس وقت ہم ایک اہم معاشی موڑ پر کھڑے ہیں جہاں قومی پالیسیوں کی سمت، عالمی اداروں سے شراکت داری، اور اندرونی معاشی نظم و ضبط مل کر معیشت کو استحکام اور ترقی کی نئی راہ پر گامزن کرنے کی ضرورت پہلے سے کئی زیادہ بڑھ کر ہے اور اس ضمن میں جاری حکومتی اقدامات کی بدولت اچھی اور غیر معمولی پیشرفت بھی ہوئی ہے آئی ایم ایف پروگرام اور مذاکرات کا جہاں تک تعلق ہے تو حالیہ ہفتوں میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات میں جو پیش رفت ہوئی ہے، وہ معیشت کے استحکام کے حوالے سے ایک نمایاں کامیابی کے طور پر دیکھی جا رہی ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے مطابق، ان مذاکرات کا ماحول انتہائی مثبت رہا ہے اور اب تک کسی بڑی رکاوٹ کی نشاندہی نہیں ہوئی۔ آئی ایم ایف کی ٹیم، جس کی قیادت چیف ایوا پیٹروا کر رہی تھیں، نے 24 ستمبر سے 8 اکتوبر تک کراچی اور اسلام آباد کا دورہ کیا اور پاکستان کی اقتصادی ٹیم سے کئی اہم امور پر تفصیلی بات چیت کی۔ ان مذاکرات کا مقصد توسیعی فنڈ سہولت کے تحت دوسرے جائزے اور ریسیلینس اینڈ سسٹین ایبلیٹی فیسیلیٹی کے تحت پہلے جائزے پر پیش رفت کا جائزہ لینا تھا۔ ان مذاکرات کے دوران جن نکات پر خاص زور دیا گیا، ان میں مالیاتی نظم و ضبط، توانائی کے شعبے میں اصلاحات، سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے لئے مالی تعاون، اور مہنگائی پر قابو پانے کے لئے اسٹیٹ بینک کی سخت مانیٹری پالیسی شامل ہیں آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدہ آئندہ دنوں میں طے پانے کا امکان ہے اگر یہ معاہدہ کامیابی سے مکمل ہو جاتا ہے تو پاکستان کو آئندہ ماہ تقریباً ایک اعشاریہ دو ارب ڈالر کی قسط موصول ہو سکتی ہے، بشرطیکہ آئی ایم ایف بورڈ اس کی منظوری دے اس قسط کا اجرا نہ صرف پاکستان کی زر مبادلہ کی پوزیشن کو بہتر بنائے گا بلکہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں اور دیگر مالیاتی اداروں کے لئے بھی ایک مثبت اشارہ ہو گا کہ پاکستان اپنی معاشی پالیسیوں اور بین الاقوامی وعدوں کے حوالے سے سنجیدہ ہے آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کے ساتھ ساتھ حکومت پاکستان اندرونی سطح پر بھی کئی اہم اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ایک حالیہ اجلاس میں واضح کیا کہ موجودہ حکومت کی دو بڑی ترجیحات میں ٹیکس اصلاحات اور ڈیجیٹل معیشت کی طرف پیش رفت شامل ہیں ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی معیشت کا چالیس سے پچاس فیصد حصہ ابھی بھی غیر دستاویزی ہے، جس کی وجہ سے باضابطہ شعبے کو غیر معمولی بوجھ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ حکومت کا مقصد ہے کہ زیادہ سے زیادہ لین دین کو کیش لیس بنایا جائے اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کو فروغ دے کر معیشت کو مکمل طور پر دستاویزی بنایا جائے۔ اس سے نہ صرف ٹیکس نیٹ میں اضافہ ہو گا بلکہ کرپشن اور ٹیکس چوری جیسے مسائل پر بھی قابو پایا جا سکے گا۔ اسی طرح، سبسڈی کے نظام کو بھی بہتر بنانے کی کوششیں جاری ہیں، خاص طور پر ان علاقوں میں جہاں حالیہ سیلاب کے بعد بجلی کے بلوں میں رعایت دی گئی تھی۔ آئی ایم ایف نے زور دیا ہے کہ ایسی سبسڈیز وقت پر اور مکمل فراہم کی جائیں تاکہ بجٹ خسارے پر قابو پایا جا سکے اسٹیٹ بینک نے اپنی مالیاتی پالیسی کو سخت رکھا ہوا ہے تاکہ مہنگائی کی بلند سطح پر قابو پایا جا سکے جاری پالیسی آئی ایم ایف کی سفارشات سے ہم آہنگ ہے اور اس کا مقصد حقیقی شرح سود کو مثبت بنانا ہے تاکہ مہنگائی کی رفتار کم ہو اور مالیاتی نظم و ضبط برقرار رہے یہاں وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی کے ایک بیان کا ذکر ضروری ہے جس میں انہوں نے معاشی وژن کی بات کی ہے گزشتہ روز ایک ایک لیڈر شپ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اگر اگلے پچیس سالوں میں ایک مضبوط علاقائی معیشت بننا ہے تو اسے چین کے معاشی ماڈل سے سیکھنا ہو گا اور تسلسل کے ساتھ ڈھانچہ جاتی اصلاحات کو جاری رکھنا ہو گا انہوں نے زور دیا کہ معاشی اصلاحات کو بھی سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کے طور پر جاری رکھنا ہو گا احسن اقبال نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کی جغرافیائی اور تزویراتی حیثیت اسے خطے میں قیادت کا موقع فراہم کرتی ہے، لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، خاص طور پر آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور سافٹ ویئر ڈیولپمنٹ کے شعبوں میں بااختیار بنائیں۔ دیکھا جائے تو مجموعی طور پر پاکستان کا حالیہ معاشی سفر چیلنجز سے خالی نہیں، مگر مثبت اشارے نمایاں ہیں۔ حکومت نے جہاں عالمی اداروں کے ساتھ شراکت داری کو بہتر بنانے پر توجہ دی ہے، وہیں اندرونی سطح پر مالیاتی نظم و ضبط، ڈیجیٹل معیشت، ٹیکس اصلاحات اور ادارہ جاتی بہتری کی جانب بھی سنجیدہ اقدامات کئے ہیں اگر یہ اصلاحاتی سفر تسلسل سے جاری رہا، سیاسی و انتظامی استحکام قائم رہا، اور عالمی اداروں سے حاصل ہونے والی مالی معاونت کو درست سمت میں استعمال کیا گیا، تو پاکستان نہ صرف موجودہ بحران سے نکل سکتا ہے بلکہ آنے والے برسوں میں ایک مضبوط، خودکفیل اور متحرک معیشت کے طور پر ابھر سکتا ہے حکومت کے جاری اقدامات اور اصلاح احوال کی کوششیں قابل ستائش ہیں امید ہے کہ اس کی بدولت معاشی استحکام کے اہداف کا حصول ممکن ہو گا۔

''عالمی بھائی چارے'' کی منافقت

برملا — نصرت جاوید



دنیا یقیناً وہ نہیں رہی جیسی کم از کم دوسری جنگ عظیم کے بعد سرد جنگ کے خاتمے تک تھی۔ دیوار برلن گری تو دانشوروں نے اعلان کیا کہ دنیا سکڑ کر ''عالمی گاؤں'' تک محدود ہو گئی ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام سے کمیونزم شکست کھا گیا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام کی فتح مگر امریکہ جیسے ملکوں ہی کو مزید مالدار نہیں بنائے گی۔ اس کی ''برکات'' سے غریب ملک بھی فیض یاب ہوں گے۔ سستی مزدوری کے لالچ میں وہاں ملٹی نیشنل کمپنیاں نئے کارخانے لگائیں گی۔ کراچی، بنگلور یا حیدر آباد دکن میں قائم ہوئے کال سینٹر لندن سے مانچسٹر جانے کے خواہش مند مسافروں کے لئے ریل کے ٹکٹ بک کروائیں گے۔ معاشی محاذ پر مسلسل حرکت دنیا بھر میں امیر اور غریب کے درمیان فرق کو کم سے کم تر بنائے گی۔ مساوات اور انسانی بھائی چارے کا ایک نیا خوشگوار دور شروع ہو جائے گا۔

جو خواب دکھائے گئے تھے وہ مگر شرمندۂ تعبیر نہیں ہوئے۔ ''عالمی گاؤں'' کی وجہ سے ''بھائی چارے'' کے دعوے کو بلکہ سب سے پہلے سرمایہ دارانہ نظام کے بانیوں میں سے ایک -برطانیہ- ہی نے جھوٹا ثابت کیا۔ وہاں کی سفید فام اکثریت یہ سوچنے کو اکسائی گئی کہ یورپی یونین میں ضم ہو کر برطانیہ نے اپنی تاریخی شناخت کھو دی ہے۔ برطانوی راج کے دنوں میں اس کے زیر نگین ملکوں سے مزدوروں کے ایک سیلاب نے دوسری جنگ عظیم کے بعد برطانوی معیشت کی بحالی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ سخت موسموں میں گھر بار چھوڑ کر پردیسی تنہائی سے اکتائے ''اوور ٹائم'' لگاتے رہے۔ بتدریج انہوں نے برطانیہ میں آباد ہونا شروع کر دیا۔ اب ان کی تیسری اور چوتھی نسلیں برطانوی اشرافیہ کا مقابلہ کر رہی ہے۔ یورپی یونین میں شمولیت کے بعد برطانیہ کو پولینڈ جیسے ملکوں سے تارکین وطن کے مزید سیلاب برداشت کرنا پڑے۔ کسی دور میں سوویت یونین کا حصہ ہوئے یہ ملک یورپی یونین میں شمولیت کے بعد اپنے شہریوں کے لئے بغیر ویزا کے برطانیہ میں داخلے کا حق حاصل کر چکے تھے۔ برطانیہ آ کر انہوں نے بھی سستی اجرت پر کام کرنا شروع کر دیا۔ برطانیہ اپنی تاریخی شناخت سے مسلسل محروم ہونے لگا۔ وہاں کے کئی بڑے شہروں میں سفید فام بلکہ اقلیت کی صورت نظر آنے لگے۔ اپنی ''شناخت'' کی بحالی کے لئے برطانیہ یورپی یونین سے الگ تو ہو گیا مگر اس کے معاشی اور سماجی مسائل اپنی جگہ برقرار رہے۔ ''فلاحی ریاست'' کے نظام کو برقرار رکھنا مشکل سے مشکل تر ہو رہا ہے اور اشرافیہ کو سمجھ نہیں آ رہی کہ برطانیہ اپنی ''شناخت'' برقرار رکھتے ہوئے بھی معاشی خوشحالی یقینی بنانے کے لئے کون سی راہ اختیار کرے۔

امریکہ، برطانیہ کے مقابلے میں کہیں بڑا ملک ہے۔ اس ملک میں بھی ''عالمی بھائی چارے'' کی منافقت تارکین وطن خصوصاً مسلمانوں سے نفرت کی بنیاد پر عیاں ہو گئی ہے۔ جے ڈی وینس جو ان دنوں امریکہ کا نائب صدر ہے اپنی تحریروں کی وجہ سے امریکہ کے بے پناہ افراد کو یہ سوچنے پر مجبور کرنے میں کامیاب ہو گیا کہ امریکہ کے سیٹھ سستی مزدوری کے لالچ میں چین جیسے ملکوں میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے ''مادر وطن'' میں کئی فیکٹریوں کو زنگ آلود کر رہے ہیں۔ نئی سرمایہ کاری نہ ہونے کی وجہ سے مسلسل پھیلتی بے روزگاری کا اصل نشانہ سفید فام امریکی گھرانے بن رہے ہیں۔ ان کا ''نوحہ'' لکھنے کی وجہ سے وہ امریکہ کو ''دوبارہ عظیم'' بنانے کے لئے ٹرمپ کا حمایتی ہو گیا اور اب اس کا نائب صدر ہے۔ لطیفہ اگرچہ یہ بھی ہے کہ کیتھولک مذہب کا یہ کٹر پیروکار تارکین وطن سے نفرت کے باوجود بھارت سے آئی ایک ہندو خاتون کا خاوند بھی ہے۔

دیوار برلن کے گرنے کی وجہ سے ''عالمی بھائی چارے'' کا وعدہ کرنے والا نظام دس برس بھی برقرار نہیں رہ سکا۔ دنیا بھر کے ممالک کی اکثریت اب اپنی ''تاریخی شناخت'' اجاگر کرنے کو ترجیح دے رہی ہے۔ اس کی وجہ سے قوم پرستی کے جذبات بھارت میں ہندو ازم کے احیاء کے تصور کے ساتھ مل کر نریندر مودی جیسے سیاستدانوں کو بادشاہی اختیارات سونپ رہے ہیں۔ ایسے ممالک کی اکثریت ''دوسروں'' کو اپنے کہیں کم تر انسان سمجھتے ہوئے فسطائی رجحانات کو بڑھاوا دے رہی ہے۔

دنیا بھر کے انسان جس ہیجانی کیفیت میں گرفتار ہیں اس کا علاج ڈھونڈے بغیر اب بھرپور سرمایہ کاری ''مصنوعی ذہانت'' پر ہو رہی ہے۔ انسانوں کی جگہ روبوٹ لینے کو مچل رہے ہیں۔ دردمند دانشور اسی باعث نہایت سنجیدگی سے یہ سوچ رہے ہیں کہ مصنوعی ذہانت کا بے دریغ فروغ انسانوں کی بے پناہ اکثریت کو زمین پر بوجھ بنا دے گا۔ کوئی بعید نہیں کہ حالات سے مایوس ہوئے وہ ایک دوسرے کو مختلف الانوع جنگوں کے ذریعے ختم کرنا شروع کر دیں۔ روس نے اپریل 2022ء میں یوکرین پر حملہ کیا تھا۔ مبصرین کی اکثریت کو گماں تھا کہ روس اپنی بھاری بھرکم فوج اور جدید ہتھیاروں کی بدولت زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے میں یوکرین پر قابض ہو جائے گا۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ امریکہ اور یورپ کے روس مخالف عناصر یوکرین کا تحفظ یقینی بنانے کو اس لئے مجبور ہوئے کہ یوکرین پر قابض ہو جانے کے بعد روس پولینڈ، بلغاریہ، ہنگری، اور چیک ری پبلک جیسے ملکوں کو بھی ''سوویت دور'' کی طرح اپنا زیر نگین بنا سکتا تھا۔ ان سب کی جانب سے ہوئی مزاحمت یوکرین کو بچائے ہوئے ہے۔ تین سال جنگ کے دوران مگر دونوں ملکوں کے ہزاروں افراد موت کا نشانہ بنے۔ یوکرین کی بے شمار آبادی دیگر ممالک میں پناہ گزین ہے۔ جنگ مگر جاری ہے۔

اپریل 2022ء کے بعد 7 اکتوبر 2023ء ہو گیا۔ حماس نے اسرائیل میں گھس کر اس کی قوت کو للکارا تو وزیر اعظم نیتن یاہو ''یہودی نسل'' بچانے کے نام پر متحرک ہو گیا۔ ''عظیم تر وجودی مفاد'' میں اس نے لبنان میں حزب اللہ کو کمزور تر بنایا۔ حزب اللہ کمزور ہوئی تو شام کے بشار الاسد کی حکومت کا تختہ بھی الٹ گیا۔ بعد ازاں وہ ایران پر بھی حملہ آور ہو گیا۔ حماس کے ساتھ اب جنگ بندی کے لئے مذاکرات ہو رہے ہیں۔ اسرائیل مگر جنگ بندی کے بعد بھی اپنے ''وجود'' کو برقرار رکھنے کے نام پر جنگجویانہ رویہ برقرار رکھے گا۔

خلق خدا کے ہیجان کو ہمدردی کے جذبات سے سمجھنے کے بعد اس کا حل ڈھونڈنے کے بجائے دنیا کے اکثر ممالک اپنی مذہبی، لسانی یا تاریخی شناخت کے احیاء کو بضد ہیں جو ''عالمی بھائی چارے'' کے فریب کو برقرار نہیں رکھ سکتی۔ دنیا کے مختلف ممالک میں جنگیں ہی ہمارا مقدر محسوس ہو رہی ہیں۔

جب لوگ بولتے ہیں

خیالات — رسول بخش رئیس

گزشتہ دو برسوں میں مغربی دنیا میں' جہاں زندگی بے حد مصروف ہے' ہم جیسے لوگ جہاں زندگی گزارنے کے لیے دیگر کام کرتے رہتے' ہر رنگ و نسل کے متحرک باضمیر مرد و خواتین اور بچے کال ملتے پر اسرائیل کی بربریت کے خلاف سڑکوں پر آتے رہے ہیں۔ مشرقی اور مسلم دنیا کا حال آپ کو معلوم ہی ہے۔ چین' روس اور ان جیسے سب غیر جمہوری ممالک میں لوگ سڑکوں پر اپنے کاموں کے لیے چل تو سکتے ہیں مگر کسی سیاسی عمل کے لیے اکٹھے نہیں ہو سکتے۔ فرق یہ ہے کہ آپ مغربی جمہوریت کے بارے میں جو بھی فیصلے صادر کرتے رہے ہیں' وہاں شخصی اور اجتماعی آزادیاں' حقوق اور رائے عامہ سیاسی جماعتوں اور سیاسی رہنماؤں کیلئے معنی رکھتے ہیں۔ ان کا دل نہ بھی چاہے' سیاسی ضرورت کے تحت عوام کی منشا کا احترام اپنی بقا اور عوامی تائید حاصل کرنے کی حکمت عملی کا حصہ سمجھا جاتا ہے۔ رائے عامہ دوسرے لفظوں میں لوگ کیا چاہتے ہیں' کسی قومی مسئلے کے بارے میں کیا سوچ رہے ہیں' جمہوری سیاست میں دو طرفہ عمل ہے۔ مدبر اور مضبوط شخصیتوں کے حامل رہنما عوامی رائے کو اپنے منشور اور نظریات کے قالب میں ڈھالنے کا ہنر جانتے ہیں' اور اگر ایسا نہ کر سکیں تو عام لوگوں کی امنگوں سے ٹکر نہیں لیتے۔ اور اگر معاشی اور سماجی حالات میں کوئی بھونچال آ جائے اور عوام اٹھ کھڑے ہوں تو منتخب حکومتوں کو مستعفی ہو کر نئے انتخابات کرانا پڑتے ہیں اور پھر رہنماؤں کو عوام کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ زیادہ تر جمہوری ملکوں کی انتخابی سیاست کا تعین داخلی مسائل کرتے ہیں' مگر کوئی سیاسی قیادت کسی دوسرے ملک سے جنگ کر رہی ہو تو اس کے لیے عوام کی حمایت کے بغیر جانی اور معاشی قربانیاں دینا ناممکن ہو جاتا ہے۔

اس تاثر کے برعکس کہ ہمیشہ مغرب میں اندرونی مسائل ہی سیاسی جماعتوں اور سیاسی تحریکوں کا مقدر طے کرتے ہیں' کوئی سائنسی فارمولا نہیں ہو سکتا۔ امریکہ میں ویتنام جنگ اور بعد میں افغانستان اور عراق کی جنگوں میں جب قیادت کو اپنے ہی لوگوں کی طرف سے مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا تو انہیں ان جنگوں کو ختم کرنا پڑا۔ غزہ میں دنیا کے سامنے روزانہ کی بنیاد پر نسل کشی ہو رہی ہے۔ اسے اسرائیل کی جنگ کہنا نہتے فلسطینیوں اور معصوم بچوں' جو ہزاروں' لاکھوں کی تعداد میں شہید ہو چکے ہیں' کے ساتھ ناانصافی ہو گی۔ اب اس جنگ کو دو سال مکمل ہو چکے ہیں۔ اسرائیل کے مظالم کے خلاف پہلی آواز مغربی دنیا میں جامعات کے نوجوانوں' اساتذہ' دانشوروں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی طرف سے اٹھی جنہوں نے فلسطینی جھنڈے اور ''کوفیہ'' گلے میں ڈالے اپنے اداروں' سڑکوں اور پارکوں میں مظاہرے کیے۔ اس دوران سخت پکڑ دھکڑ اور کچھ ملکوں سے بے دخلی کے خطرات بھی لاحق تھے' لیکن وہ انہیں خاطر میں نہ لائے۔ سب سے بڑے مظاہرے برطانیہ' سپین' اٹلی' سویڈن اور دیگر یورپی ممالک میں ہوئے۔ امریکی ترقی پسند اور لبرل طبقے بھی کسی سے پیچھے نہیں تھے۔ اپنے ساتھ کچھ موازنہ کریں تو یہاں فلسطینیوں کے حق میں سب سے بڑے مظاہرے مذہبی جماعتوں' خاص طور پر جماعت اسلامی کی قیادت میں ہوئے۔ کیا عجب بات ہے کہ اہل مغرب انسانیت' انسانی حقوق کے حق میں اور نسل کشی کے خلاف مزاحمت کرتے رہے ہیں' اور ہماری تحریکوں کا غالب رنگ مذہبی ہے' مگر ظاہر ہے کہ ان کا مقصد بھی کچھ مختلف نہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ کم از کم کسی جماعت اور تحریک نے اپنے جلسے جلوسوں اور امدادی سامان کی ترسیل میں کوئی کردار ادا کیا ہے۔ سابق سینیٹر مشتاق احمد صاحب کچھ دیگر پاکستانیوں کے ساتھ امدادی سامان کی رسائی اور غزہ میں محصور فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر بین الاقوامی مزاحمت کاروں کا حصہ بنے ہیں۔ ہمارے لیے ان کی یہ کاوش قابل فخر ہے۔

یہاں دو باتیں عرض کرنا مقصود ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ انسانیت کے حق میں اور جنگوں کے خلاف مزاحمتی تحریکیں ہوں یا غلامی کے خاتمے اور جمہوریت کے حق میں عوامی دباؤ' وہ صرف ان ملکوں میں ابھرتے ہیں جہاں آزادی فکر ہو اور انسان اپنے آپ کو آزاد محسوس کرے۔ اسے یہ خوف نہ ہو کہ ''قلم' داخلی ہو یا خارجی' کے خلاف آواز اٹھائی تو روزگار سے ہاتھ دھونا پڑیں گے' جیل کی ہوا کھانا پڑے گی۔ اس کے ساتھ جڑی دوسری بات یہ ہے کہ مزاحمت پرامن بھی وہاں رہتی ہے جہاں جمہوری آزادیاں ہوں۔ لوگ جلسے جلوس نکالنے کے لیے قانون کی پاسداری کرتے ہیں۔ امریکہ اور دیگر ممالک میں کئی شہروں میں مقامی انتظامیہ سے اجازت لی جاتی ہے' وقت اور جگہ کی قید ہوتی ہے اور کوئی ہاتھ میں اینٹیں' پتھر اور ڈنڈے لے کر نہیں آتا۔ آتشیں اسلحے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کبھی ایسا وقت بھی آتا ہے جب عوام کے سر سے پانی گزر جاتا ہے تو وہ پھر اجازت ناموں کا انتظار نہیں کرتے۔ ویتنام کی جنگ اور سیاہ فام شہریوں کے لیے برابر کے حقوق کی تحریکوں کے دوران جب شہری انتظامیہ نے رکاوٹیں ڈالیں تو بھی لوگوں کے مظاہرے جاری رہے اور قانون کی خلاف ورزی پر انہوں نے گرفتاریاں بھی دیں۔

دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مزاحمت کی تحریکیں اگر پرامن نہ ہوں تو آج کل کے دور میں ان کا کامیاب ہونا ناممکن ہے۔ اب غالب سیاسی نظریہ' جو ہمیشہ میری ذاتی سیاسی سوچ کا حصہ رہا ہے' وہ یہ ہے کہ مزاحمت' پرامن نہ ہو تو وہ مزاحمت کے زمرے میں نہیں آتی۔ اسے کوئی اور نام دے دیں' مگر مزاحمت کے نام پر تہمت نہ لگائیں۔ ہمارے اپنے ملک میں بھی پرامن مزاحمت غیر جمہوری اور شخصی آمروں کے خلاف ادب اور شاعری کے حوالوں سے ہماری ادبی ثقافت کی شناخت رہی ہے۔ گھٹے ہوئے ماحول اور جبر کی صورت میں بھی ہمارے لکھاریوں نے آزادی کی فکری شمع کو روشن رکھا۔ ایسی مزاحمت میرے نزدیک زیادہ دیرپا ہوتی ہے۔ اپنی ہر تاریخ میں دیکھ لیں' جنہوں نے ہتھیار اٹھا کر مزاحمت کے نام پر جنگیں لڑیں' وہ نامرادی گھروں کو لوٹے' بشرطیکہ انہیں لوٹنے کی مہلت مل سکی۔ خونیں انقلابوں کا دور جو ہماری اوائل جوانی میں لاطینی امریکہ میں دیکھا تھا' وہ اہل فکری نظروں میں تب بھی بے وقعت تھا اور اب تو جو اس نسل کے لوگ بچے ہیں' وہ دنیا سے نظریں چرا کر چلتے ہیں۔ روس اور چین کا ذکر کیا تھا' اور ان جیسے دیگر ممالک کا کہ وہاں مغرب کی مزاحمتی تحریکوں کا رنگ کیوں نہ جم سکا؟ وضاحت پہلے ہی کر دی ہے' اس کا تعلق آزادی فکر اور جمہوری ثقافت سے ہے۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ اس قسم کی ابھرتی ہوئی عالمی تفریق میں آپ کہاں کھڑے ہونا پسند کریں گے۔ غزہ کے شہیدوں نے اپنی قیمتی جانیں قربان کر کے مغرب کی رائے عامہ اپنے حق میں کر لی ہے۔ آزادی ایسے ہی جذبوں سے ملتی ہے' مگر ان سے بھی گزارش ہے کہ مزاحمت پرامن ہو۔

غزہ میں جنگ بندی

گرد و پیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

مصر میں حماس اور اسرائیل کے مذاکرات کے بعد غزہ میں جنگ بندی معاہدہ نافذ العمل ہو گیا ہے۔ یہ مذاکرات صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پیش کردہ 20 نکاتی منصوبے کے تحت مصر اور قطر کی ثالثی میں ہو رہے تھے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80ویں سالانہ اجلاس میں شرکت اور آٹھ اہم عرب اور مسلم ملکوں، جن میں پاکستان بھی شامل تھا، کے سربراہان سے نیویارک میں ملاقات کے بعد جب امریکی صدر نے غزہ میں جنگ بندی اور قیام امن کیلئے یہ منصوبہ پیش کیا تھا تو بہت کم لوگوں کو یقین تھا کہ حماس اس پر راضی ہو جائے گی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اس منصوبے میں گزشتہ دو برس سے جاری جنگ کی ساری ذمہ داری حماس پر ڈال کر اس کے اختتام کو حماس کے ہتھیار ڈالنے اور اس کی قید میں موجود اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی سے مشروط کر دیا گیا تھا۔ بیشتر حلقوں نے اس منصوبے کو یکطرفہ قرار دیا تھا کیونکہ اس منصوبے میں عالمی اداروں کی طرف سے اسرائیل کو غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی اور نیتن یاہو کو جنگی مجرم قرار دیے جانے کے باوجود انہیں ہر الزام سے بری الذمہ قرار دے دیا گیا تھا۔ اس منصوبے پر ردعمل دیتے ہوئے ایک فلسطینی شہری نے کہا تھا کہ اس منصوبے میں جان بوجھ کر ایسی شرائط شامل کی گئیں جن کے بارے میں ٹرمپ اور نیتن یاہو کو یقین ہے کہ حماس اسے کبھی قبول نہیں کرے گی اور یوں اسرائیل کو اپنی جارحیت جاری رکھنے کا جواز مل جائے گا۔ مشرق وسطیٰ کے امور کے ایک ماہر نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ صدر ٹرمپ اپنے اس منصوبے کو امن کا منصوبہ کہتے ہیں جبکہ یہ دراصل جنگ جاری رکھنے کا منصوبہ ہے۔ یہاں تک کہ جن آٹھ عرب اور مسلم ملکوں کے ساتھ مشاورت کے بعد صدر ٹرمپ نے یہ منصوبہ پیش کیا تھا ان کا بھی یہ موقف تھا کہ یہ وہ منصوبہ نہیں جس پر ان ملکوں نے دستخط کیے تھے۔ لیکن حماس نے یہ کہہ کر کہ وہ صدر ٹرمپ کے منصوبے کی بنیادی شقوں جن میں حماس کو غیر مسلح کرنا اور غزہ میں جنگ بندی کے بعد قائم ہونے والی انتظامیہ سے باہر ہونا شامل ہے کے ساتھ اتفاق کرتی ہے دنیا کو حیران کیا ہے۔ تاہم یہ مطالبہ بھی کیا کہ اس منصوبے کی بعض دفعات وضاحت طلب ہیں اور ان پر بحث ہونی چاہیے۔ دنیا میں اسرائیلی جارحیت کی بڑھتی ہوئی مخالفت اور فلسطینیوں کے ساتھ عالمی یکجہتی کے فقید المثال اظہار نے صدر ٹرمپ کو حماس کے اس مطالبے کو تسلیم کرنے پر مجبور کر دیا۔

قاہرہ میں مصر، قطر اور امریکہ کے نمائندوں کی موجودگی میں حماس اور اسرائیل کے درمیان بالواسطہ مذاکرات اور عرب اور مسلم ممالک کے دباؤ کے نتیجے میں اب جو معاہدہ ہوا ہے اس کا فوکس غزہ میں فوری جنگ بندی اور اسرائیل کی حراست میں بھوکے اور بے گھر فلسطینیوں تک خوراک اور دیگر ضروری اشیا کی فراہمی ہے۔ اصولی طور پر ٹرمپ منصوبے کے اعلان کے فوری بعد غزہ میں جنگ بند ہو جانی چاہیے تھی لیکن ٹرمپ منصوبے کے منظر عام پر آنے کے باوجود اسرائیل نے غزہ پر بمباری جاری رکھی حتیٰ کہ مصر میں جاری مذاکرات کے دوران بھی اسرائیلی حملے جاری رہے تاہم امریکہ سمیت باقی دنیا کو امید تھی کہ اس منصوبے کو قابل عمل اور حماس کیلئے قابل قبول بنانے کیلئے درکار تبدیلیوں کے ساتھ صدر ٹرمپ کا منصوبہ غزہ میں جنگ بندی اور اسرائیلی محاصرہ ختم کرنے میں کامیاب ہو جائے گا لیکن کیا اس سے فلسطینیوں اور اسرائیل کے درمیان جاری تنازع مستقل طور پر ختم ہو جائے گا؟ اس بارے عالم اسلام اور دنیا کے دیگر ملکوں میں جو رائے پائی جاتی ہے اس کے مطابق محض غزہ میں جنگ بندی سے یہ پیچیدہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔

گزشتہ 77 برسوں میں عربوں اور اسرائیل کے درمیان بلکہ خود حماس اور اسرائیل کے درمیان خونریز جھڑپوں کے بعد متعدد بار جنگ بندی ہو چکی ہے، مگر اس سے مستقل امن قائم نہیں ہوا۔ اس پر عالم اسلام بلکہ دنیا بھر میں اتفاق رائے پایا جاتا ہے کہ 1993ء میں اوسلو معاہدے کے تحت اسرائیل کے ساتھ عرب مقبوضہ علاقوں یعنی دریائے اردن کے مغربی کنارے، مشرقی بیت المقدس سے ملحقہ علاقوں اور غزہ پر مشتمل ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ہی اس مسئلے کا مستقل اور پائیدار حل ہے۔ اسرائیل میں ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کی سخت مخالفت پائی جاتی ہے۔ نیتن یاہو کی حکومت اعلانیہ طور پر فلسطینی ریاست کی مخالفت کا اظہار کر چکی ہے بلکہ گزشتہ چند برسوں میں اسرائیلی حکومتیں اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ عرب علاقوں میں ایسے اقدامات کر چکی ہیں جن کے نتیجے میں ان علاقوں پر مشتمل ایک الگ اور آزاد فلسطینی ریاست کا قیام نہ صرف ناقابل عمل بلکہ ناممکن نظر آتا ہے۔ ان اقدامات میں سب سے نمایاں دریائے اردن کے مغربی کنارے اور مشرقی بیت المقدس کے اردگرد کے ان علاقوں، جہاں فلسطینیوں کی اکثریت آباد ہے، میں یہودی بستیوں کی تعمیر ہے۔ عالمی عدالت انصاف ان بستیوں کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے' اس کے باوجود اسرائیل نے حال ہی میں سینکڑوں نئی یہودی بستیوں کی تعمیر کا اعلان کیا ہے۔ اس سے دریائے اردن کے مغربی کناروں پر آباد یہودیوں کا فلسطینی آبادی میں تناسب اس حد تک بڑھ جائے گا کہ ان کی موجودگی میں ایک الگ فلسطینی ریاست کا قیام تقریباً ناممکن ہو جائے گا۔

نیتن یاہو کی حکومت مقبوضہ علاقوں میں یہودی آبادکاروں کی تعداد میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ ہر اس اقدام پر کمربستہ نظر آتی ہے جس کے نتیجے میں فلسطینی ریاست کا منصوبہ ناکام ہو جائے۔ نیتن یاہو کی اس پالیسی کو اسرائیل کی یہودی آبادی کی بھرپور حمایت حاصل ہے۔ اس لیے اسرائیل کی طرف سے شروع سے ہی فلسطینی ریاست کے متبادل حل کی تجویز پیش کی جاتی رہی ہے۔ اس پالیسی کے تحت ایک موقع پر اسرائیل نے اردن میں فلسطینیوں کو آباد کرنے کی تجویز پیش کی تھی مگر اردن، عرب ممالک اور خود فلسطینیوں کی طرف سے اس تجویز کے مسترد کیے جانے کے بعد اس پر اصرار نہیں کیا گیا۔ فلسطین میں فلسطینیوں اور یہودیوں کیلئے دو الگ اور خود مختار ریاستوں کے قیام کے بجائے آج کل ایک متبادل حل کی ایک ایسی تجویز جسے بعض سرکردہ اسرائیلی اور یہودی دانشوروں کی حمایت بھی حاصل ہے پیش کی جا رہی ہے، جس کے تحت دریائے اردن کے مغربی کنارے سے بحیرہ روم کے ساحل تک کے علاقے میں ایک ہی ریاست قائم کر دی جائے جس میں فلسطینیوں اور یہودیوں کو برابر کے شہری، سیاسی اور معاشی حقوق حاصل ہوں۔ اس تجویز کے حق میں جو سب سے مضبوط دلیل پیش کی جاتی ہے' وہ یہ ہے کہ 1967ء کے بعد سے یہ علاقے ایک ہی ریاست کی شکل میں قائم چلے آ رہے ہیں۔ مگر اس کے راستے میں بھی بہت سی رکاوٹیں ہیں جن میں سب سے بڑی رکاوٹ اسرائیلیوں کی نسل پرستی کے تحت اسرائیل کو ایک خالص صیہونی ریاست میں تبدیل کرنا ہے۔ اسی مائنڈ سیٹ کے تحت فلسطین میں آباد پچاس لاکھ فلسطینیوں کو ہر قسم کے سماجی' سیاسی اور قانونی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔

یہ تنازع اتنی پیچیدہ اور مشکل صورت اختیار کر چکا ہے کہ صدر ٹرمپ کے دعوے کے برعکس ان کا منصوبہ موجودہ شکل میں اسے حل نہیں کر سکے گا۔ یہاں مجھے پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خان' جنہیں قائد اعظم نے قیام پاکستان کے فوراً بعد اقوام متحدہ میں زیر بحث فلسطینی مسئلے پر عرب موقف کی حمایت کیلئے بھیجا تھا' کا وہ مشہور مقولہ یاد آتا ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ''(فلسطین) مسئلہ گزشتہ دو ہزار سال سے موجود چلا آ رہا ہے اور آئندہ دو ہزار سال تک موجود رہے گا''۔

امریکیوں نے کیا کہا

پیش نظر — محمد مہدی

میں نے یورپ میں بھی یہ بہت شدت کے ساتھ محسوس کیا تھا اور امریکہ میں تو اس کی شدت اور بھی زیادہ تھی کہ یہ تصور پنپتا چلا جا رہا ہے کہ پاکستان میں بہت برق رفتاری سے مذہبی آزادیاں معدوم ہوتی چلی جا رہی ہے۔ مذہبی آزادی تو دور کی بات اس حوالے سے گھٹن کا احساس توانا ہوتا جا رہا ہے اور پاکستان کے انتہا پسند طبقات کو قانون کا پابند کرنے کی ریاستی رٹ کی خواہش کا فقدان نظر آ رہا ہے۔ اور یہ معاملہ صرف کسی مخصوص مذہبی اقلیت (خیال رہے کہ میں مذہبی اقلیت کا لفظ صرف بات سمجھانے کے لئے استعمال کر رہا ہوں ورنہ اقلیت، اکثریت کے الفاظ سے ہی تعصب کی بو آتی ہے جو کہ غیر مناسب ہے) تک محدود نہیں ہے بلکہ مسلمان بذات خود اس سے متاثر ہو رہے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ امریکہ میں اس کا بھی بہت ذکر کیا جا رہا ہے کہ وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب کی کابینہ میں کوئی کرسچن وزیر نہیں ہے حالانکہ ماضی میں اس کا التزام رکھا جاتا تھا کہ ایک بڑی آبادی ہونے کی وجہ سے ان دونوں حکومتوں میں کرسچن وزیر ضرور ہوا کرتے تھے۔ پاکستان کا حقیقی معنوں میں تشخص بحال کرنے کے لئے بہت ضروری ہے کہ غیر مسلم پاکستانیوں کی ہر جگہ پر موجودگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مذہبی گھٹن کے تصور کو معدوم کیا جا سکے۔

امریکہ میں اب کم از کم اس کا احساس محسوس ہو رہا ہے کہ پاکستان کی جانب سے کی گئی مخلصانہ کوششوں کے باوجود انڈیا نے ہمیشہ معاملات کو ناقابل حل ہی رہنے دینے کی کوشش کی ہے۔ میں نے اس نکتہ پر پنڈت نہرو کے 1946 سے 1959 تک سیکرٹری رہنے والے ایم او متھائی کی کتاب ''نہرو دور کی یادیں'' کا تذکرہ کیا کہ جس میں ایم او متھائی نے تحریر کیا ہے کہ پنڈت نہرو جب کسی معاملے پر فیصلہ نہیں چاہتے تھے تو سورن سنگھ کو آگے کر دیتے تھے۔ بس بھٹو سورن سنگھ مذاکرات کی ناکامی کی وجہ سامنے ہے اور یہ اس وقت سے ہی انڈیا کی حکمت عملی ہے۔

لیکن امریکی یہ دوبارہ سے چاہتے ہیں کہ پاکستان آگے بڑھ کر انڈیا سے مذاکرات کی کوشش کرے کیوں کہ ان کا خیال ہے کہ پاکستان ماضی میں ایسا کرتا رہا ہے اور حتیٰ کہ جب انڈیا کے ایٹمی دھماکوں کے جواب میں پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیے تو اس کے بعد بھی نواز شریف نے ایک بالغ نظر سیاستدان ہونے کا ثبوت فراہم کیا اور انڈین وزیر اعظم واجپائی کو لاہور کھلے دل سے آنے کی دعوت دی اور اس حوالے سے ایک اجتماعی سوچ موجود ہے کہ نواز شریف اب بھی قیام امن کے لئے بہت موثر کردار ادا کر سکتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ اس پر بھی ایک اتفاق رائے نظر آتا ہے کہ مودی کی موجودگی میں پاک انڈیا تعلقات کی بہتری کی جو موہوم سی امید باقی تھی وہ بھی مئی کے انڈین پاگل پن اور اس کے پاکستان کے حق میں نتائج کی وجہ سے ختم ہو چکی ہے اس لئے اب مودی انڈیا کے لئے ایک اثاثہ نہیں بلکہ بوجھ بن چکے ہیں اور میرا خیال ہے کہ صرف انڈیا کے لئے ہی نہیں بلکہ پورے جنوبی ایشیا اور خطے کے لئے بوجھ بن گیا ہے۔

پاک امریکہ تعلقات کی بہتری کو قائم رکھنے کے لئے امریکہ میں یہ خیال ہے کہ اس کو صرف صدر ٹرمپ کی ذات تک محدود ہو کر مت دیکھا جائے بلکہ پاکستان کے تعلقات دونوں بڑی امریکی سیاسی جماعتوں کے بااثر افراد سے ہونی چاہیے تاکہ امریکہ میں کسی سیاسی تبدیلی کے اثرات پاکستان سے تعلقات کو متاثر نہ کر سکے۔ امریکہ میں اس وقت بھی ایسے افراد بہت موثر ہیں کہ جو چاہتے ہیں کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات جو بائیڈن دور کی مانند ہو جائے اور تنہا انڈیا ہی آنکھ کا تارہ بن جائے۔

وہاں پر خیال ہے کہ پاکستان دونوں بڑی امریکی جماعتوں سے تعلقات کے شعبے میں کمزور ہے اور اس کمزوری کو رفع نہ کیا گیا تو ایسی صورت میں مستقبل میں مسائل ضرور پیدا ہوں گے۔ پھر پاکستان میں ہر حوالے سے ایک خوف کی فضا اور سازشی تھیوری بھی پیش کر دی جاتی ہے کہ اگر امریکہ پاکستان میں کوئی بندرگاہ پر کام کرتا ہے جیسے کہ پسنی وغیرہ تو وہ اس کو اپنا فوجی اڈہ بنا لے گا۔ اب ہمیں ان تصورات سے باہر آنا چاہیے اور سرمایہ کاری کو سازشی تھیوریز سے محفوظ رکھنا چاہیے پاکستان اب نہ تو اتنا کمزور ملک ہے کہ بات سرمایہ کاری کی ہو اور قائم فوجی اڈہ ہو جائے اور نہ ہی پاکستان کی موجودہ قیادت ایسی ہے کہ وہ ایسا ہونے دے۔ اس حوالے سے اطمینان ہی رکھنا چاہیے۔ ہمیں صرف امریکہ کی سیاسی حرکیات پر اپنی توجہ مبذول رکھنی چاہیے کیوں کہ وہاں پر تبدیلی بہت تیزی سے محسوس کی جا رہی ہے۔ کہنے میں تو یہ عجیب لگتا ہے مگر امریکی اسٹیبلشمنٹ میں یہ تصور بہت تیزی سے راسخ ہوتا جا رہا ہے کہ امریکہ میں جمہوریت بتدریج کمزور ہوتی چلی جا رہی ہے۔ امریکہ کے مختلف شہروں میں نیشنل گارڈز کی تعیناتی کو اسی رخ سے دیکھا جا رہا ہے کہ یہ ادارہ آنے والے وسط مدتی امریکی انتخابات میں مداخلت کرے گا بلکہ ممکن ہے کہ رائے دہندگان کو ڈرانے دھمکانے تک کا کام اس سے لیا جائے۔ یہ امریکی ریاست میں ایک نئی صورت حال ہے اور اس صورت حال کے اثرات کا خارجہ امور پر مرتب ہونا ایک امر لازم ہے کہ جس کے لئے پاکستان کو تیار رہنا چاہیے۔

جنگ کی جستجو

نوید فکر — نعیمہ احمد مہجور

بڑی مدت کے بعد سری نگر کے مضافات میں ایک محفل موسیقی میں جانے کا اتفاق ہوا۔ پانچ برس پہلے اندرونی خودمختاری ختم ہونے کے بعد اب بالی [illegible]

جب سرکار نے عوام کو وسیع پیمانے پر مشغول رکھنے اور نظریہ بدلنے کے لیے قومی محفلوں کا منصوبہ شروع کیا ہے تو ایسے میں مقامی لوگوں نے اپنے بل بوتے پر صوفیانہ موسیقی کی محفل منعقد کرنے کا انتظام کیا، جس میں مجھے بھی شرکت کی دعوت دی گئی۔ یہ وقار اور پر رونق محفل، سُروں کے تال آسمان پر، زیر و بم کی دنیا میں غرق کشمیری صوفیانہ کیا عاشق، دنیائے سیاست سے دور اور تنہا۔۔۔۔ یہ ایک ایسی دنیا میں پہنچ گئے تھے کہ جہاں وحدت، وجود اور وجدان ایک دوسرے میں مدغم ہو گئے تھے۔

ایسے میں کانوں میں گونجتی یہ بلند آواز آتی ہے: 'انڈیا پاکستان کے بیچ ایک اور جنگ ناگزیر ہو گئی ہے اور ہماری یہ آرزو پوری ہونے جا رہی ہے۔' بجھتے ہوئے سُر حک گئے، نظریں آسمان کی جانب تک گئیں، ساز بند ہوا، آواز حلق میں اٹک گئی اور چند لمحوں کی خاموشی کے بعد ایک دل دہلانے والا قہقہہ ابھرا جو کئی منٹوں تک جاری رہا۔ پھر کھانسی کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ۔۔۔۔ جیسے ہم تپ دق کے ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ یہ منظر ہے اس شام کا جس روز دوپہر میں میڈیا پر انڈیا کی پاکستان کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی دھمکی اور جواباً پاکستان کے ایسے ہی الٹی میٹم کی خبریں چاروں جانب گشت کر رہی تھیں۔

بھلا انڈیا پاکستان کے بیچ جنگ کب ختم ہوئی ہے؟ دونوں ملک 70 برسوں سے ایک دوسرے کو زیر کرنے کے دعوے ہی کرتے جا رہے ہیں، کشمیریوں سے پوچھ لیں، وہ ان کا خمیازہ سات دہائیوں سے اٹھا رہے ہیں۔ دونوں ملکوں کی ڈیڑھ ارب پر مشتمل آبادی کا جنگ کا دوبارہ ذکر سنتے ہی حواس باختہ ہونا فطری عمل ہے۔ مگر اس کو غیر فطری عمل جموں و کشمیر میں محسوس کیا جا سکتا ہے، جہاں لوگ جنگ کا ذکر سنتے ہی اطمینان محسوس کرتے [illegible]

برقرار رہنے کا لائسنس بھی مل سکتا ہے مگر ماضی کے جنگوں سے متاثر خاندان اب بھی بازآبادکاری کے لیے ترس رہے ہیں۔

بچوں کو مستقل سکولوں میں ڈالنے سے کتراتے ہیں اور ذاتی املاک کو مزید وسعت دینے کے منصوبوں کو پس پشت رکھتے ہیں۔ گویا ان کی زندگی ایک سوئی پر اٹکی ہوئی ہے اور یہ سوئی بھی چلے گی جب کوئی مسیحا ان کو قیام امن کی ضمانت دے گا۔ اس کے باوجود جموں و کشمیر کے تقریباً ایک کروڑ لوگ جنگ سے نہ گھبراتے ہیں اور نہ انہیں اپنے عزیزوں کو کھونے کا غم ستا رہا ہے بلکہ جنگ کا ذکر سنتے ہی ان کی باچھیں کھل جاتی ہیں۔ محفل کا سماں درہم برہم ہو گیا مگر لوگ ہنس رہے تھے اور جنگ کے بارے میں مونچھوں کو تاؤ دے کر بڑے بڑے تبصرے کر رہے تھے۔

بظاہر تو ان کے چہرے ہشاش بشاش نظر آ رہے ہیں، البتہ ان کے چہروں کو باریکی سے پڑھنے سے محسوس ہو رہا تھا کہ ان پر 70 برس کے دھوئیں کی لکیریں بھی ہوئی ہیں۔ آنکھیں پانی کے بغیر خشک ہیں، ہونٹوں پر افسردگی کی تہہ جمی ہوئی ہے اور سیب جیسے گالوں پر پھیکی سی مسکراہٹ پھیلی ہوئی ہے۔ حالانکہ چند برسوں سے وادی میں عادت پڑی ہے کہ لوگ سرگوشیوں میں بات کرتے ہیں۔ سرراہ خاموش رہتے ہیں، دیوان خانوں کے روایتی دسترخوان پر سیاسی بحث بند ہو گئی ہے۔ گلی کوچوں میں جاسوسی پر مامور اشخاص کی تعداد بڑھ گئی ہے مگر موسیقی کی محفل کا سحر توڑنے کے لیے کسی نے جب جنگ کی خبر سنائی تو بجائے خوف کے چہروں پر تمکنت پھیل گئی۔

ہلکی پھلکی موسیقی

اظہار خیال — عمران یعقوب خان



کسی زمانے میں ریڈیو پاکستان پر نور جہاں کا گایا ہوا نظم عندلیب کا یہ گانا بہت بجا کرتا تھا:

کچھ لوگ روٹھ کر بھی لگتے ہیں کتنے پیارے
چپ رہ کے بھی نظر میں ہیں پیار کے اشارے

آج کل اپنے ملک کا سیاسی منظر بھی کچھ ایسا ہی محسوس ہوتا ہے۔ کچھ لوگ روٹھے ہوئے ہیں اور کچھ ان کو منانے کی کوششوں میں لگے ہیں اور روٹھنے والے منانے والوں کو پہلے سے زیادہ پیارے نظر آ رہے ہیں۔

وفاق میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی دو سب سے بڑی اتحادی جماعتیں ہیں۔ پاکستان کی سیاست میں مذکورہ دونوں پارٹیوں کی اہمیت افادیت اور خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ جب بھی پاکستان کی تاریخ لکھی جائے گی مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کا ذکر ضرور ہو گا بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ 1970 کی دہائی سے ملک کے سیاسی منظر نامے پر جو پارٹیاں مسلسل چھائی نظر آتی ہیں' یہی ہیں جن کا ذکر میں نے ابھی کیا۔ اس سارے عرصے میں پیپلز پارٹی کے چار وزرائے اعظم (ذوالفقار علی بھٹو، بینظیر بھٹو، یوسف رضا گیلانی اور راجہ پرویز اشرف) نے حکومتیں چلائیں جبکہ مسلم لیگ (ن) کے تین وزرائے اعظم (میاں محمد نواز شریف، شاہد خاقان عباسی اور میاں محمد شہباز شریف) نے بطور سربراہ حکومت اپنی صلاحیتوں کا عملی اظہار کیا۔ پھر پنجاب میں مسلم لیگ (ن) اور سندھ میں پیپلز پارٹی مسلسل چھائی نظر آتی ہیں۔

پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) عمومی طور پر ایک دوسرے کی مخالف سیاسی پارٹیاں تصور کی جاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ماضی میں یہ ایک دوسرے کو اقتدار سے محروم کرنے کی کوششیں بھی کرتی رہی ہیں۔ مثلاً 1990ء میں جب بینظیر بھٹو کی پہلی حکومت کو برسر اقتدار آنے کے کم و بیش دو سال بعد ہی اقتدار سے محروم کر دیا گیا تو پیپلز پارٹی والوں کی جانب سے الزام عائد کیا گیا کہ اس برطرفی میں (ن) لیگ والوں کا ہاتھ ہے۔ اسی طرح جب 1993ء میں میاں محمد نواز شریف کو ان کی پہلی حکومت سے معزول کیا گیا تو ان کی جانب سے اس سازش میں پیپلز پارٹی کے ملوث ہونے کے حوالے سامنے آئے۔ الزامات کا یہ سلسلہ 1996ء اور 1999ء میں منتخب حکومتوں کے خاتمے کے وقت بھی جاری رہا۔ لیکن جب ضرورت پڑی تو دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے سے ہاتھ بھی ملائے اور اتحاد بھی قائم کیا۔ 2008ء کے انتخابات کے بعد بننے والی حکومت میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے پرویز مشرف سے نجات حاصل کرنے کے لیے اتحاد قائم کیا تھا۔ 2024ء کے انتخابات کا جو نتیجہ سامنے آیا اس میں حکومت بنانے کے لیے دونوں کو ایک بار پھر متحد ہونا پڑا' لیکن یہ اتحاد ایسا ہے جس میں حکومت کے تقریباً سبھی عہدے مسلم لیگ (ن) کے پاس ہیں اور پیپلز پارٹی چند آئینی اور پارلیمانی عہدوں تک محدود ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے پیپلز پارٹی کو کئی بار دعوت دی گئی کہ وہ باقاعدہ وزارتیں قبول کرے اور وفاقی حکومت کا حصہ بنے لیکن دوسری جانب سے اس پر ابھی تک مثبت ردعمل ظاہر نہیں کیا گیا۔ اب اس مثبت ردعمل ظاہر نہ کرنے پر بھی کئی طرح کی تھیوریاں پیش کی جاتی رہی ہیں' لیکن ہم ان تھیوریوں سے صرف نظر کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں تاکہ اس نتیجے پر پہنچ سکیں کہ دونوں بڑی اتحادی پارٹیوں کے مابین اصل میں ہو کیا رہا ہے' اختلافات کن ایشوز پر ہیں اور ان مسائل کے حل ہونے کی کتنی امید کی جا سکتی ہے؟

2024ء کے انتخابات اور اتحادی حکومت کی تشکیل کے بعد سے لے کر اب تک دونوں بڑی پارٹیوں میں کئی بار اختلافات پیدا ہوئے اور پھر معاملات کو سنبھال لیا گیا۔ کئی بار تو ایشوز اس قدر شدت اختیار کر گئے کہ یوں لگتا جیسے مرکزی حکومت چند دنوں کی مہمان ہے اور اس کے ٹوٹتے ہی صوبائی حکومتیں بھی قائم نہیں رہ سکیں گی لیکن ہر بار حالات کو ایسا سنبھالا دیا گیا کہ ایک ماہ پہلے تک اتحادی حکومت احسن طریقے سے چلتی نظر آتی رہی۔ پھر آ گیا سیلاب اور اس وقت دونوں پارٹیوں میں جو اختلافات پائے جا رہے ہیں ان کی ایک وجہ یہ سیلاب ہی ہیں۔

25 ستمبر کو بلاول بھٹو زرداری نے کراچی میں پریس کانفرنس کے دوران کہا تھا کہ سیلاب متاثرین کی مدد کو انا کا مسئلہ کیوں بنا لیا گیا؟ وفاق کو اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنا چاہیے اور سیلاب متاثرین کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے مدد فراہم کرنی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا تھا کہ سیلاب کے بعد وفاق کو عالمی مدد مانگنی چاہیے تھی' اگر عالمی دنیا آپ کے ساتھ ہوتی تو جو اس وقت آپ 100 کی مدد کر رہے ہیں' امداد حاصل ہونے کی صورت میں 200 متاثرین کی مدد کر پاتے۔ اس پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے جواب دیا تھا کہ مجھے عوام کی خدمت کے لیے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں اور ہر چیز کا علاج صرف بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نہیں ہے اور بھیک مانگنے کا سلسلہ اب ختم ہونا چاہیے۔ بس یہیں سے اختلافات پیدا ہوئے اور بڑھتے چلے گئے۔

اس دوران سننے میں آیا کہ دونوں پارٹیوں کے اختلافات ختم کرنے کی کوششیں کی گئیں جو کامیاب نہیں ہوئی ہیں۔ واضح رہے کہ چند روز پہلے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کراچی میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی تھی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورت حال' خصوصاً پیپلز پارٹی اور پنجاب حکومت کے مابین پائے جانے والے تناؤ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ صدر مملکت نے وزیر داخلہ کو موجودہ سیاسی حالات میں کردار ادا کرنے کی ہدایت کی جبکہ دونوں رہنماؤں نے اتحادی جماعتوں کے مابین رابطوں کو مزید موثر بنانے پر بھی اتفاق کیا تھا۔ ایک اطلاع یہ ہے کہ پیپلز پارٹی کو پنجاب حکومت کے وزرا کے بیانات پر تحفظات ہیں' پیپلز پارٹی نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کی معافی کا مطالبہ کر رکھا ہے جبکہ مسلم لیگ (ن) کی اکثریت اس مطالبے کو غیر ضروری قرار دے رہی ہے۔ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) میں بڑھتے ہوئے اختلافات پر صدر مملکت کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی نوٹس لے لیا ہے' اور ملائیشیا سے وطن واپس پہنچتے ہی معاملے پر ابتدائی بریفنگ لی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماؤں کو بدھ کے روز طلب کیا۔

جب میں یہ سطور لکھ رہا ہوں تو مذکورہ اجلاس ابھی شروع نہیں ہوا لیکن میں پورے وثوق کے ساتھ آپ کو بتا سکتا ہوں کہ اجلاس میں دونوں پارٹیوں کے مابین اختلافات کو فرو کرنے کے بارے میں کوئی نہ کوئی لائحہ عمل تلاش کر لیا جائے گا اور اس سلسلے میں سب سے پہلے وزرا کو غیر ضروری بیان بازی سے روکا جائے گا۔ مجھے یقین ہے کہ پارٹیوں کے اختلافات کو دور کر لیا جائے گا اور جلد ہی راوی ملکی سیاست کے بارے میں چین ہی چین لکھے گا۔ جہاں ایک سے زیادہ برتن پڑے ہوں تو وہ آپس میں ٹکرا ہی جاتے ہیں اور ان کے ٹکرانے سے کھڑاک پیدا ہو ہی جاتا ہے۔

عمران خان کا خطرناک کھیل

شہر یاراں — نجم ولی خان



تحریک انصاف کے بانی عمران خان کا کھیل خطرناک مرحلے میں داخل ہو گیا ہے، اتنے ہی خطرناک مرحلے میں جتنے خطرناک مرحلے میں شیخ مجیب الرحمان کا کھیل پہنچا۔ میں نے مقبول اینکر منصور علی خان کے شو میں اس کی نشاندہی کی مگر بات پوری طرح واضح نہ ہو سکی حالانکہ میں نے کہا یہ ریڈ لائن اسی طرح عبور کی گئی ہے جس طرح نو مئی کو کی گئی تھی یا پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کی کوشش کے ذریعے۔ یہ اس سے زیادہ خطرناک ہے جس میں پاک فوج کے [illegible] کے خلاف ذاتی سطح پر سوشل میڈیا مہمات چلائی گئیں۔ اس خطرناک کھیل کی علامت ہے علی امین گنڈاپور کا جبری استعفیٰ اور سہیل آفریدی کی بطور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نامزدگی۔ بہت سارے لوگ پوچھ رہے ہیں کہ پہلی مرتبہ منتخب ہونے والے آفریدی کی نامزدگی کا میرٹ کیا ہے تو اس کا جواب ہے کہ وفاداری اور مکمل جواب ہے کہ ریاست سے بھی زیادہ عمران خان کی وفاداری۔ اس بات کو مکمل سمجھنے کے لئے یہ سمجھنا ہو گا کہ علی امین گنڈاپور کو کیوں نکالا گیا۔ اس کی فوری وجہ علیمہ خان کے ساتھ ان کا ٹکراؤ بنا یعنی ایک پارٹی جو کہتی ہے کہ وہ موروثیت کے خلاف ہے، اس کا بانی اپنی بیوی کے کہنے پر آدھے پاکستان کو عثمان بزدار جیسے نااہل کے حوالے کر دیتا ہے اور اپنی بہن کے کہنے پر اپنی مقبولیت والے حساس ترین صوبے میں وزیر اعلیٰ کو گھر بھیج دیتا ہے، کہاں کی جمہوریت؟ بہر حال، علی امین گنڈاپور کو نکالنے کی دوسری وجہ یہ بھی کہ اپنا گروپ بنا رہا تھا اور تیسری اہم ترین وجہ یہ کہ اس نے خیبر پختونخوا میں بانی پی ٹی آئی کے مذموم عزائم اس طرح پورے نہیں کئے جس طرح وہ چاہتے تھے۔

اب سوال یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے مذموم عزائم کیا ہیں، تو وہ تو مکتی کا ہی تسلسل ہیں۔ بانی پی ٹی آئی، خیبر پختونخوا میں وفاق، ریاست، فوج یا اسٹیبلشمنٹ (جو مرضی کہہ لیں) کو ناکام بنانا چاہتے ہیں اور وہ بھی دہشت گردوں کے سامنے۔ یہ کوئی ہوا میں گھڑا الزام نہیں ہے بلکہ اپنا مکمل سیاق و سباق رکھتا ہے جیسے انہوں نے ہزاروں لوگ افغانستان سے امپورٹ کئے اور خیبر پختونخوا میں بسا دیئے جن کا دھندا ہی دہشت گردی تھا۔ جیسے انہوں نے غیر قانونی افغانوں کو پاکستان سے نکالنے کے خلاف علی امین کو مزاحمت کا حکم دیا، مزاحمت تو نہ ہو سکی مگر اتنا ضرور ہوا کہ خیبر پختونخوا کی پولیس اور ایجنسیاں لاتعلق ہو گئیں، غیر موثر ہو گئیں یعنی انہوں نے کوئی کردار ادا نہیں کیا۔ یہ وہی پالیسی ہے جس کے تحت پی ٹی آئی پاکستان میں طالبان کا دفتر کھلوانا چاہتی تھی اور اب بھی اس کے لوگ سمگلنگ کی حمایت کر رہے ہیں کیونکہ جب ہم دہشت گردی کی بات کرتے ہیں تو سمگلنگ اور منشیات سمیت جرائم سے کمایا ہوا پیسہ دہشت گردی پر خرچ کیا جاتا ہے تاکہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بدامنی رہے اور اس بدامنی کے ذریعے دہشت گرد اپنا کنٹرول اپنے اپنے اضلاع پر بنائے رکھیں۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں اسے 'جرائم اور دہشت گردی کا نیکسس' قرار دیا گیا ہے جو سو فیصد درست ہے۔

معاملہ کچھ یوں ہے کہ عمران خان اسی طرح خیبر پختونخوا کا شیخ مجیب بننا چاہتا ہے جس طرح وہ مشرقی پاکستان کا تھا۔ وہ اسی کی طرز پر وفاق اور فوج کے خلاف نفرت پھیلا رہا ہے۔ یہ بات درست ہے کہ بہت سارے محب وطن حلقوں اور تجزیہ کاروں کو علی امین گنڈاپور پر تحفظات تھے مگر یہ بات بھی درست ہے کہ اصل تو اب پتا چلے گا جب ایک ایسا وزیر اعلیٰ سامنے لایا جائے گا جس کے بھارت کی خفیہ ایجنسی کے ساتھ تعلقات کی خبریں زیر گردش ہیں، جو سمگلنگ کا حامی ہے اور جس کی شہرت دہشت گردوں کے سہولت کار اور حامی کی ہے اور اسے عمران خان کا ذاتی وفادار قرار دیا جا رہا ہے یعنی وہ صوبہ جو پہلے ہی افغانستان سے جڑے ہوئے اضلاع کی وجہ سے بدامنی کا شکار ہے وہاں مزید خطرات پیدا ہونے جا رہے ہیں کیونکہ پاکستان تحریک انصاف نے بغیر کسی شرم اور جھجک کے واضح کر دیا ہے کہ وہ اپنے بانی کے حکم پر دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے مقدس فریضے میں وفاق اور فوج کو ناکام بنانا چاہتی ہے۔ وہ کھل کے کہہ رہے ہیں کہ وہ وفاق (اور فوج) کو مزاحمت دی جائے گی تو اس کا کیا مطلب ہے۔

سب سے بدترین صورتحال یہ ہے کہ ایک ایسا نفرت انگیز بیانیہ بنایا جا رہا ہے جو سب کچھ جلا کے راکھ کر سکتا ہے اور خیبر پختونخوا کے عوام کو کارکردگی کی بجائے اس کے پیچھے لگایا جا رہا ہے۔ وہ صوبہ جس کے دارالحکومت کے بھی بعض علاقوں میں آپ رات کے وقت نہیں نکل سکتے اور خیبر پختونخوا کے سینئر اور معتبر صحافی ارشد عزیز ملک بتا رہے تھے کہ قبائلی علاقوں میں تو آپ دن کے وقت بھی آزادانہ نقل و حرکت نہیں کر سکتے۔

سہیل آفریدی کی نامزدگی نے خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے اور ظاہر کر دیا ہے کہ توشہ خانہ چوری اور ایک سو ملین پونڈ جیسے واضح کرپشن کیسز میں سزا یافتہ عمران خان اب حواس باختہ ہو چکے ہیں۔ وہ اپنی آزادی اور پاکستان کی تباہی کے لئے کوئی بھی پتا کھیلنے کے لئے تیار ہیں۔ یہ اتنا سادہ معاملہ نہیں ہے۔ اگر علی امین گنڈاپور کو اس لئے ہٹایا جاتا کہ وہ سیلاب میں لوگوں کی مدد کرنے میں ناکام رہے، صوبے کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے اور عوام کو ریلیف دینے میں بھی تو ہم میں سے کوئی اس تبدیلی پر اعتراض نہ کرتا مگر یہ تبدیلی دہشت گردی اور امن و امان کی بد صورتحال کو بدترین میں بدلنے کے لئے کی گئی ہے تاکہ وفاق اور فوج پر دباؤ بڑھایا جا سکے۔ عمران خان نے صوبوں میں ہمیشہ بدترین چوائسز کی ہیں تاکہ ان کے نیچے کوئی با صلاحیت بندہ نہ آ سکے اور ان کی قیادت کو چیلنج نہ کر سکے۔ پچھلے دور میں کے پی کے محمود خان ہوں یا پنجاب کے عثمان بزدار، وہ بھی اسی تشریح پر پورا اترتے ہیں۔ یہ بات برداشت کی جا سکتی ہے کہ آپ ایک نااہل اور نکما وزیر اعلیٰ دے دیں جو تعمیر و ترقی کے حوالے سے زیرو ہو مگر کیا یہ بات بھی برداشت کی جا سکتی ہے کہ آپ ایک ایسا وزیر اعلیٰ دے دیں جو دہشت گردی کی جنگ میں عمران خان کے حکم پر دہشت گردوں کا ساتھی اور معاون ہو، وفاق اور فوج کا مخالف، امن اور سلامتی کا مزاحم ہو۔ یہ ایک بہت ہی خطرناک کھیل ہے جو سیاست اور جمہوریت کے نام پر شروع کیا گیا ہے۔ کیا اس کے نتیجے میں عمران خان رہا ہو سکیں گے اور اقتدار میں آ سکیں گے تو میرا جواب ہے کہ وہ دن بدن رہائی اور اقتدار سے دور ہوتے چلے جا رہے ہیں اور جس کے وہ نزدیک ہو رہے ہیں میں اس کا ذکر نہیں کرنا چاہتا، اس کا ذکر ان کی بہن علیمہ خان کئی مرتبہ کر چکی ہے۔ ایسے انجام سے پہلے شیخ مجیب بھی دوچار ہو چکا ہے مگر ہمارا ٹارگٹ یہ ہے کہ نیا شیخ مجیب اپنے انجام سے پہلے اپنے مقاصد میں کامیاب نہ ہو۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ ادارہ دانستہ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی ذمہ داری قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" "نامہ نگار" مقررہ تاریخ سے پہلے شائع جانے کا دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام
پلاٹ نمبر B-186 رقبہ 300 مربع گز واقع زرغون ہاؤسنگ سکیم دوکان نمبر 1GA رقبہ 300 مربع فٹ واقع کسٹم کالونی اور پلاٹ نمبر B3-6 واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم کوئٹہ جو کہ محمد اختر ولد غلام محمد کے نام پر ہے ہر ایک کا نصف حصہ اپنے بھائی محمد اکبر کے نام پر ٹرانسفر کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر کیو ڈی اے سے تحریری رابطہ کریں اس کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

انور کیو ڈی اے ....

گمشدگی بجلی میٹر
محلہ واسا کے سنڈیمن ہائی سکول والے ٹیوب ویل کا بجلی میٹر گم گیا ہے جس کی وجہ سے پانی کی سپلائی معطل ہے المشتہر: محمد نسیم ولد نیک محمد

استاف.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5630205114807 بنام باز محمد ولد یارول لورالائی گم ہوگیا ہے جسکو ملے 03313223719 پر اطلاع کریں

نمائندہ ولورالائی.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا والد کا پرانا شناختی کارڈ نمبر 00023000215 بنام یارول ولد نیامت لورالائی گم ہوگیا ہے جسکو ملے 03313223719 پر اطلاع کریں

نمائندہ ولورالائی.........

تلاش گمشدہ
میری جماعت ہشتم کی سند نام صابر علی ولدیت محمد نواز رول نمبر 61131 کہیں گم ہوگئی ہے جسے ملے رابطہ کریں 03153178315

نمائندہ DM.........

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420349953749 بنام سیف اللہ ولد محمد عثمان کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر برائے مہربانی فرما کر قریبی لیویز تھانہ پہنچا دیں

نمائندہ میرزئی اڈہ.........

تلاش گمشدہ
میری جماعت ہشتم کی سند نام بشارت علی ولدیت امداد علی رول 52432 نمبر کہیں گم ہوگئی ہے جسے ملے رابطہ کریں 03337359298

نمائندہ DM.........

تلاش گمشدہ
میرے کے کے کنسٹرکشن کمپنی کا کال ڈیپازٹ نمبر 00062285 مالیت 320000 جاری شدہ میزان بینک ڈیرہ مراد جمالی برانچ بنام ایکسین اربن پلاننگ نصیر آباد کہیں گر کر گم ہوگیا ہے جسے ملے ازراہ کرم اس پتہ پر پہنچا دیں المشتہر خالد خان کھوسہ کنسٹرکشن کمپنی ڈیرہ مراد جمالی

نمائندہ DAY.........

آل بلوچستان کلین گنبد خضراء کانفرنس 12 اکتوبر کو ہوگی
خضدار (بیورو رپورٹ) 12 اکتوبر بلوچستان کے علاقہ ضلع خضدار میں اہلسنت کا عظیم الشان روحانی اجتماع عظیم الشان فقید المثال آل بلوچستان کلین گنبد خضراء کانفرنس بمقام میر غوث بخش بزنجو فٹبال اسٹیڈیم خضدار میں منعقد ہورہا ہے اس عظیم اجتماع کے سرپرست اعلیٰ مجاہد اہلسنت سربراہ اتحاد اہلسنت بلوچستان حضرت علامہ مولانا سید شجاع الحق شاہ ہاشمی نورانی مہتمم جامعہ سنان بن سلمہ خضدار ہونگے اس روحانی اجتماع کلین گنبد خضراء کانفرنس میں ملک بھر سے کثیر تعداد میں جوق در جوق قافلوں کی شکل میں لوگ بھرپور انداز اور جوش خروش کے ساتھ شرکت کریں گے

شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال، گندگی کے ڈھیر، عوام پریشان
کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو شہر میں صفائی کی صورتحال گزشتہ کئی ہفتوں سے انتہائی ابتر ہوگئی ہے۔ شہر کے گلی کوچوں، بازاروں اور رہائشی علاقوں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں، جس سے نہ صرف تعفن اور بدبو پھیل رہی ہے بلکہ مچھروں اور بیماریوں میں اضافے کا بھی خدشہ بڑھ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، میونسپل کمیٹی کوہلو میں صفائی کا عمل گزشتہ تین ماہ سے مکمل طور پر بند ہے۔ بتایا گیا ہے کہ صفائی کے لیے عارضی بنیادوں پر تعینات عملے کو گزشتہ کئی ماہ سے تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں، جس کے باعث انہوں نے احتجاجاً کام کرنے سے انکار کردیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی کی غفلت کے باعث شہر اب گندگی کے ڈھیروں میں بدل گیا ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر صفائی مہم بحال کی جائے اور عملے کی واجب الادا تنخواہیں جاری کی جائیں تاکہ شہر کو دوبارہ صاف اور صحت مند ماحول فراہم کیا جاسکے۔

سبی: چیف ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر محکمہ صحت خلیل احمد یونیسف کے تعاون سے "ماں اور بچے" کی صحت اور غذائیت کے حوالے سے ایک روزہ آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ماں کا دودھ بچے کی نشوونما کیلئے بیحد ضروری ہے، خلیل احمد

جدید سائنس بڑی ترقی کر لی ہے لیکن ماں کے دودھ کا نعم البدل تیار نہیں کر سکی، ڈاکٹر قادر

ماں کا دودھ بچے کے جسمانی، ذہنی، اور روحانی ارتقاء کی بنیاد ہے، سیمینار سے ماہرین کا خطاب

سبی (نمائندہ مشرق) صوبائی ہیلتھ ڈائریکٹ کے چیف ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر خلیل احمد نے کہا ہے کہ ماں اور بچے کی صحت کا تعلق حمل زچگی اور بعد از پیدائش کی صحت کا خیال رکھنے سے ہے ماں کا دودھ بچے کی نشوونما کے لیے بیحد ضروری ہے جو کہ بچے کے مدافعتی نظام کو مضبوط کرتا ہے اور نظام ہاضمہ کو بہتر بناتا ہے زچگی کے بعد ماں کی صحت بچے کو دودھ پلانے میں مفید ہے ان خیالات کا اظہار عالمی ادارہ یونیسف کے زیر اہتمام ماں اور بچے کی صحت اور غذائیت کے حوالے سے ایک روزہ آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا سیمینار سے نیوٹریشن ڈائریکٹ کے نیوٹریشن آفیسر اسماعیل شیرانی، محمد عمر فاروق فیلڈ مانیٹرنگ اسٹرالیشن آفیسر نے خطاب کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سبی ڈاکٹر اکبر سولنگی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالقادر ہارون، پی آر ایس پی آغا خان فاؤنڈیشن یونیسیف، ڈبلیو ایچ او، ہیلتھ اور ڈی ایچ کیو سی کے نمائندوں نے شرکت کی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ماں کا دودھ نو مولود بچے کے لیے حقیقی غذا ہے یہ وہ نعمت ہے جس کو اسلام میں بچے کا بنیادی حق قرار دیا ہے قرآن وسنت میں بھی ماں کے دودھ پلانے پر بھی زور دیا گیا ہے سائنس بھی اسے قدرتی غذا قرار دیتی ہے طبعی ماہرین کے مطابق ماں کا دودھ بچے کے جسمانی، ذہنی، اور روحانی ارتقاء کی بنیاد ہے مقررین نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ جدید میڈیکل سائنس جتنی ترقی کرلی ہے لیکن ماں کے دودھ کا نعم البدل تیار نہیں کرسکی انہوں نے والدین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اپنے بچوں کی صحت مند نشوونما کے لیے ڈبے کے دودھ کے بجائے ماں بچے کو اپنا دودھ پلائے کیونکہ پیدائش سے لیکر چھ ماہ تک بچے کے لیے ماں کا دودھ بیحد ضروری ہے اور صحت مند بچے کی نشوونما کے لیے ماں بچے کو دو سال تک دودھ پلائے مقررین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ماں کے دودھ میں بے شمار خوبیاں پیدا کی ہیں پیدائش کے بعد ماں جب اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہے تو بچہ بہت سی موذی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے مقررین نے کہا کہ اس قسم کے سیمینار دیہی علاقوں کی حاملہ خواتین کو آگاہی فراہم کرنے کے وقت کی ضرورت ہے کیونکہ شہر کی نسبت دیہاتوں کی خواتین گھریلو کام کاج کے ساتھ ساتھ اپنے مردوں کا ہاتھ بٹانے کے لیے کھیتوں میں کام کرتی ہیں اور زچگی کے دوران اپنی خوراک اور صحت کا خیال نہیں رکھتی ہیں

جنگل پیر علیزئی، ڈی سی منور حسین مگسی پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیو کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی منور حسین

مہم کے دوران غفلت برداشت نہیں کرینگے، اجلاس سے خطاب

جنگل پیر علیزئی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیر صدارت پولیو مہم (نیشنل انسداد پولیو مہم NID-اکتوبر 2025) کے سلسلے میں اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یونس بازئی، ڈسٹرکٹ کیولیکیشن آفیسر ڈاکٹر دولت خان کاکڑ، مسعود احمد اچکزئی سمیت دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں 13 اکتوبر سے شروع ہونے والی قومی پولیو مہم کے انتظامات، فیلڈ میں درپیش مسائل اور بین المحکماتی تعاون کے امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس مقصد کے لیے تمام محکمے بھرپور تعاون سے کام کریں تاکہ ضلع کے ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جاسکیں انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران ٹیموں کو مکمل سہولت اور سیکیورٹی فراہم کی جائے، اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی آخر میں ڈپٹی کمشنر نے تمام اداروں کی مشترکہ کاوشوں کو سراہا اور پولیو سمیت دیگر بیماریوں کے مکمل خاتمے کے لیے قومی یکجہتی اور اجتماعی کوششوں پر زور دیا۔

ذہنی امراض میں اضافے کی ایک بڑی وجہ معاشی مسائل ہیں

بروقت تشخیص اور علاج سے بہت سی پیچیدگیوں سے بچا جا سکتا ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) ہر سال دنیا بھر میں 10 اکتوبر کو "ذہنی صحت" کا عالمی دن منایا جاتا ہے اس دن کو منانے کا مقصد ذہنی صحت کی اہمیت کو اجاگر کرنا، اس کی حفاظت اور کسی بیماری کی صورت میں بروقت تشخیص کی افادیت واثرات کے بارے میں شعور اجاگر کرنا ہوتا ہے۔ اس عالمی دن کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عدیل احمد خان نے کہا کہ ذہنی صحت سے مراد انسان کے جذبات، نفسیات اور سماجی معاملات کی بہتری ہے اگر یہ صحت کسی وجہ سے متاثر ہو جائے تو کام میں دلچسپی کا کم ہونا، فیصلہ کرنے میں مشکل پیش آنا خود اعتمادی میں کمی توجہ مرکوز کرنے میں مشکلات پیش آنا توانائی میں کمی اور سوچنے سمجھنے کی صفت کا متاثر ہونا شامل ہے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں دس فیصد افراد مختلف ذہنی امراض کا شکار ہیں۔ انگزائٹی اور ڈپریشن عام ذہنی امراض ہیں جو دنیا بھر میں تیزی سے لوگوں کو متاثر کر رہے ہیں۔

اے ڈی سی کی زیر صدارت خسرہ روبیلا ویکسین سے متعلق اجلاس

سعید میر نے شرکاء کو خسرہ روبیلا ویکسین مہم کے حوالے سے بریفنگ دی

دالبندین (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر آفس دالبندین میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چاغی، نظام رحیم بلوچ کی زیر صدارت خسرہ روبیلا ویکسین سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کے مانیٹرنگ آفیسر سعید میر نے شرکاء کو خسرہ روبیلا ویکسین مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ خسرہ سے بچاؤ کی ویکسین ہے، جو ضلع بھر میں چھ ماہ سے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو لگائی جائے گی۔ یہ مہم 17 نومبر سے شروع ہو کر 29 نومبر تک جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ مہم کی کامیابی کے لیے میڈیا، علماء کرام اور محکمہ تعلیم کا تعاون نہایت اہم ہے۔ مہم کے آغاز سے قبل تمام اداروں کو مل کر عوام میں زیادہ سے زیادہ آگاہی پیدا کرنا ہوگی تاکہ زیادہ سے زیادہ بچوں کی ویکسینیشن ممکن بنائی جاسکے۔ مزید بتایا گیا کہ یہ مہم ڈور ٹو ڈور نہیں ہوگی بلکہ مخصوص مقامات پر ویکسینیشن ٹیمیں موجود ہوں گی، جہاں والدین اپنے بچوں کو ویکسین لگوانے کے لیے لاسکیں گے۔ تاہم، دور دراز علاقوں میں موبائل ٹیمیں خدمات سرانجام دیں گی۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ ڈپٹی کمشنر آفس میں ایک کنٹرول روم قائم کیا جائے گا تاکہ شہری اپنی شکایات یا تجاویز براہ راست درج کروا سکیں۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر عبد المالک بلوچ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جاوید حسن سیاہ پاد، پرنس فہد ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر لونگ خان محمد حسنی، ڈی ایس ایم (پی پی ایچ آئی) وہاب بلوچ، محکمہ تعلیم سے حاجی عبداللہ، پرنسپل حاجی عبدالباری نوتیزئی، سی ای او یوسف جلیل بلوچ، ڈی ایس پی عابد شیرزئی، ڈی۔ ایس۔ او ڈاکٹر شیر محمد خان، دالبندین پریس کلب کے صدر فاروق سیاہ پاد رند سمیت دیگر محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے خسرہ روبیلا ویکسین مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

دالبندین، اے ڈی سی چاغی نظام رحیم بلوچ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اے سی تمپ کی زیر صدارت محکموں کے سربراہان کا تعارفی اجلاس
تمپ (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر تمپ کی زیر صدارت مختلف محکموں کے سربراہان کا تعارفی اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ تعلیم، زراعت، لائیو اسٹاک، مواصلات وتعمیرات، ماحولیات اور سوشل ویلفیئر کے نمائندگان دیگر نے شرکت کی اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات اور محکماتی کارکردگی کے مختلف امور تبادلہ خیال کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر نے محکمہ مواصلات وتعمیرات کو ہدایت کی کہ ٹھیکیداروں پر نگرانی اور چیک اینڈ بیلنس کو موثر بنایا جائے اور تمام زیر تکمیل منصوبے جلد مکمل کیے جائیں انہوں نے تمام محکموں کو انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطہ رکھنے اور عوام کو خدمات کی فراہمی میں شفافیت وبہتری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

اے ڈی سی نوشکی نے بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کردیا
نوشکی (نامہ نگار) اے ڈی سی نوشکی عمر جمالی نے ڈی سی نوشکی محمد حسین ہزارہ کی ہدایت پر بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر دیا۔ پولیو وائرس سے بچاؤ کے قطرے بچوں کو پلا کر والدین اپنے بچوں کو معذوری سے بچائیں ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نوشکی عمر جمالی نے ڈی ایچ او آفس میں پولیو مہم کی افتتاحی تقریب کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر عبدالرحمن شیرانی ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل پرنسپل ایم سی ایچ میڈم فاخرہ جماعت اسلامی کے صوبائی رہنما حافظ مطیع الرحمن مینگل نے بھی بچے کو قطرے پلائے اس موقع پر WHO کے ڈاکٹر جمیل احمد قاضی حبیب۔ سی سی او عبداللہ بادینی ڈی ایس او عطاء اللہ پی پی ایچ ای کے ڈی ایس ایم ریاض علی مینگل ایم این ای آفیسر افغا دو شاہ سکندر مینگل ودیگر موجود تھے اس موقع پر اے ڈی سی نوشکی عمر جمالی اور ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر عبدالرحمن شیرانی نے پولیو مہم کے حوالے سے کہا کہ والدین اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں جو بچے پولیو کے وائرس کا شکار ہو جاتے ہیں معذور ہو کر مختلف معاشرتی ناہمواریوں کا شکار ہو کر معاشرے پر بوجھ بن جاتے ہیں پولیو وائرس خطرناک وائرس ہے اس خطرناک وائرس کے خاتمہ کے لیے ہمیں جنگی بنیادوں پر اس مہم کو قومی فریضہ اور جہاد سمجھ کر حصہ لیں

میر حاجی رضا علی خان جمالی کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری
اوستہ محمد (آن لائن) میر حاجی رضا علی خان جمالی کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری ہے میر نور یز خان جمالی میر مظفر خان جمالی سربراہ میر ذوالفقار خان جمالی صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی۔ میر عامر خان جمالی سے نواب بربان خان جانڈیو ایم پی اے ڈی آئی جی لاڑکانہ اشفاق منصور مغل۔ ایس ایس پی غلام حسین باجوئی ذوالفقار علی کھوائی نکری مشتاق علی چندرانی بہرام حسین مستوئی ریاض حسین لانگاہ افضل مسعود حاجی حسین احمد سومرو فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی اور کہا کہ اللہ پاک انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

ایس ای پشین سرکل کا قلعہ عبداللہ کا دورہ

انجینئر وسیم نے دورے کے دوران جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا

میرزئی اڈہ (نامہ نگار) ایس ای پشین سرکل انجینئر وسیم حیدر نے ضلع قلعہ عبداللہ میں جاری مختلف ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری کاموں کی رفتار ومعیار کا جائزہ لیا اس موقع پر بی اینڈ آر ڈیپارٹمنٹ کے ایکسین حاجی محمد سعود کاکڑ نے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے انہیں بریفنگ دی۔ زیر تکمیل منصوبوں میں ڈپٹی کمشنر کمپلیکس، جوڈیشل کمپلیکس، پراسیکیوشن آفس، سرکاری رہائشی عمارت اور 50 بستروں پر مشتمل جدید ہسپتال شامل ہیں انجینئر وسیم حیدر نے اپنے دورے کے دوران ژوب بند تا سپینہ کراس پاشا روڈ، امرت یورے روڈ، قلعہ عبداللہ تا حرمزئی روڈ اور تین اسپین باکس کلورٹ جنگل پیر علیزئی کے منصوبوں کا بھی معائنہ کیا انہوں نے موقع پر موجود متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبے شفافیت، معیاری کام اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ عوام ان ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات سے جلد از جلد مستفید ہوسکیں ان کا کہنا تھا کہ ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل نہ صرف عوامی سہولت کا باعث بنے گی بلکہ ضلع قلعہ عبداللہ میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے عمل کو بھی تقویت ملے گی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کا دورہ
قلات (آن لائن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات شاہنواز بلوچ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کا دورہ کیا اور مختلف شعبہ جات سے متعلق ضلعی محکمہ صحت کے حکام نے انہیں بریفنگ دی اس موقع پر ڈسٹرکٹ سرویلنس آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر نوروز بلوچ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی یونیسیف کے کیولیکیشن آفیسر ہمایوں لہڑی بھی موجود تھے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر انجم بلوچ نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر میں آر ایچ سیز، ڈیز کی تعداد ٹوٹل اسٹاف کی تعداد ہیلتھ سینٹرز کو فراہم کردہ ادویات پرنس کریم خان ہسپتال میں دستیاب سہولیات درپیش مسائل ڈاکٹرز اور دیگر پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضریوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

میرزئی اڈہ، ایس ای پشین سرکل انجینئر وسیم حیدر بی اینڈ آر ڈیپارٹمنٹ کے ایکسین حاجی محمد سعود کاکڑ کے ہمراہ ضلع قلعہ عبداللہ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

مقامی زبان و ادب کی ترویج ہماری تہذیبی کا تحفظ ہے، جمیل دشتی
تربت (آن لائن) ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے ڈپٹی چیئرمین میر بابد جمیل دشتی سے بلوچستان اکیڈمی تربت کے چیئرمین ڈاکٹر غفور شاد اور سابق چیئرمین واگیزیکٹو باڈی کے رکن عید شاد نے ملاقات کی ملاقات میں چیئرمین ڈاکٹر غفور شاد نے بلوچی زبان کے شعری ورثے میراث کی ادبی و ثقافتی اہمیت پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی چیئرمین نے بلوچستان اکیڈمی کے کردار کو سراہا

بعدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ
سول ریویژن نمبر 1241 سال 2024

1۔ نعمت اللہ ولد نور احمد 2۔ عبدالرحمن ولد عبدالوہاب 3۔ عبید اللہ ولد عبدالقیاس 4۔ بسم اللہ ولد فتح خان 5۔ عبداللہ ولد محمد نعیم اذوات بازئی ساکن کلی بابوزئی آغا برگ کوئٹہ..........پٹیشنرز

بنام 1۔ محمد نسیم خان 2۔ محمد نعیم خان 3۔ ندیم خان 4۔ وسیم خان ولد شیر زمان خان کاسی بلحاظ ذات کاسی رہائشی مکان نمبر C-14-12 محلہ توغی ہاؤسنگ سکیم کوئٹہ آفس کاسی بہرام ہاؤسنگ سکیم جناح روڈ کوئٹہ..........ریسپانڈنٹس

اشتہار بنام ریسپانڈنٹس نمبر 1 تا 4:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا ریسپانڈنٹس 1۔ محمد نسیم خان 2۔ محمد نعیم خان 3۔ ندیم خان 4۔ وسیم خان ولد شیر زمان خان کاسی بلحاظ ذات کاسی، رہائشی مکان نمبر C-14-12 محلہ توغی ہاؤسنگ سکیم کوئٹہ آفس کاسی بہرام ہاؤسنگ سکیم جناح روڈ کوئٹہ دیدہ دانستہ تعمیل سمن سے گریزاں ہیں اور دستیاب نہیں ہوسکتے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 24/10/2025 بوقت صبح 9:00 بجے عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ میں خود یا بذریعہ وکیل پیش ہوکر مقدمہ ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگران کے خلاف کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 8 اکتوبر 2025 کو میرے دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

(محمد سلیم خان) اسسٹنٹ رجسٹرار (جوڈیشل ایس بی) عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی
ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پراپرٹی نمبر B-200/227 گلستان ٹاؤن کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق مسمی غلام رسول ولد خدا النظر کی ملکیت ہے اور غلام رسول ولد خدا النظر کا مورخہ 23/8/2018 کو انتقال ہوگیا ہے اور اب ان کے مندرجہ ذیل وارثان نے پراپرٹی کو اپنے نام ٹرانسفر کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے 1۔ بی بی فاطمہ بیوہ غلام رسول 2۔ عمرین گل دختر غلام رسول 3۔ نورین حسن دختر غلام رسول 4۔ میرین گل دختر غلام رسول لہٰذا اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی فون نمبر: 081-9201443

اطلاع برائے عوام الناس بابت منسوخی بیع قطعی اخرید وفروخت
من غلام فاروق ولد محمد عثمان اس اشتہار کے رو سے عوام الناس کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ میرا اور حاجی لعل محمد ولد عبدالقیوم اور محمد عظیم ولد عبدالہادی کے درمیان ایک عدد بیع نامہ قطعی، مورخہ فروری 2023 تحریر ہوا تھا مگر حاجی لعل محمد ولد عبدالقیوم اور محمد عظیم ولد عبدالہادی نے مذکورہ بیع نامہ کے مندرجات پر عملدرآمد نہ کیا جس کے بعد میرا اور حاجی لعل محمد ولد عبدالقیوم اور محمد عظیم ولد عبدالہادی کے درمیان ایک ثالثی فیصلہ جو کہ حاجی عبدالغنی ولد حاجی علی اور حافظ محمد یوسف ولد محمد زمان نے مورخہ 30/7/2025 جاری کیا تھا اب فریق دوئم نے نہ ہی بیع نامہ قطعی کے مندرجات پر عمل درآمد کیا اور نہ ہی بعد میں ہونے والے ثالثی فیصلے کے مندرجات پر عمل درآمد کیا لہٰذا اب میں نے اور ثالثین نے درج بالا دونوں بیع نامہ قطعی اور ثالثی فیصلہ کالعدم قرار دے دیا ہے اور دونوں منسوخ کردیے ہیں لہٰذا من مقر جو کہ دونوں فیصلوں میں موجود جائیداد کا مالک اور متصرف ہوں لہٰذا اپنے جائیدادوں کی فروخت کرنے کا مکمل مجاز ہوں لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ جائیداد کے خرید وفروخت کیلئے اگر کوئی شخص حاجی لعل محمد ولد عبدالقیوم اور محمد عظیم ولد عبدالہادی سے کوئی بھی معاہدہ کرتا ہے تو اس کے نفع اور نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا اور من مقر غلام فاروق ولد محمد عثمان ذمہ دار نہ ہوگا

بذریعہ کونسل مطیع اللہ کاکڑ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

بعدالت جناب ثناءاللہ خان لونی تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی
اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالمجید نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا اللہ نظر محمد ولد روزے بتقضائے الٰہی فوت ہوچکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان عبدالمجید، عبدالرشید، بخت نورہ پسران ودختران نظر محمد ہیں انکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں ہے متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع ٹگنگ میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارہ کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 17/9/2025 کو ہمارے دستخط ومہر سے جاری ہوا نمائندہ ولورالائی

بعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم تحصیلدار فریدآباد ضلع صحبت پور
اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عنوان بالا میں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالمالک ولد محمد رحیم قوم کھوسہ ساکن گوٹھ محمد رحیم نے پیش ہوکر استدعا کی کہ اسکے والد محمد رحیم ولد محمد حیات قوم کھوسہ عرصہ 28 سال سے فوت ہوچکے ہیں متوفی کا زرعی اراضی جائیداد واقع وہ روپا کھاتہ نمبر 29 رقبہ تعدادی 6-39 ایکڑ ریونیو ریکارڈ میں اندراج شدہ ہے، متوفی کی فوتگی اور ورثہ سرٹیفکیٹ سیکرٹری یونین کونسل روپا نے جاری کی ہے متوفی محمد رحیم کے جائز وارث ذیل ہیں 1۔ محمد حیات (فوت) 2۔ محمد امین (فوت) 3 محمد ابراہیم (فوت) 4 محمد اسماعیل (فوت) 5 عبدالمالک 6 محبوب علی (زندہ) پسران متوفی محمد رحیم 1۔ محمد حیات کا جائز وارث ارشاد علی ولد متوفی محمد حیات 2۔ محمد امین کا جائز وارث محمد خالد ولد متوفی محمد امین۔ 3۔ محمد ابراہیم کا جائز وارث محمد ایوب ولد متوفی محمد ابراہیم 4۔ محمد اسماعیل کا جائز وارث مسمات وزیراں زوجہ متوفی محمد اسماعیل ہیں اسکے علاوہ متوفیان کا اور کوئی جائز وارث نہیں ہیں اگر کسی شخص کو کوئی عذر اعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش ہو اشتہار ہذا آج میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ DM

TENDER NOTICE
ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی گودے نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد طور خان ولد خان محمد قوم حمزہ زئی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان مسترئی بی بی بیوہ، مسمی گودے گل جمعہ بی بی پسران و دختران طور خان ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع بلاؤ میختر میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخط حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 6.10.2025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ لورالائی

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Chairman Balochistan Textbook Board, Quetta invites Bids from Eligible Bidders (Publishers / Printers) for the Printing & Supply of Textbooks (Free Distribution) from Class Primer to XII and ALP Textbooks with Teacher Guides Package E and Preparation of Pre-press Materials for the academic year 2026 through (06) six tenders of similar nature having TSE Nos. **(TSE-252610890001 for Package A, TSE-252610890231 for Package B, TSE-252610890861 for Package C, TSE-252610891111 for Package D, TSE-252610891361 for Package E & TSE-252610891431 for Package F). Tender Fee 1,000/-**

S.No.	Class of Object	Bid Security
1	Stationery (Textbooks Class Primer to XII and ALP Textbooks)	2%

Procurement shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignment of Similar Nature and Complexity 100,000,000 in Previous 5 Years. Turnover of at least 200,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate. The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive. Submission of the required Bidding document Fee. The bidder must fulfill all the requirements for Publication and Printing experiences as prescribed in details in the bid documents. The Bidder must fulfill the requirements for Printing machine, Automatic Paper Folder and Gathering Machines as per the specifications prescribed in the bidding documents. Sample of Printing Paper & Bleach Card for each manufacture (10 Sheets only) and certificate of specifications from the manufacturer with seal and signature. Recycled paper is not accepted. Samples of Imported Ink, Hot Melt Glue not less than 2711 of Taiwan brand or equivalent specifications, Imported coated plates and Film for Positives making. Test Fee Rs. 20,000 each (not refundable) for paper & b sample of each manufacture in shape of pay order. Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest **by 27 October, 2025** through supplier dashboard. **Tender opening:** will be opened on **27 October on EPPS System Address:** Office of the Chairman Balochistan Textbook Board, Quetta
Phone no: 0812470501 **Email:** btbb_quetta@yahoo.com

AB No.353/10-10-2025

Chairman Balochistan Textbook Board, Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Irrigation Division Harnai intends to carry out the following Development Works through **EPPS System** for the year 2025-26 and invites sealed tenders on composite schedule of rates 2023 GoB for the PEC Registered Government Contractors. Earnest Money 3%, Tender Fee 2000/-, Completion Time 12 Month for each work

S.No	Name of work.	E/Cost
1.	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BUND IN CITY AREA, KILLI LAL KHAN SARWATI AND SPIN TANGI AREA HARNAI. Under BSDI (2025-26) **TSE-252610890083**	40.00 M
2.	CONSTRUCTION OF PROTECTION WALL AT KHOST AREA DISTRICT HARNAI. Under BSDI (2025-26) **TSE-252610890053**	50.00 M

The Procurement shall be carried out in accordance with the BPPRA rules 2014 and Amended 2019. **ELIGIBILITY OF CONTRACTORS:** (i) Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems), CE04(v) (Irrigation Only), (ii) Valid registration certificates from Income Tax Authority (NTN) and Baluchistan Revenue Authority (BRA). (iii) The Bidder must have completed 2 Assignments of Similar Nature in last 3 years, must be at least cost Rs 28.00 million (for S.No 1) Rs 35.00 million (for S.No 2). (Attach Work Orders and Completion Certificates), (iv) Attach Affidavit on Judicial stamp paper of 100 Rupees, that the firm never blacklisted by any Government/Semi Government Department nor involved in any Litigation. (v) Turnover of at least Rs 28.00 million (for S.No 1) Rs 35.00 million (for S. No 2), in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm (vi) Detailed Technical Evaluation Criteria is mentioned in the Bidding Documents. Document can be downloaded from www.bppra.gob.pk. **METHOD OF PROCUREMENT:** Bids are invited on **single stage two envelop** procedure (Technical & Financial Proposals). Financial Proposals of bids found non-responsive by the procurement committee shall be returned un-opened to the respective bidders. The interested Contractors /Firms are required to provide Technical Proposal comprising information regarding Experience, Personnel Capabilities, Financial Status, Equipment Capabilities and other relevant information as explained in the Bid Soliciting Documents. **SUBMISSIONOF BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The last date & time for submission of tender documents will be **24/10/2025 at 10.00 AM.** Only the Bid **(Technical Proposals)** will be opened on the same date **24/10/2025 on EPPS System at 11.00 AM BID SECURITY:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of **3 %** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Any further information regarding the bid can be obtained from Office of the Undersigned on any working day. The office of the Executive Engineer, Irrigation Division Harnai.
Tel #0833-520083

PRQ No.1831/10-10-2025

Executive Engineer, Irrigation Division, Harnai

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 آئی ایس پی آر

عوامی فلاح و بہبود کو جان بوجھ کر کمزور کیا گیا، جس کا خمیازہ آج تک خیبرپختونخوا کے بہادر اور غیور عوام اپنے خون سے بھگت رہے ہیں، نظرثانی شدہ نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہیں ہوا تبدیلی اس وقت آئے گی جب نیشنل ایکشن پلان پر عمل ہوگا، پاکستان کے عوام کی جان و مال کی حفاظت کرنے کیلئے جو ضروری اقدامات کئے جانے چاہئیں وہ کئے جائیں گے اور کئے جاتے رہیں گے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کیلئے زمین تنگ کردی جائے گی اور دہشت گردوں کے سہولت کار کسی بھی عہدے پر ہوں ان کیخلاف کارروائی ہوگی، اب ایسا نہیں چلے گا سہولت کاروں کے پاس 3 راستے ہیں، خوارج کو ریاست کے حوالے کیا جائے اور ریاست کیساتھ ملکر خارجیوں او ردہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں کریں، افغانستان کو پاکستان پر حملے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اس کے ثبوت اور شواہد موجود ہیں، فیصلہ افغانستان کے سرکردہ لوگوں نے خود کرنا ہے کہ کیا آپ نیا پنے ملک کو دہشتگردوں کی آماجگاہ بننے دینا ہے؟ دہشتگرد عناصر سانپ کی طرح ہوتے ہیں، جو سانپ پالے گا وہ اس پر بھروسہ نہیں کرسکتا، دہشتگردی خود افغانستان کے عوام کیلئے بھی خطرہ ہیں، امید ہے کے پی عوام کیلئے افغانستان سے سکیورٹی کی بھیک مانگنے کے بجائے خود حفاظت کریں گے، شہداتے آپ کیلئے جانیں دی ہیں ان پر سیاست کرنے کی کسی کو اجازت نہیں، فوج کو گھٹیا سیاست اور بیانیے میں نہیں نہ گھسیٹا جائے، آپ ہمیں سیاست میں نہ لائیں، اگر فرد واحد سمجھتا ہے کہ اس کی سیاست ریاست سے بڑی ہے تو ہمیں یہ قبول نہیں۔ ان خیالات کا اظہار لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کور ہیڈ کوارٹرز پشاور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پریس کانفرنس کے آغاز میں خیبرپختونخوا کے غیور عوام کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پریس کانفرنس کا مقصد صوبہ خیبرپختونخوا میں سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب نے خیبرپختونخوا کے غیور عوام کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا افواج پاکستان کے تجدید عزم کیلئے آیا ہوں، دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے عزم کی تجدید کرتے ہیں۔ انہوں نے صوبے میں انسداد دہشت گردی آپریشن کا جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ خیبرپختونخوا میں 2024 کے بعد خفیہ اطلاعات پر 14 ہزار 535 آپریشنز کیے، یومیہ بنیاد پر کیے گئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کی تعداد 40 بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2024 میں آپریشن کے دوران 769 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا، جن کی یومیہ تعداد 2.1 بنتی ہے، ان آپریشنز کے دوران 577 قیمتی جانوں نے جام شہادت نوش کیا جن میں پاک فوج کے 272 بہادر افسران اور جوان، پولیس کے 140 جبکہ 165 معصوم پاکستانی شہری شامل ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ خیبرپختونخوا میں 2025 کے دوران 15 ستمبر تک 10 ہزار 115 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیے جاچکے ہیں جن کی یومیہ تعداد 40 بنتی ہے جن میں 917 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا جاچکا ہے، جن یومیہ شرح 3.5 بنتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال خیبرپختونخوا میں آپریشنز کے دوران 516 قیمتی جانوں نے جام شہادت نوش کیا جس میں پاک فوج کے 311 افسران و جوانان، پولیس کے 73 اہلکار اور 132 معصوم شہری شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 10 سالوں میں آپریشن کے دوران واصل جہنم واصل ہونے والے خارجیوں کی تعداد کا موازنہ کیا جائے تو ایک سال میں مارے گئے خارجیوں کی تعداد گزشتہ 10 سالوں میں مارے گئے خارجیوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے، اسی طرح گزشتہ سال مارے گئے خارجیوں کی تعداد اس سے گزشتہ 9 سالوں کی مجموعی تعداد سے زیادہ تھی۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ 2016 سانحہ آرمی پبلک اسکول کے بعد انٹیلی جنس ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنا شروع کیا اور ایک پرامن خیبرپختونخوا کے خواب کی تکمیل کے قریب پہنچ گئے۔ انہوں نے کہا کہ مگر بدقسمتی سے خیبرپختونخوا میں سوچے سمجھے منصوبے کے تحت دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو اسپیس دی گئی، یہاں گورننس اور عوامی فلاح و بہبود کو جان بوجھ کر کمزور کیا گیا، جس کا خمیازہ آج تک خیبرپختونخوا کے بہادر اور غیور عوام اپنے خون اور اپنی قربانیوں کے ذریعے بھگت رہے ہیں۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ ان عوامل کو جاننا ضروری ہے جن کی وجہ سے آج دہشت گردی موجود ہے، انہوں نے دہشت گردی ختم نہ ہونے کی 5 بنیادی وجوہات بھی بیان کیں۔ نیشنل ایکشن پلان پر عمل نہ کرنا۔ دہشت گردی کے معاملے پر سیاست کرنا اور قوم کو اس سیاست میں الجھانا۔ بھارت کا افغانستان کو دہشت گردی کے بیس کیمپ کے طور پر استعمال کرنا۔ افغانستان میں دہشت گردوں کو جدید ہتھیاروں اور پناہ گاہوں کی دستیابی۔ مقامی اور سیاسی پشت پناہی کا حامل دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کا گٹھ جوڑ۔ انہوں نے کہا کہ صرف 2024 اور 2025 میں پاکستان جہنم واصل کیے جانے والے افغانیوں کی تعداد 161 بنتی ہے، اس کے علاوہ افغانستان کی سرحد سے دخل اندازی کرتے ہوئے 135 خارجی مارے گئے جبکہ 2 سال میں خودکش حملے کرنے والے 30 حملہ آور میں افغان شہری تھے، یہ اعداد و شمار افغانستان کو بھارت کے دہشت گردی کے بیس کیمپ کے طور پر عیاں کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کے گٹھ جوڑ کو مقامی اور سیاسی پشت پناہی حاصل ہے۔ ترجمان پاک فوج نے مزید کہا کہ 2014 میں سانحہ اے پی ایس کے بعد تمام سیاسی جماعتیں، وفاقی اور صوبائی حکومتیں، تمام ایجنسیوں اور ایک متفقہ لائحہ عمل تیار کیا جسے نیشنل ایکشن پلان کا نام دیا گیا اور تمام سیاسی جماعتوں نے اتفاق کیا کہ اگر دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنا ہے

بقیہ 2 اسرائیلی فوج

نے غزہ میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کے تبادلے کے معاہدے کی منظوری دی۔ غزہ امن منصوبے کی منظوری سے متعلق اسرائیلی حکومت کی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں اسرائیلی وزیراعظم اور وزرا کے علاوہ امریکی نمائندہ خصوصی برائے مشرق وسطیٰ اسٹیو وٹکوف اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر نے بھی شرکت کی۔ اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق حکومت نے تمام یرغمالیوں کی رہائی کے معاہدے کی منظوری دے دی ہے۔ معاہدے کے تحت تقریباً 2 ہزار فلسطینی قیدیوں کی رہائی اور اسرائیلی فوج کے جزوی انخلا کے بدلے یرغمالیوں کو رہا کیا جائے گا۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج اب غزہ کی پٹی کے اندرونی پوزیشنز پر منتقل ہوگی تاہم علاقے کے تقریباً 53 فیصد حصے پر کنٹرول برقرار رکھے گی جس کے بعد 72 گھنٹوں کا وقت دیا جائے گا، اس دوران حماس تمام یرغمالیوں کو رہا کرے گی۔ غزہ میں جنگ بندی کے لیے کئی ماہ سے کوششیں جاری تھیں جس کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امن معاہدے کے لیے 20 نکات پیش کیے جن کی حمایت پاکستان سمیت دیگر 8 مسلم ممالک نے بھی کی جب کہ اسرائیل نے بھی ان نکات کو تسلیم کیا۔ غزہ کی شہریوں نے بھی تباہ حال گھروں میں لوٹنا شروع کر دیا ہے۔ جبکہ اسرائیلی فوجیوں نے متعدد علاقے خالی کردیے ہیں۔

بقیہ 3 آئی ایم ایف

کے بغیر منصوبوں کی منظوری بند تھی۔ وزارت منصوبہ بندی نے تمام وزارتوں کو ڈی ڈی ڈبلیو پی کے ذریعے منصوبوں کی منظوری پر پابندی سے آگاہ کر دیا ہے۔ ڈی ڈی ڈبلیو پی کو 2 ارب روپے مالیت تک کے ترقیاتی منصوبے منظور کرنے کا اختیار ہوتا تھا بعد میں یہ حد کم کرکے ڈیڑھ ارب روپے کردی گئی تھی

بقیہ 4 وزیراعلیٰ

سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سسٹم کے تحت تمام سہولیات ایک ہی مرکز سے فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں کسی قسم کی سرکاری رکاوٹ یا غیر ضروری مراحل کا سامنا نہ کرنا پڑے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز بلوچستان ٹورازم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میرٹ پر مبنی نظام ہمیشہ بہتر نتائج دیتا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ صوبے میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب باصلاحیت افسران اور ماہرین اپنی کارکردگی سے ترقی واستحکام کا مظاہرہ کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت نوابزادہ زرین خان مگسی، سیکرٹری ثقافت سہیل الرحمن بلوچ، اور بلوچستان بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سمیت تمام افراد میرٹ، محنت اور دیانتداری کا عملی نمونہ ہیں جن کی کارکردگی صوبے میں ایک مثبت مثال بن کر سامنے آئی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حقیقی تشخص امن، محبت اور مہمان نوازی سے عبارت ہے مگر بدقسمتی سے صوبہ عموی طور پر منفی خبروں تک محدود دکھایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کے فیسٹیول نے بلوچستان کے خوبصورت، ثقافتی اور پرامن چہرے کو اجاگر کیا ہے جو اصل بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چند منفی عناصر پورے صوبے کی مکمل تصویر نہیں بلکہ اصل بلوچستان وہ ہے جو فطری حسن، دلکش مناظر اور بے مثال ثقافتی ورثے کا امین ہے اس حسن کو دنیا کے سامنے لانے اور اسے دریافت کرنے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے تین سالہ سیاحتی منصوبے پر عمل پیرا ہے جس میں بنیادی توجہ رسل و رسائل کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی، اور نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے سیاحتی امکانات کو حقیقت میں بدلنے پر مرکوز ہے انہوں نے بلوچستان ٹورزم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مثبت اور تخلیقی اقدامات نہ صرف بلوچستان کی پہچان کو نیا رنگ دے رہے ہیں بلکہ صوبے کے روشن اور پرامید مستقبل کی بنیاد بھی مضبوط کررہے ہیں۔

بقیہ 5 ڈی آئی خان

کہ پولیس ٹریننگ اسکول ڈیرہ پر دہشت گردوں نے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا تاہم پولیس کے دستے اور سیکیورٹی فورسز بھی موقع پر پہنچ گئیں جبکہ جوابی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 3 دہشت گرد واصل جہنم کردیے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں نے پولیس ٹریننگ سینٹر کے مین گیٹ سے خودکش گاڑی ٹکرائی اور مقابلے میں سینٹر میں داخل ہونے والے تینوں دہشت گرد ہلاک ہوئے، ڈی پی او نے بتایا کہ حملہ آوروں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی ہوا جبکہ سینٹر میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ پولیس ٹریننگ سینٹر پر حملے کے وقت زوردار دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں جن سے گھروں کی دیواریں لرز اٹھیں، آوازیں دور دور تک سنی گئیں، پولیس جائے وقوع کی جانب روانہ ہوگئی۔ متعلقہ ایس ایچ او کے مطابق دہشت گردوں نے ڈیرہ اسماعیل خان سے دس کلومیٹر دور اور تھانہ صدر سے دو کلومیٹر کے فاصلے پر پولیس ٹریننگ اسکول پر حملہ کیا، تین راکٹ لانچر پولیس ٹریننگ اسکول پر داغے گئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ڈی پی او ڈیرہ، ایس پی سی ٹی ڈی اور تمام سرکل کے ایس ڈی پی اوز موقع پر پہنچ گئے، دہشت گردوں پولیس ٹریننگ سینٹر میں مرکزی دروازے سے داخل ہوگئے سینٹر میں موجود ہیں، پولیس اہلکاروں اور دہشت گردوں کے درمیان مقابلہ جاری رہا، سکیورٹی فورسز بھی موقع پر پہنچ گئی۔

بقیہ 6 زین قریشی

عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈیڑھ سال سے شاہ محمود قریشی کی ضمانتیں لگی ہوئی ہیں۔ علاوہ ازیں شاہ محمود قریشی کی بیٹی اور پی ٹی آئی کی رہنما مہر بانو قریشی کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے درمیان نورا کشتی ہے۔ ایسی لڑائیاں قومی مفاد اور عوام کیلئے نہیں ہوتیں۔

بقیہ 7 شبلی فراز

فہرست کے مطابق اس واحد نشست پر 5 امیدوار میدان میں ہیں اور اس سلسلے میں پی ٹی آئی، نواز لیگ، جے یو آئی اور پیپلز پارٹی کے کاغذات نامزدگی جمع کرائے گئے ہیں۔ پی ٹی آئی کی جانب سے خرم ذیشان اور عرفان سلیم نے کاغذات جمع کرائے ہیں جب کہ پیپلز پارٹی کے نثار خان اور جے یو آئی کے عابد خان یوسفزئی نے کاغذات جمع کرائے ہیں۔ ان کے علاوہ ن لیگ کے تاج محمد آفریدی نے کاغذات جمع کرائے ہیں۔

بقیہ 8 گورنر

فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے صوبائی محتسب کا ادارہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی محتسب میں درخواست دینے والے سائلین اور مختلف محکموں کے بارے میں شکایات کرنے والوں کی ہفتہ وار سماعت کرتے ہوئے کیا واضح رہے کہ گورنر ہاؤس کے شکایات سیل کے ذریعے کام کرنے والی کوارٹر کورٹ ایک باقاعدہ عدالت کی طرح کام کرتی ہے، جس کو قانونی اصطلاح میں کوارٹری کورٹ بھی کہا جاتا ہے سماعت کے دوران گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ تمام سرکاری محکمے اپنی سروس ڈیلوری کو موثر بنائیں،

بقیہ 9 تربیت

2 کروڑ 40 لاکھ افراد کو ذہنی صحت کی سہولیات درکار ہیں، ذہنی صحت، قومی صحت کے نظام میں شامل کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صرف 500 ماہرین نفسیات 24 کروڑ عوام کے لیے دستیاب ہیں، حکومت ٹیلی مینٹل ہیلتھ اور کمیونٹی ورکرز کی تربیت کے ذریعے خدمات بڑھا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ذہنی صحت کو قومی ترجیح بنایا جائے گا، سماجی نفرت کے خلاف آواز اٹھائیں،

بقیہ 10 فیض حمید

کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ فوج کا قانونی عمل منصفانہ ہے، اس پر بیانیہ بنایا جاتا ہے کہ فوج میں کسی کو شنوائی کا موقع نہیں دیا جاتا۔ (مگر) یہ فیلڈ جنرل کورٹ مارشل آپ کے سامنے ہو رہا ہے یہ خود اس بات کی گواہی ہے کہ فوج میں کسی کے خلاف قانونی کارروائی میں استغاثہ، دفاع، گواہان، جرح، شواہد کا پورا موقع دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کو تمام قانونی حقوق حاصل ہوتے ہیں، وہ اپنے لیے سول وکیل کرسکتے ہیں ایک لیگل پراسس جاری ہے، یہ اپنے حتمی اور منصفانہ انجام تک پہنچے گا۔

بقیہ 11 بھارت

کا درجہ دے دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ اعلان بھارتی وزیر خارجہ سبرامنیم جے شنکر نے کابل میں اپنے افغان ہم منصب امیر خان متقی کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ جے شنکر نے ملاقات کے دوران کہا کہ بھارت افغانستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور آزادی کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے

بقیہ 12 بشریٰ

برطرف کیا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ فرض کریں انعام اللہ نے مجھے قیمت کم لگانے پر 3 ارب 20 کروڑ کا فائدہ دیا۔ فرض کریں مئی 2021 میں اگر مجھے فائدہ دیا، پھر جولائی 2021 میں صرف 70 ہزار زائد تنخواہ لینے پر برطرف کیوں کر دیا؟، ہمارے خلاف پراسیکیوشن کا کیس ختم ہوتا ہے، جس کے حقائق ہی درست نہیں۔ بشریٰ بی بی نے کہا کہ نیب کا دائرہ اختیار نہیں، انکی سے لگائی گئی قیمت کو بطور شہادت پیش نہیں کیا جاسکتا۔ چیئرمین نیب نے بغیر اختیار 23 مئی 2024 کو وعدہ معاف گواہ صہیب عباسی کو معافی دی۔ انعام اللہ شاہ کے ذریعے صہیب عباسی کو کم قیمت لگانے کا پیغام دینے کا الزام درست نہیں۔ ایف آئی اے نے بھی تحقیقات نہیں کیں۔

بقیہ 13 خارجیوں

کو تین آپشنز دیے ہیں۔ ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پشاور میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ اب اسٹیٹس کو نہیں چلے گا، جو شخص یا گروہ کسی مجبوری یا فائدے کی وجہ سے خارجیوں کی سہولت کاری کر رہا ہے اس کے پاس تین چوائسز ہیں۔

بقیہ 14 عمران خان

10 مئی 2021 کے درمیان وصول کئے، اس پر نیب کیس بنا۔ بیان کے مطابق ایف آئی اے کے دائرہ اختیار کے حوالے سے توشہ خانہ رولز مکمل خاموش ہیں۔ اس بنیاد پر چوتھے جعلی توشہ خانہ کیس میں مجھے اور میری بیوی کو بری کرنا بنتا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ نومبر 2022 سے میرے خلاف ایسے من گھڑت کیسز بنائے جا رہے ہیں۔ انعام اللہ شاہ مرکزی گواہ ہے، جس پر اعتماد نہ کرنے کی وجوہات کی بنا پر نہیں کیا جاسکتا۔ عمران خان نے کہا کہ یہ دو ماہ قبل ہی 2 تنخواہیں لینے پر انعام اللہ شاہ کو وزیراعظم آفس سے برطرف کیا۔ انعام اللہ شاہ جہانگیر ترین کے ذول کے طور پر کام کر رہا تھا۔ انعام اللہ شاہ پہلے نیب ریفرنس میں بطور گواہ پیش ہوا تو بلغاری سیٹ کا ذکر تک نہیں کیا۔

بقیہ 15 بیرسٹر گوہر

مطالبہ ہے وزیراعلیٰ کا استعفیٰ فوری منظور کریں۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ گورنر یا وفاقی حکومت کو رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہیئے۔

بقیہ 16 ایف بی آر

15 کے بعد گوشوارے جمع کرانے والے "لیٹ فائلر" کیٹیگری میں آجائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے واضح کر دیا ہے کہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 اکتوبر ہے اور اس تاریخ کے بعد مزید کوئی توسیع قابل غور نہیں ہوگی۔ حکام نے ٹیکس دہندگان کو آخری تاریخ سے پہلے اپنے گوشوارے مکمل اور درست طور پر جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 17 مذہبی جماعت

اسلام آباد موٹروے اور جی ٹی روڈ کے راستے جزوی طور پر بند رہے، اسلام آباد اور راولپنڈی میں میٹرو اور الیکٹرک بس اور لاہور میں اورنج لائن ٹرین معطل رہی، موبائل سروس اور تعلیمی ادارے بند رہے، پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام ہونے والے لا کے امتحانات ملتوی کردیے گئے، نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا جبکہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی، فضائی نگرانی کی جاری رہی، موبائل سروس معطل ہونے کے باعث شہریوں کو عزیز و اقارب سے رابطے میں مشکلات کا سامنا رہا

بقیہ 18 نوبل انعام

فارم X (سابق ٹوئٹر) پر جاری بیان میں کہا کہ 'صدر ٹرمپ امن معاہدے کرتے رہیں گے، جنگوں کا خاتمہ اور جانیں بچاتے رہیں گے۔ ان کا دل ایک انسان دوست رہنما کا ہے، اور ان جیسا کوئی نہیں جو اپنی قوت ارادی سے پہاڑ ہلا دے۔' انہوں نے نوبل کمیٹی پر الزام لگایا کہ اس کے فیصلے سے ظاہر ہوتا ہے کہ 'انہوں نے امن پر سیاست کو ترجیح دی ہے۔ ناروے کی نوبل کمیٹی نے اعلان کیا کہ امسال کا امن انعام ماریہ کورینا مچاڈو کو دیا جا رہا ہے، جنہیں آزادی کے بہادر محافظوں میں سے ایک قرار دیا گیا جو آمرانہ نظام کے خلاف جرات مندانہ مزاحمت کر رہی ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ حالیہ ہفتوں میں امن کے عالمی ایجنڈے کے حوالے سے سرگرم ہیں۔ انہوں نے اسی ہفتے غزہ میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کا معاہدہ کرانے کا اعلان کیا، جسے عالمی سطح پر سراہا گیا۔ اگرچہ ٹرمپ نے نوبل کمیٹی کے فیصلے پر براہ راست ردعمل نہیں دیا، تاہم انہوں نے جمعے کی صبح اپنی سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ٹرتھ سوشل" (Social Truth) پر اپنے حامیوں کی خوشی منانے کی تین ویڈیوز پوسٹ کیں۔

بقیہ 19 علی امین گنڈاپور

پارلیمانی پارٹی اجلاس میں بھی علی امین گنڈاپور نے وزیراعلیٰ ہاؤس سے جانے کی بات کی تھی۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ علی امین گنڈاپور کے جانے کے بعد وزیراعلیٰ ہاؤس خالی رہ گیا ہے۔ علی امین گنڈاپور ڈی آئی خان اپنے اہل خانہ کے پاس پہنچ گئے

بقیہ 20 جنید انوار چوہدری

کی خریداری کا عمل تیز کر دیا ہے تاکہ 2026 تک قومی بیڑے کو 30 جہازوں تک وسعت دینے کا ہدف حاصل کیا جاسکے۔ اسلام آباد میں جمعہ کے روز ہونے والی بریفنگ میں پی این ایس سی انتظامیہ نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ فلیٹ توسیعی منصوبہ مقررہ رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے اور جہازوں کی خریداری کے اہم مراحل تکمیل کے قریب ہیں۔

بقیہ 21 ریمنٹس سروس

دیگر بس اڈے بند کردیے گئے ہیں، راستوں کی بندش کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس سے قبل شہر کے تمام اسکولوں اور یونیورسٹیز میں وقت سے قبل چھٹی دے دی گئی ہی ای او ایجوکیشن کے مطابق راستوں کی بندش کے باعث بچوں کو چھٹی دیدی گئی

بقیہ 22 وفاقی وزیرداخلہ

صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں امن عامہ یقینی بنانے کیلئے فیڈرل کانسٹیبلری کی استعداد کار بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ قیام امن کی ذمہ داری کی احسن طریقے سے ادائیگی کے لئے فیڈرل کانسٹیبلری کو ہر طرح سے مضبوط کیا جائے گا۔ فیڈرل کانسٹیبلری کے جوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق ٹریننگ کے لئے بیرون ممالک بھی بھیجا جائے گا۔

بقیہ 23 محمد اورنگزیب

ہے، سعودی عرب کے وژن 2030 سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سعودی سرمایہ کاروں اور اوورسیز چیمبر آف کامرس سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ آئی ایم ایف مشن کی سربراہی چیف ایوا پیٹروا نے کی جنہوں نے 24 ستمبر سے 8 اکتوبر تک کراچی اور اسلام آباد میں پاکستان کی اقتصادی ٹیم سے ملاقاتیں کیں، ان ملاقاتوں میں 7 ارب ڈالر کے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) اور 1 ارب 10 کروڑ ڈالر کے موسمیاتی تبدیلیوں کے پروگرام (آر ایس ایف) کے نفاذ کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آئی ایم

بلوچستان میں موبائل انٹرنیٹ 2 ماہ بند کرنیکی تجویز، پی ڈی ایکو مراسلہ ارسال

دہشتگردوں نے موبائل انٹرنیٹ اور جدید کمیونی کیشن ٹیکنالوجی کو رابطوں اور حملوں کی منصوبہ بندی میں استعمال کیا

پی ڈی اے نے مراسلہ موصول ہونے کے بعد متعلقہ اسٹیک ہولڈرز اور اداروں کیساتھ مشاورت کا آغاز کر دیا ہے

کوئٹہ (این این اے) وفاقی وزارت داخلہ و کوآرڈی نیشن کنٹرول نے بلوچستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی اور حساس سیکورٹی خدشات کے پیش نظر صوبہ بھر میں فوری اور فوری موبائل انٹرنیٹ سروسز کو دو ماہ کے لیے معطل کرنے کی تجویز پی ٹی اے کو ارسال کر دی ہے۔ وزارت کے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں حالیہ دنوں میں قومی اور فوری موبائل انٹرنیٹ سروسز کو دو ماہ کے لیے معطل کرنے کی تجویز پی ٹی اے کو ارسال کر دی ہے۔ وزارت کے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات کے پیش نظر یہ اقدام ناگزیر ہو گیا ہے۔ اس میں 61 سطور ہیں

ڈی ایچ اے اور کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کے برخاست ٹوئٹر اکاؤنٹس بحال

کوئٹہ (این این اے) سیکرٹری ایمنسٹی اسکیم کے چیئرمین جسٹس (ر) عبدالرحمان نے ٹوئٹر اکاؤنٹ بحال کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار ڈاکٹر ثناء اللہ بلوچ کے ٹوئٹر اکاؤنٹ کو 19 ستمبر کو ایکٹ کے تحت معطل کر دیا گیا تھا۔ سیکرٹری کے اکاؤنٹ کی بحالی کے خلاف درخواست دائر کی گئی تھی، جس پر جج نے ڈی ایچ اے اور کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ٹوئٹر اکاؤنٹس بحال کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی ایچ اے کوئٹہ کے ٹوئٹر اکاؤنٹ کو 2 ستمبر کو معطل کیا گیا تھا۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ٹوئٹر اکاؤنٹ کو 3 ستمبر کو معطل کیا گیا تھا۔ بقیہ 62 سطور ہیں

میجر سبطین حیدر کی شہادت ایک عظیم قومی نقصان ہے، زرک منڈوخیل

میجر سبطین حیدر مادر وطن پر جان قربان کرنے والے سپاہی تھے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان اسمبلی کے رکن اسمبلی زرک منڈوخیل نے میجر سبطین حیدر کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میجر سبطین حیدر مادر وطن پر جان قربان کرنے والے سپاہی تھے، جنہوں نے بہادری اور جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور بالآخر جام شہادت نوش کیا۔ ان کی شہادت ایک عظیم قومی نقصان ہے، ہم ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ بقیہ 63 سطور ہیں

جمہوری عمل میں استحکام سیاسی مستقبل کیلئے ناگزیر ہے، حافظ حمد اللہ

کے پی کے گورنر بغیر این او سی دریا میں داخل ہوئے، ہم آپ کا احسان مند ہیں، محمود خان

کوئٹہ (این این اے) جمعیت علماء اسلام (ف) مرکزی رہنما اور سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ جمہوریت کو کمزور کرنے کی کوشش قومی مفاد کے منافی ہے، جمہوری عمل میں استحکام سیاسی مستقبل کیلئے ناگزیر ہے، حافظ حمد اللہ نے کہا کہ آئین کی بالادستی اور جمہوریت کو مضبوط بنانا ہی ہماری اولین ترجیح ہے۔ بقیہ 64 سطور ہیں

گوادر: مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کمشنر مکران قادر بخش بروہی و دیگر ڈیسلی نیشن پلانٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

بلوچستان کے وسائل بے دریغ لوٹنے کی اجازت نہیں دینگے، شکریہ رئیسانی

مائنز اینڈ منرل ایکٹ کا از سر نو جائزہ لیکر بلوچستان کے وسائل کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، سابق سینیٹر

نروا اقدامات کیخلاف نوجوانوں، خواتین اور سیاسی ورکروں کو متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا، سینئر سیاستدان

کوئٹہ (این این اے) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل کے تحفظ کیلئے ہر سطح پر جدوجہد کی اشد ضرورت ہے، بلوچستان کے وسائل پر کسی بھی قسم کی سودے بازی قطعی طور پر قابل قبول نہیں، ہم اپنے وسائل کو ہرگز لوٹنے نہیں دیں گے کیونکہ یہ آنے والی نسلوں کی امانت ہے۔ مائنز اینڈ منرل ایکٹ کا ازسرنو جائزہ لیکر بلوچستان کے مفاد کو یقینی بنایا جائے، ہم اپنے وسائل پر کسی بھی قسم کی سودے بازی قطعی طور پر قبول نہیں کریں گے، بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق بلوچستان کے عوام کا ہے، ہم اپنے وسائل کو ہرگز لوٹنے نہیں دیں گے۔ بقیہ 65 سطور ہیں

صوبائی وزیر تعلیم محمد کاکڑ، معروف بلوچ دانشور ڈاکٹر شاہ محمد مری، بلوچستان یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالصمد رئیسانی و دیگر معزز مہمان کتاب کی رونمائی کر رہے ہیں

بلوچستان کی سرزمین ہزاروں سال پرانی تہذیبوں کی امین ہے، زرین خان مکسی

بلوچ، براہوئی و پشتون اقوام نے مل کر اس خطے کی ثقافت کو منفرد رنگ بخشا ہے، پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت

گریٹر نوروز فیسٹیول بین الاقوامی سطح پر بلوچستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں سنگ میل ثابت ہوگا، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این اے) پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت محترمہ زرین خان مکسی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی سرزمین ہزاروں سال پرانی تہذیبوں کی امین ہے، بلوچ، براہوئی اور پشتون اقوام کی ثقافت کو منفرد رنگ بخشتا ہے، یہ خطہ اپنی روایات، ثقافت، زبان اور موسیقی کے ذریعے دنیا بھر میں اپنی الگ پہچان رکھتا ہے۔ وہ جمعرات کو گریٹر نوروز میوزیکل فیسٹیول کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ بقیہ 66 سطور ہیں

مستوگ و سوراب سے نومولود اور نامعلوم شخص کی نعشیں برآمد

مستوگ میں کنڈور سے نامعلوم اور سوراب میں پکھر دان سے نومولود بچی کی نعشیں ملیں

نومولود بچے کے والد سے پکھر دان سے ایک نومولود بچی کی نعش ملی تھی، پولیس

مستوگ و سوراب (نامہ نگار) مستوگ میں کنڈور سے نامعلوم اور سوراب میں پکھر دان سے نومولود بچی کی نعشیں ملیں، پولیس کے مطابق کنڈور سے 2 نوزائد نعشیں برآمد، تفصیلات کے مطابق کنڈور سے مستوگ کے علاقے چوکی کے قریب سے ایک کنڈور سے نامعلوم شخص کی نعش ملی، دوسرا واقعہ سوراب کے علاقے پکھر دان میں پیش آیا، پولیس کے مطابق نومولود بچے کو پیدائش کے فوراً بعد پھینک دیا گیا تھا، پولیس نے بچے کا والد سے پکھر دان سے گرفتار کر لیا، ملزم نے اعتراف کیا کہ بچہ اس کی ناجائز اولاد تھا، ملزم کی نشاندہی پر پولیس ٹیم نے بچے کی نعش برآمد کی، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ بقیہ 67 سطور ہیں

امان اللہ کنرانی چیف کمشنر پاکستان بوائز سکاؤٹس منتخب

تین نئے عہدیداروں کی حلف برداری کی تقریب کل ہوگی

کوئٹہ (پ ر) چیف کمشنر پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن منتخب ہو گئے، انتخابات کے نتائج کے مطابق امان اللہ کنرانی 10 ووٹ لے کر چیف کمشنر پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن منتخب ہو گئے، ان کے مدمقابل سید ہاشم آباد میں 3 ووٹ لے سکے، چیف کمشنر بلوچستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے خصوصی اجلاس میں نتائج کا اعلان کیا گیا، اجلاس کی صدارت چیف کمشنر بلوچستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن میر محمود خان بلوچ نے کی۔ بقیہ 68 سطور ہیں

نصیر آباد: صوبائی وزیر سردار دوست محمد خان رئیسانی و دیگر معزز شخصیات کتاب کی رونمائی کر رہے ہیں

جمعیت نظریاتی کے زیر اہتمام جمعۃ اجتماعات میں عالم اسلام کے اتحاد و اتفاق کیلئے دعائیں

مصر میں حماس مجاہدین و اسرائیل کے درمیان امن معاہدہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اللہ پاک سے دعا کی گئی

اب بھی وقت ہے مسلم امہ اپنے چھوٹے موٹے اختلافات بھلا کر اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرے، مفتی شیخ الدین المدنی

کوئٹہ (این این اے) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کی اپیل پر جمعہ کے اجتماعات میں فلسطین خود مختار حکومت کے قیام و مجاہدین کے لیے خصوصی دعائیں کی گئی اور امت المقدس کی مکمل آزادی کیلئے

بلوچستان حکومت کا ایک اور کارکاؤس ایف ایس سی پوزیشن ہولڈرز میں الیکٹرک سکوٹیز تقسیم

صوبے کے بچوں کے انتہائی نامساعد حالات میں تعلیمی سلسلہ جاری رکھا، صوبائی وزیر مشیر بخت کاکڑ

تعلیم کے شعبے میں میرٹ کی بحالی پی ٹی وی اردو پروگرام کے تحت سکوٹیز تقسیم کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر مشیر بخت محمد کاکڑ اور صوبائی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت میر جمیل الرحمان بلیدی نے پبلک سروس کمیشن کے ذریعے 2024ء کے ایف ایس سی کے پوزیشن ہولڈر طلباء و طالبات میں الیکٹرک سکوٹیز تقسیم کیں اس موقع پر چیئرمین بلوچستان بورڈ محمد اسحاق اور ڈپٹی ڈائریکٹر شمس اللہ خان کاکڑ بھی موجود تھے چیئرمین بورڈ محمد اسحاق نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور طلباء کیلئے الیکٹرک سکوٹیز تقسیم کیں اس موقع پر صوبائی وزراء نے کیا کہا طلباء سے اپنے خطاب میں صوبائی وزراء نے کیا کہا کہ صوبے ..... بقیہ 37 سطور ہیں

کوئٹہ میں میڈیکل سٹور میں ڈکیتی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (پ ر) صوبائی ہیومن رائٹس کمیشن ہٹ شیرانی ٹاؤن کمشنر کوئٹہ و ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی آفس و دارالامان کا دورہ کیا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر میڈیکل سٹور میں ڈکیتی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار، 21 لاکھ روپے کی نقدی اسلحہ اور دارالامان میں استعمال ہونے والی گاڑی برآمد، ایس ایس پی کوئٹہ کے مطابق ملزمان نے 6 لی ٹی ایف فارمی میڈیکل اسٹور میں 2 اکتوبر کی صبح سات بجے دو مسلح افراد داخل ہوئے اور کاؤنٹر سے 22 لاکھ روپے کی نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے، صدر سٹی پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سرکل آر ایم پی انویسٹی گیشن ہنگ منٹ کو سونپ دیا گیا

بلوچستان حکومت کی بڑی انتظامی تبدیلی، 111 اسکول دوبارہ فعال کر دیئے

این ایچ ڈی، بی ای ایس، پاک فوج اور ڈی سینز کے بھرپور تعاون کیا، محکمہ تعلیم

حکومت نیشنی بنیاری ہے کہ بلوچستان میں کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) بلوچستان حکومت نے تعلیمی میدان میں ایک بڑی پیش رفت کرتے ہوئے مجموعی طور پر 3,144 اسکولوں کو دوبارہ فعال کر دیا، جس سے 81 ہزار سے زائد بچوں کو تعلیم کے دوبارہ مواقع میسر آئے ہیں۔ محکمہ تعلیم بلوچستان کے ترجمان کے مطابق 3,862 غیر فعال اسکولوں میں سے 111 اسکول ایسے تھے جن کی تاریخ شدید نوعیت کی تھی، جبکہ 3,144 اسکولوں کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے 1641 نئے اساتذہ کی بھرتی کی گئی۔ ان کامیابی میں اساتذہ کی بڑی تعداد کو پہنچانے کے لیے 1,866 گاڑیاں بھی مختص کی گئیں، جن کے لیے 81 فیصد اسکول بحال کیے گئے۔ ان کامیابی میں محکمہ تعلیم بلوچستان، این ایچ ڈی، بی ای ایس، پاک فوج اور ڈی سینز کے بھرپور تعاون کا اعتراف کیا گیا۔ بقیہ 42 سطور ہیں

پولیو مہم کو کامیاب بنانے کیلئے 1641 نئیمیں تشکیل دی گئی ہیں، ڈی سی کوئٹہ

13 اکتوبر سے شروع ہونیوالی مہم میں 4 لاکھ 67 ہزار سے زائد بچوں کو ٹھرپ پلائے جائیں گے، اجلاس کے خطاب

کوئٹہ (ش ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ بادینی کی زیر صدارت 13 اکتوبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ایک اہم ریویو میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ڈی ای او ڈاکٹر ذوالفقار علی، ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر عبدالرزاق، ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر محمد عارف، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، متعلقہ محکموں کے نمائندگان اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 13 اکتوبر سے شروع ہونیوالی انسداد پولیو مہم کے انتظامات، تشہیر اور ٹیموں کی تشکیل سمیت مختلف امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ بقیہ 42 سطور ہیں

دلبندین، گاڑی الٹنے کے باعث 1 شخص ہلاک، 2 افراد زخمی

حادثے میں مقتول کا بیٹا بھی شدید زخمی، 2 افراد کی حالت تشویشناک

دلبندین (نمائندہ خصوصی) چاغی شاہراہ پر ڈاک ریسنگ ایریا میں خوفناک حادثہ، ایک شخص جاں بحق، دو شدید زخمی، بچاؤ کے دوران ریسکیو 1122 کی گاڑی ریسنگ ایریا سے ٹکرا گئی، ڈرائیور اور اسسٹنٹ سمیت 3 اہلکار زخمی ہوئے، زخمیوں کو فوری طور پر ڈاک ریسنگ ایریا سے تربت منتقل کیا گیا، ایک زخمی کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث اسے سول اسپتال چاغی ریفر کر دیا گیا، ڈاک ریسنگ ایریا سے اسسٹنٹ ماہ بیگ کی لاش کے نیچے سے ..... بقیہ 43 سطور ہیں

وفاقی وزیر صحت سے سیکرٹری صحت بلوچستان کی ملاقات

جلد ہی بلوچستان کے صحت کے مسائل اور ترجیحات پر اہم اجلاس بلایا جائے گا، مصطفیٰ کمال

کوئٹہ (این این اے) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے جیب الرحمان سیکرٹری صحت بلوچستان کی سربراہی میں وفد کی ملاقات ہوئی، ملاقات میں صحت کے شعبے کی بہتری کے لئے مشترکہ حکمت عملی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں صحت کے شعبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت اور ان کی تکمیل کے حوالے سے بھی تفصیلی بات چیت کی گئی۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے بلوچستان کے صحت کے مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ بقیہ 44 سطور ہیں

سیلاب متاثرین کیلئے مکانات کی مفت تعمیر جاری ہے، آئی ایف آر پی

مکانات کے ڈیزائن قدرتی آفات سے تحفظ کے مطابق تیار کئے گئے ہیں، پروجیکٹ ڈائریکٹر راشد رزاق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پروجیکٹ ڈائریکٹر راشد رزاق نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ رکھنے کشن یونٹ (IFRAP) وفاقی حکومت کے تعاون سے سیلاب سے متاثر بلوچستان کے 33 اضلاع میں 2 لاکھ 84 ہزار زیر تعمیر مکانات کی مفت تعمیر کے منصوبے میں ہر مرحلے پر شفافیت ..... بقیہ 45 سطور ہیں

نظام کی تبدیلی سے ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے، حافظ حسین احمد شرودی

14 اکتوبر مفتی محمود کانفرنس کے نتائج پورے ملک مثبت مرتب ہوں گے، اجتماعات سے خطاب

کوئٹہ (این این اے) جمعیت علماء اسلام حضرت مولانا فضل الرحمان کے صاحبزادے مولانا حافظ حسین احمد شرودی نے کہا ہے کہ نظام کی تبدیلی سے ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے، ملک کو درپیش مسائل کا حل صرف اور صرف جمعیت علماء اسلام کے پاس ہے، ملک کے تمام مسائل کی ذمہ دار نااہل حکومت ہے، ملک کو اس نااہل حکومت سے نجات دلانا ہوگی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ..... بقیہ 46 سطور ہیں

انصاف تک رسائی کو مزید بہتر بنایا جائے گا، ہیر سٹر عقیل ملک

منصفانہ، بروقت اور قابل رسائی انصاف وزارت قانون کے وژن کا بنیادی ستون ہے

اسلام آباد (پ ر) وزیر قانون و پارلیمانی امور ہیر سٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ انصاف تک رسائی کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے انسانی حقوق کے فروغ و وقار ..... بقیہ 49 سطور ہیں

ایشیا کپ 2025 کی ٹرافی کو دبئی میں تالے میں رکھ دیا گیا

محسن نقوی کی سخت ہدایت سے ٹرافی کو ہاتھ لگایا جائے نہ کسی کو دی جائے، بھارتی میڈیا

کینبرا (پ ر) ایشیا کپ 2025 کی ٹرافی کو دبئی میں آئی سی سی کے ہیڈ کوارٹر میں رکھ دیا گیا ہے، بھارتی میڈیا کے مطابق محسن نقوی کی سخت ہدایت ہے ٹرافی کو ہاتھ لگایا جائے نہ ہی کسی کو بطور اعزاز دی جائے گی، بھارتی ٹیم جب چیئرمائن الیون کے سربراہ سے ٹرافی وصول کرنے آئی تو انہوں نے ..... بقیہ 50 سطور ہیں

کوئٹہ: سابق سینیٹر اوریا مقبول کی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کا پہلا انوائرمنٹ وائس ایپ چیٹ باکس متعارف

چیٹ باکس شہریوں کے ماحول سے متعلق ہر سوال کا جواب دے گا

لاہور (پ ر) پاکستان میں پہلی بار انوائرمنٹ وائس ایپ چیٹ باکس متعارف کرا دیا گیا، جس کا مقصد پاکستان میں ماحول سے متعلق ہر سوال کا جواب دینے کے ساتھ ساتھ عوام کو ماحولیاتی مسائل سے آگاہی فراہم کرنا ہے۔ وزیر ماحولیات پنجاب نے پاکستان کے پہلے انوائرمنٹ وائس ایپ چیٹ باکس کا افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر ماحولیات پنجاب نے کہا کہ ..... بقیہ 50 سطور ہیں

کے پی، اپوزیشن کا وزیر اعلیٰ کیلئے مشترکہ امیدوار لانے کا اعلان

فلور کراسنگ، ایکٹ نافذ نہیں، دیکھتے ہیں کتنے لوگوں کو ضمیر جگاتا ہے، اختیار ولی

پشاور (پ ر) اپوزیشن کا وزیر اعلیٰ کیلئے مشترکہ امیدوار لانے کا اعلان کر دیا، خیبر پختونخوا میں اپوزیشن لیڈر اختیار ولی خان نے پشاور پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ اپوزیشن کا مشترکہ امیدوار لایا جائے گا، ہم نے اس حوالے سے مشاورت کی ہے،